کنز الحسین
ترجمہ
خزانہ دارین
موئفہ
غلام حسین
شیراز نوری بکڈپو نئی دہلے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عامل بنانے والی کتاب

خزانۂ دارین

اور

دولتِ کونین

اردو ترجمہ

کنز الحسین

مصنف و مؤلف

ماہر نجوم و رمل اور علم سماوی شیراز شاہ صاحب

شیراز نوری تاجران کتب ڈپو نئی دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسول محمدؐ وآلہ واصحابہ وازواجہ اجمعین۔

بعد حمد اور صلوٰۃ کے فقیر حقیر سید غلام حسین رمال ابن سید محمد مرحوم ومغفور جو کہ خاندانی لحاظ سے رضوی سید اور شاہجہان آباد کا قدیم باشندہ ہے۔ گیارہ سال ہوئے وطن سے نکل کر دکن کی طرف آیا۔ اور سات سال تک ان شہروں میں پھرتا اور علم وعمل کی جستجو میں بڑے بڑے عامل لوگوں کی شاگردی کرتا رہا۔ باکمال بزرگوں کی خدمت میں رہ کر ان سے فیض حاصل کیا۔ سات برس کے عرصہ میں علوم علوی، سفلی اور رمل میں مہارت حاصل کرکے سیر وسیاحت کی غرض سے شہر لکھنؤ میں وارد ہوا۔ جہاں بادشاہ عالی جاہ غازی الدین حیدر۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت میں داخل کرے۔ کی ملازمت میں داخل ہوا۔ اور اس علاقہ کے عامل وکامل لوگوں سے بھی علم وکمال حاصل کیا۔ کشش آب ودانہ لکھنؤ سے بہرائچ میں لے گئی۔ چنانچہ بہرائچ میں بھی کئی برس تک مقیم رہا۔ اور اس جگہ کے ایک باکمال بزرگ جن کا نام نامی مفتی شمس الحق کی شاگردی اختیار کی۔ جو فن رمل میں یکتائے زمانہ تھے۔ اور علم رمل پورے طور پر حاصل کیا۔ اور دوسرے علوی اعمال کا بھی فیض پایا۔

تین سال بہرائچ میں قیام کے بعد پھر لکھنؤ میں آیا۔ اور اس شہر کے ایک گوشہ میں قیام کرکے علم رمل کی کتابوں کے مطالعہ اور اسماء حسنٰے باری تعالیٰ اور دیگر آیات قرآنی کے اعمال کا تجربہ کرنے میں مصروف ہوگیا۔

جب اعمال وتکسیر کے نقوش اور عملیات سفلی کا تجربہ حاصل کیا تو لوگوں میں احکام رمل کی صداقت کا شہرہ ہوا اس وقت نواب قدسیہ محل سلطان بانو کے حضور سے طلبی کا حکم ہوا۔ وہاں حاضر ہونے پر جب رمل وعمل کے امتحان میں پورا اترا تو نواب ممدوحہ کے دربار میں ملازمت حاصل ہوگئی۔ اور عالی لوگوں کی جماعت میں عزت کے ساتھ شامل ہوا۔

دوستوں کے بہت زیادہ اصرار پر عامۃ الناس کے فائدے کے لئے باوجود کم فرصتی کے چند باتیں جو کہ پندرہ سال سے برابر میرے تجربہ میں چلی آ رہی ہیں۔ رمل کے حوالہ قلم کرنے کا ارادہ کیا۔

کیونکہ رمل کے متعلق بیشتر ازیں علیحدہ چند چھوٹے چھوٹے رسالہ جات قلم بند کر چکا ہوں اور اور بھی کر دوں گا۔ ان اوراق میں جن کو کتابی صورت میں نظر ناظرین کیا جا رہا ہے وہ تمام درج کر دی گئی ہیں جو کہ علوی تکسرات اور مہوسات کے متفرق اعمال میں تجربتہ درست نکلی ہیں۔

یہ کتاب ۱۲۵۰ھ میں بعہد شاہ نصیر الدین حیدر خلد اللہ ملکہ کے مکمل کی۔ امید ہے کہ کامل حضرات کی نظروں میں دقیع ثابت ہوگی۔ اور نااہل لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رکھی جائے گی۔ عملیات نادرہ کے موتیوں کی اس معدن کا نام کنزالحسین رکھا گیا ہے۔ کیونکہ اس کتاب کے متعلق بے بہا خزانہ ہونے کا دعویٰ ہے۔ اور میرے نام کا یہ جمع بھی ہے۔

مصرعہ۔

ہستم از جان و دل غلام حسین

اس کتاب کی ترتیب میں نے سات ابواب میں کی ہے۔ تاکہ تلاش مطلب میں وقت کا سامنا نہ ہو۔ ارباب فن سے امید ہے کہ وہ خاکسار کی غلطیوں اور بھول چوک کی طرف نظر نہ فرمائیں گے۔ بلکہ اغلاط کو دامن عفو میں چھپالیں گے۔

علیہ التکلان وہو الرفیق۔

باب اول: اسمائے الٰہی کی ترکیب اعداد، ان کی صحت اور انکے اعمال کے بیان میں

باب دوم: آیات قرآنی کے مجرب عملیات اور ان کی چلہ کشی کے بیان میں

باب سوم: تکسیر نقوش دیو آیات قرآنی کے اعداد سے ہے، حسد و بغض اور فتوحات کے نقوش کے بیان میں۔

باب چہارم: حصار۔ رفع آسیب۔ حاضرات کے فلیلے، بلاؤں کا دفعیہ، چوکیوں اور تسخیر کے بیان میں۔

باب پنجم: عمل کے وقت کی پہچان۔ نقش بنانے۔ زکوٰۃ عمل دینے، منحوس اور سعید ساعت کے حالات معلوم کرنے اور ستاروں کی تسخیر کے بیان میں۔

باب ششم۔ متفرق اعمال۔ تکسیرات اور استخارہ کی چند تراکیب کے بیان میں۔

باب ہفتم: نسخہ جات کیمیا اور ہوس لوگوں کے اعمال جو خاکسار کے عمل اور تجربے میں

ہر ایک باب شرح و البسط سے لکھا گیا ہے۔ اور بیر الیقین ہے کہ یہ تمام اعمال نادرات میں سے ہیں۔ جو ہر شخص دیکھنے سننے میں بھی نہ آئے ہوں گے۔ جو شخص ان کا تجربہ کرے اور درست پائے تو وہ اس خاکسار کو فاتحہ، چلہ کشی اور دعوت کے موقعہ پر فراموش نہ کرے۔ بلکہ دعائے خیر سے یاد کرے۔ کہ خداوند غفور الرحیم اپنے فضل و کرم سے اس گنہگار کو بخشے اور سب توفیق اللہ ہی کو ہے۔

پہلا باب

اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔ جاننا چاہیئے کہ باری تعالیٰ عز اسمہ کے ننانوے نام ہیں۔ جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں و اللہ الاسماء الحسنیٰ، کے الفاظ سے بیان فرمایا ہے۔ یہ اسماء تین قسم کے ہیں۔ ۱۔ جلالی ۲ جمالی ۳ مشترک۔

پس ضروری ہے کہ ہر کام کے آغاز کے وقت اسمائے مبارکہ پر غور کرے اور دیکھے کہ کونسا اسم کس کام سے تعلق رکھتا ہے۔ پھر اپنے نام کے موافق کوئی نام ان اسماء میں سے لے کر مجموعہ کے اعداد کے مطابق طالب اللہ تعالیٰ کے نام کا ورد کرے۔ تاکہ مقصد حاصل ہو۔

مگر پیشتر ازیں حروف تہجی کے اعداد کا قاعدہ بیان کرتا ہوں تاکہ طالب تمام قواعد پر قادر ہو اور علاوہ ازیں خدا کے اسمائے مبارکہ کے موکلات کی تشریح بھی کرتا ہوں۔ کہ کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہ ہو سکے۔

حروفِ تہجی اٹھائیس (۲۸) اور ان کی ترتیب معہ اعداد یہ ہے

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۲۰	۴۰	۴۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اب حروف تہجی کی عناصر اربعہ سے جو نسبت ہے اس کو سمجھنا چاہیئے ۔ وہ یہ ہے : ۔

آتشی حروف : ا ۔ ہ ۔ ط ۔ م ۔ ف ۔ ش ۔ ذ ۔

خاکی حروف : ب ۔ و ۔ ی ۔ ن ۔ ض ۔ ت ۔ ص

آبی حروف ۔ ح ۔ ل ۔ ع ۔ ر ۔ خ ۔ غ

اس کے علاوہ ہر حرف کا ایک ایک موکل ہوتا ہے جو اس کے ہمراہ ہی ہے اس کی ترتیب حسب ذیل ہے ۔

دائرہ حروف معہ موکل

حروف	موکل	حرف	موکل	حرف	موکل	حرف	موکل
ا	اسرائیل	د	دروائیل	ض	علکائیل	ک	صروزائیل
ب	جبرائیل	ذ	ابرائیل	ط	اسمائیل	ل	طاطائیل
تے	عزرائیل	ر	امواکیل	ظ	تورائیل	م	روبائیل
ث	میکائیل	ز	سرفائیل	ع	لوبائیل	ن	عولائیل
ج	کلکائیل	س	ہمواکیل	غ	لونخائیل	و	زفتمائیل
ح	تنکفیل	ش	ہمزائیل	ف	سرحمائیل	ہ	دوربائیل
خ	مہکائیل	ص	اہجمائیل	ق	عطرائیل	ی	سرکتائیل ۔

حروف اور ان کے موکلوں کو سمجھ لینے کے بعد اب حروف کی طبائع اور ان کی سمتوں کا جان لینا ضروری ہے ۔ چنانچہ وہ یہ ہیں ۔

سب آتشی حروف : ا ۔ ہ ۔ ط ۔ م ۔ ف ۔ ض ۔ ذ مشرقی ہیں یعنی ان کی سمت مشرق ہے

سب خاکی حروف : ب ۔ د ۔ ی ۔ ن ۔ ص ۔ ت ۔ ض جنوبی ہیں ۔

سب بادی حروف ۔ ج ۔ ز ۔ ک ۔ س ۔ ق ۔ ث ۔ ظ ۔ مغربی ہیں ۔

سب آبی حروف : د ۔ ح ۔ ل ۔ ع ۔ ر ۔ خ ۔ غ شمالی ہیں ۔

حروف تہجی کا قاعدہ شرح و بسط کے ساتھ دریافت کر چکنے اور ان کے موکلوں کے

حروف تہجی کا قاعدہ شرح وبسط کے ساتھ دریافت کر چکنے اور ان نام سمجھ لینے کے بعد اب اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ کی طرف توجہ کرنی چاہیئے۔ جو قرآن مجید میں جگہ بجگہ آئے ہیں اور کہ جن کی تعداد ننانوے (۹۹) ہے جو کہ بھلائی اور خیر سے معمور ہیں۔ جس نام سے چاہیں اللہ تعالیٰ کو پکاریں۔ سب مرادیں برلائے گا۔ اگر کوئی شخص ان اسمائے مبارکہ میں سے کسی ایک اسم ہی کا عامل ہو جائے تو وہ دین و دنیا کے تمام حکام پر حاکم ہو جائے اور وہ کسی طرح پر بھی محتاج اور لاچار نہ رہے گا۔

خدا کے اسماء کے اسناد بیان کرنے کی کسی کو تاب و طاقت نہیں، ملائکہ مقربین بھی عاجز ہیں پھر میری کیا مجال کہ کچھ بیان کر سکوں۔ صرف دل کی تسلی اور دنیاوی مطالب کے متعلق جس قدر بھی ان کے اسناد کمترین تک پہنچے ہیں۔ تحریر کرتا ہوں۔ اس حقیر نے بڑی کوشش اور جستجو کر کے انتہائی سرگرمی اور جد و جہد سے باکمال استادوں اور عطائیوں سے صحت کے ساتھ حاصل کر کے سپرد قلم کیا ہے۔ اس کو جان سے بھی زیادہ عزیز رکھنا چاہیئے۔

اب میں جہاں تک کہ مجھ کو علم ہے تشریح کرتا ہوں۔ ناظرین ہی انصاف فرمائیں کہ اسرار حریم غیب کا پردہ اٹھا کر مطالب دینی اور دنیوی کے شاہد کو اپنے شاگردوں اور برادران ایمانی کے لیئے کس طرح نقد خالص کو ایک جگہ اکھٹا کر دیا ہے۔ یہ بات کسی اور جگہ تلاش کرنے میں بہت کم پائیں گے اور جس طریق سے میں نے لکھا ہے، دوسری جگہ ویسا ہرگز نہ پائیں گے۔ ایک عمر تک کسی درویش کامل کی خدمت کرنے پر ہی شاید یہ دولت عظیم میسر ہو۔ مجھ کمترین کو دعائے خیر سے یاد کریں اور ان اسمائے الٰہی کی تشریح معہ موکلوں کے ناموں کے یہ ہے۔

تشریحِ اسمائے الحسنیٰ معہ اسماء موکیل

اسماء الحسنیٰ	معنی	اعداد	جلالی جمالی مشترک	نام موکلات	عنصر
الملک	بااختیار بادشاہ	۹۰	مشترک	یا حرورائیل روبائیل	خاکی
القدوس	پاک شہنشاہ	۱۷۰	جمالی	یا ہمزائیل عطرائیل	آبی
السلام	ہمیشہ قائم و پاک	۱۳۱	//	یا ردمائیل ہموائیل	بادی
المومن	بیخوف اور باامن کرنے والا	۱۳۰۱	//	یا رومائیل حولائیل	آتشی۔

المہمن	سچا گواہ	۱۴۵	جمالی	یا کلکائیل سرکتائیل	آتشی
العزیز	غالب	۹۴	″	یالوبائیل عزرائیل	″
الجبار	زور کرنے والا	۲۶۶	″	یاردبائیل اہرائیل	″
المتکبر	بڑائی والا	۶۶۲	″	یاردبائیل اہرائیل	خاکی
الخالق	پیدا کرنے والا	۷۳۱	″	یامیکائیل نورائیل	″
الباری	زمانہ پیدا کرنیوالا	۲۱۲	مشترک	یا جبرائیل اہرائیل	آتشی
المصور	صورتیں بنانیوالا	۲۳۶	جمالی	یا اجمائیل سرحمائیل	″
الغفار	بخشنے والا	۱۲۸۱	″	یالوخائیل رحمائیل	″
القہار	ظالموں پر قہر کرنیوالا	۳۰۶	جلالی	یادردائیل عطرائیل	خاکی
الوہاب	بخشنے والا	۱۴	جمالی	یارفتمائیل جبرائیل	″
الرزاق	روزی عطا کرنیوالا	۳۰۸	″	یا اسرافیل حرقائیل	آتشی
الفتاح	کھولنے والا	۴۸۹	″	یاسرخائیل تمکفیل	″
الحلیم	سب کچھ جاننے والا	۱۵۰	″	یالوبائیل روبائیل	خاکی
القابض	قبض کرنیوالا	۹۰۳	جلالی	یا عطرائیل عطرکائیل	بادی
الباسط	روزی میں وسعت کرنیوالا	۷۲	جمالی	یا جبرائیل اسماعیل	″
الرافع	بلند کرنے والا	۳۵۱	″	یاسرحمائیل لوبائیل	″
الخافض	نیچے لیجانے والا	۱۴۸۱	جلالی	یامیکائیل عطکائیل	آتشی
المعز	عزت کرنے والا	۱۱۷	جمالی	یارونائیل لوبائیل	خاکی
السمیع	سب کچھ جاننے والا	۱۸۸	″	یا سمرائیل سراکیطائیل	آتشی
البصیر	ظاہر و باطن دیکھنے والا	۳۰۲	″	یابرائیل سرحمائیل	خاکی
الحکیم	حکمت والا	۷۸	جلالی	یا تنکفیل یادرائیل	آتشی
العدل	انصاف کرنیوالا	۱۰۴	مشترک	یا طاطائیل لوبائیل	″
اللطیف	پاکیزہ دامن	۱۲۹	جمالی	یا اسماعیل ردہائیل	″
الخبیر	ظاہر و باطن سے خبردار	۸۱۲	″	یامیکائیل دردبائیل	″
الرقیب	محافظ حقیقی	۳۱۲	″	یا عطرائیل سراکیطائیل	″

المجیب	دعا قبول کرنے والا	۹۵	جمالی	یا میکائیل وروبائیل	بادی
الواسع	بہت عنایت کرنیوالا	۱۳۷	"	یا عطرائیل سرکیطائیل	آتشی
الحکم	کاموں کو درست کرنیوالا	۶۸	"	یا لعکائیل جبرائیل	خاکی
الودود	نیکوں کو دوست رکھنے والا	۲۰	"	یا رقمائیل لوبائیل	آتشی
المعظم	بہت بزرگ	۱۰۵	"	یا تنکفیل عزورائیل	"
الغفور	بخشنے والا	۱۲۸۶	"	یا لومائیل اسمائیل	خاکی
الشکور	شکر قبول کرنیوالا	۵۲۶	"	یا لومائیل رحمائیل	"
العلی	برتر سے برتر	۱۱۰	"	یا لومائیل سرکیطائیل	"
الکبیر	تمام سے بزرگ	۲۳۲	"	یا عزورمائیل جبرائیل	آتشی
الحفیظ	حفاظت کرنے والا	۹۹۸	"	یا سرحمائیل اذرائیل	خاکی
المقیب	توانا قوت دینوالا	۷۵۰	"	یا رومائیل عطرائیل	آتشی
الحسیب	حساب کرنیوالا	۸۰	مشترک	یا حمائیل سرکیطائیل	"
الجلیلو	بہت بزرگ	۷۳	جلالی	یا کلکائیل جبرائیل	"
الکریم	بہت کریم	۲۷۰	"	یا نورائیل اہرائیل	خاکی
المجید	سب سے بزرگ	۵۷	"	یا رومائیل الکائیل	آتشی
الباعث	بھیجنے والا رسولوں کا	۵۷۳	مشترک	یا جبرائیل میکائیل	"
الشہید	مردوں کا زندہ کرنیوالا	۳۱۹	"	یا عطرائیل تنکفیل	بادی
الحق	سچا گواہ	۱۰۸	جمالی	یا عطرائیل تنکفیل	آتشی
الحمید	سراہا گیا	۶۲	"	یا تنکفیل میکائیل	خاکی
المحصی	شمار کرنے والا	۱۴۸	"	یا احمائیل سرکیطائیل	آتشی
المبدی	دوبارہ کرنے والا	۵۶	جلالی	یا دردائیل جبرائیل	"
المعید	وعدہ کرنے والا	۱۲۴	"	یا رومائیل سرکیطائیل	"
المحی	زندہ کرنے والا	۶۸	جمالی	یا حمرائیل تنکفیل	"
الممیت	مار ڈالنے والا	۴۹۰	جلالی	یا رومائیل سرکیطائیل	آتشی
الحی	زندہ کرنے والا	۶۸	جمالی	یا حمرائیل تنکفیل	"

اسماء الحسنیٰ	معنی	اعداد	جلالی جمالی مشترک	نام موکلات	عنصر
الواحد	کارساز یکتا	۱۴	جمالی	یا کلکائیل وزردائیل	خاکی
الاحد	اکیلا	۱۳	"	یا تنکفیل وردائیل	"
الصمد	پاک بے نیاز	۱۳۴	"	یا اجمائیل رو بائیل	"
القادر	توانا مقدور والا	۳۰۵	جلالی	یا عیطرائیل دہرائیل	آتشی
المقتدر	قوی۔ تقدیر کرنیوالا	۴۷۷	"	یا ردبائیل عطرائیل	"
المقدم	سب سے پہلے موجود	۸۴۶	"	یا رقتمائیل میکائیل	خاکی
الاوّل	سب سے اوّل موجود ہونیوالا	۳۷	"	یا طاطائیل رقتمائیل	آتشی
آلاخر	آخر تک رہنے والا	۱۰۰۸	"	یا میکائیل اہرائیل	خاکی
الباطن	چھپا ہوا	۶۲	"	یا وردائیل ادرائیل	"
الظاہر	ظاہر	۱۱۰۶	مشترک	یا جبرائیل اسماعیل	خاکی
الوالی	وارث	۴۷	"	یا رقتمائیل ارکیطائیل	بادی
المتعالی	بزرگ و برتر	۵۵۱	"	یا طاطائیل عزرائیل	"
البرّ	بھلائی کرنے والا	۲۰۲	جمالی	یا جبرائیل ہمرائیل	خاکی
التواب	توبہ قبول کرنیوالا	۳۰۹	"	یا عزرائیل ہمرائیل	آتشی
المغنی	بے نیاز کرنے والا	۱۰۶۰	مشترک	یا روحائیل حولائیل	"
المنعم	نعمت والا	۲۰۰	"	یا اسماعیل روبائیل	خاکی
النعیم	نعمت دینے والا	۱۷۰	جمالی	یا حولائیل روبائیل	"
العفو	معاف کرنے والا	۱۵۶	"	یا لوبائیل سرحائیل	آتشی
الروف	مہربان درگذر کرنے والا	۲۸۰	"	یا اہرائیل سرحمائیل	آتشی
مالک الملک	مخلوق کا مالک	۳۱۲	جلالی	یا اسرائیل سرحمائیل	خاکی
ذوالجلال	صاحب جلال	۸۰۱	"	یا خرزرائیل طاطائیل	"
والاکرام	بزرگی والا	۲۹۹	"	"	آتشی
الرب	پالنے والا	۲۰۲	جمالی	یا اسرائیل جبرائیل	خاکی

المقسط	انصاف کرنے والا	۲۰۹	جمالی	یا اہراطیل جبرائیل	خاکی
الجامع	اکٹھا کرنے والا	۱۱۴	مشترک	یا کلکائیل لوبائیل	〃
الغنی	بے پردہ	۱۱۰۰	جمالی	یا وردائیل لوبائیل	آتشی
المعطی	عطا کرنے والا	۱۲۹	〃	یا لوبائیل اسمائیل	آبی
المانع	روکنے والا	۱۶۱	جلالی	یا روبائیل لوبائیل	〃
الضار	ضرر پہنچانے والا	۲۰۰۶	〃	یا اجاعیل اہرائیل	جلالی
النور	روشن کرنے والا	۲۵۶	مشترک	یا حولائیل سرحمائیل	آبی
الہادی	ہدایت دینے والا	۲۵۶	〃	یا رفتمائیل اہرائیل	〃
النافع	نفع کرنے والا	۲۰۱	جمالی	یا حولائیل سرحمائیل	〃
البدیع	نیا پیدا کرنے والا	۸۶	مشترک	یا جبرائیل لوبائیل	خاکی
الباقی	باقی رہنے والا	۱۱۳	جمالی	یا عطرائیل لوبائیل	آبی
الوارث	میراث لینے والا	۷۰۷	جلالی	یا رفتائیل میکائیل	آبی
الرشید	ہدایت کرنے والا	۵۱۴	مشترک	یا ہمرائیل دردائیل	خاکی
الصبور	بدلہ لینے میں جلدی نہ کرنیوالا	۲۹۶	جمالی	یا رہجائیل اہرائیل	بادی
القوی	سب سے توانا	۱۱۶	جلالی	یا عطرائیل تنکفیل	آتشی
الوکیل	کارساز	۶۹	جمالی	یا فردائیل طاطائیل	خاکی
المتین	زبردست توانا	۵۰۰	جلالی	یا عزرائیل عولائیل	آتشی
الولی	نیکوں کا مددگار	۴۶	جمالی	یا رفتما طاطائیل	خاکی

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

اسمائے حسنیٰ کی تشریح کی جاچکی۔ اب طالب کو جلالی، جمالی اور مشترک کے معلوم کرنے میں کوئی دقت نہ ہوگی۔ تاہم اسماء مذکورہ کو عمل میں لائے کے ازاد کے ساتھ ایک جگہ مشرح طور پر لکھتا ہوں۔ تاکہ آسانی ہو۔ چنانچہ سب سے پہلے اسمائے جمالی کو لیتا ہوں ان کو اسمائے رحمت بھی کہتے ہیں۔ عالی مرتبہ حاصل کرنے کشائش رزق لڑائی میں فتح۔ رئیسوں اور بادشاہوں کے حضور میں کامیابی اور عزت کرنے اور الفت کے لیئے ان کو عمل میں لانا چاہیئے۔ خدا نے چاہا تو اپنے مطلب کو پہنچیں۔ یہ اسمائے کل ۵۴ عدد ہیں جن کو معہ اعداد کے یہ تکسیر تحریر کرتا ہوں اور وہ یہ ہیں۔

نقشہ اسمائے جمالی

یارحمان ۲۹۹	یارحیم ۲۵۸	یاسلام ۱۳۱	یامومن ۱۳۶	یامہمن ۱۴۵	یاوہاب ۱۴	یارزاق ۳۰۸
یافتاح ۴۸۹	یاباری ۲۱۳	یاغفار ۱۲۸۱	یاباسط ۷۲	یامعز ۱۱۷	یالطیف ۱۲۹	یاغفور ۱۲۸۱
یاشکور ۵۲۶	یاحفیظ ۹۹۸	یاکریم ۲۷۰	یاواسع ۱۳۷	یاحکیم ۷۸	یاحکیم ۸۸	یاودود ۲۰
یاکفیل ۱۴۰	یاولی ۴۶	یامغنی ۱۱۰	یامعطی ۱۲۶	یانافع ۲۰۱	یارشید ۵۱۴	یامحی ۵۸
یاحی یاقیوم ۱۸	یاقیوم ۱۵۶	یاماجد ۴۸	یاصمد ۱۳۴	یابر ۲۰۲	یاتواب ۴۰۶	یاعفو ۱۵۶
یاروف ۲۸۶	یانور ۳۵۶	یاہادی ۲۰	یاباقی ۱۱۳	یاصبور ۲۹۸	یاراجہ ۱۴	یاوکیل ۶۶
		یااحد ۱۲	یانعیم ۱۷۰	یاضار ۱۰۰۱		

علو مرتب اور کشائش رزق کے لیئے عمل کرنا ہو۔ تو ذیل کے سات اسمائے مبارکہ میں سے کسی ایک اسم مبارک کا عمل کرو۔ وہ یہ ہیں۔

یاباسط یاسلام یافتاح یامعز یالطیف یاکریم یاواسع

جیسے کہ پہلے ذکر کیا جاچکا ہے۔ ان اسمائے مبارکہ کے اعداد معہ اسمائے موکلات اور طالب کے نام کے اعداد دے کر سب کو جمع کرو اور نقش مربع خانہ سوم سے پُر کریں۔

لیکن نقش مذکور ساعت مشتری میں پُر کرنا چاہیئے۔ ساعت سیارگان معلوم کرنے کے طریقے آئندہ درج ہونگے، اس کے بعد جملہ اعداد کو ہر روز پڑھنے کے لیئے تقسیم کرے یعنی اسم الٰہی کے عدد کے موافق ہر روز پڑھے اور نقش جو پُر کیئے جائیں ان کو گیہوں کے آٹے میں گولیاں بنا کر ایک چلہ تک دریا میں ڈالتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس عمل سے کشائش رزق بے اندازہ ہوگی۔ اور حسب خواہش عزت اور مرتبہ حاصل ہوگا۔

بادشاہوں اور امراء کی نظروں میں عزت اور وقار حاصل کرنے کے لیئے ذیل کے نو اسموں میں سے جس اسم کا چاہیں عمل کریں۔

یا رحمٰن ۔ یا رحیم ۔ یا حلیم ۔ یا حفیظ ۔ یا حی ۔ یا قیوم ۔ یا فتاح ۔ یا رافع ۔ یا ہادی

ان اسماء کے اعداد کے پہلے اسمائے جمالی کے ضمن میں لکھے گئے ہیں۔ ضرورت کے وقت کسی ایک اسم کے اور اعداد طالب اور موکلات کے نام کے اعداد سے کر سب کو جمع کریں اور شمس کی ساعت میں گیارہویں خانہ سے نقش مربع پُر کریں۔ اور طالب کے دائیں ہاتھ یا سر میں باندھیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے حکام و سلاطین کے حضور میں عزت وقار حاصل ہوگا۔ اور حاکم رحم کرے گا۔

الفت و محبت کے لیئے ذیل کے ہر سہ اسمائے میں سے کوئی ایک اسم لیں۔

یا ودُود   یا بدُوح   یا لطیف

اور اس کے اعداد نکال کر اس میں طالب اور اس کی ماں کے ناموں کے اعداد شامل کر کے ساعت مشتری میں نقش مربع خانہ دوم سے پُر کریں اور پھر نقش کی بتی پاک روئی میں بنا کر مٹی کے ایسے کورے چراغ میں جس کو پانی نہ پہنچا ہو۔ جلائیں۔ اور چراغ کا منہ خانہ محبوب کی طرف کر دیں۔

اور خود چراغ کے روبرو بیٹھ کر اسم الٰہی کے اعداد کی تعداد کے موافق عزیمت پڑھے جس کی ترکیب ذیل میں درج ہے۔ انشاء اللہ ہر وہ شخص جو اس ترکیب سے

کام لے گا۔ اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

اللھم سخر قلب فلان بنت فلاں علےٰ حب فلان بحق یابدوح احب یا جبریل یا ودود ائیل یادفتمائیل یاتنکیفنل سامعًا ملیعًا مابدوح العجل العجل۔

وضاحتاً عرض ہے کہ اللھم سخر قلب کے بعد مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور علےٰ حب فلاں کے بعد طالب کا نام۔ بحق کے بعد جس اسم مبارک کا فتیلہ بنا کر جلایا جارہا ہے۔ وہی اسم پڑھے۔ مثلاً اگر ودود کے اسم کا فتیلہ بنایا ہے۔ تو بحق یاودود پڑھے

بیماری سے صحت حاصل کرنے کے واسطے ذیل کے سات اسماء سے کوئی ایک اسم اختیار کریں۔

یاحفیظ	یاسلام	یانافع	یاباقی	یاکریم	یاغفور	یاھادی

ان اسموں کے اعداد پہلے لکھے گئے ہیں۔ ضرورت پر ان اسماء میں سے جس اسم کا عمل کیا جائے۔ اس کے عدد سے کرحسب دستور نقش مربع خانہ اول سے پر کریں۔ اور دھو کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ چند ہی روز میں مریض صحت پائے گا۔

اسمائے جلالی

اسمائے جلالی کو اسمائے ہیبت بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اسماء دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈالتے ہیں۔ بغض و عداوت پیدا کرنے دشمنوں کو ذلیل و خوار کرنے ہیں۔ ان کے گھروں میں ویرانی اور اسباب رزق کو روکنے کیلئے استعمال کیئے جاتے ہیں۔ مذکورہ بالا مقاصد کے لئے کہ جب ان اسماء میں سے کسی کا عمل کیا جائے گا۔ تو یقیناً نکلے گا۔ اسماء مکرمہ یہ ہیں۔

یاعزیز	یاجبار	یامتکبر	یاقہار	یاقابض	یامذل	یاعلی
۹۴	۲۰۶	۶۶۲	۳۰۶	۹۰۳	۷۷۰	۱۱۰

یاجلیل	یاقوی	یامتین	یامبدی	یامعید	یامجیب	یاقادر
۷۳	۱۱۶	۵۰۰	۵۶	۱۲۴	۶۹۰	۳۰۵

یامقتدر	یامستیقم	یاذوالجلال	یامقسط	یامانع	یاوارث	یامالک الملک
۷۴۴	۹۳	۸۷۱	۲۰۹	۱۶۱	۷۰۷	۳۰۵

ان اسمائے مبارک کی ترتیب یوں ہے۔ کہ اگر بغض وعداوت کے لیئے عمل کرنا مقصود ہو۔ تو ان تین اسماء میں سے کوئی اسم لیں۔

یاجبار یاقابض یاقوی

پھر اسم کے اعداد۔ موکلات کے ناموں کے اعداد اور جن کے اعداد کے درمیان عداوت وبغض مطلوب ہو۔ ان کے ناموں کے اعداد نکال کر جمع کرو۔ اور نقش مربع نویں خانہ سے ساعت زحل یا مریخ میں پُر کرکے پرانی قبر میں دفن کرو۔ انشاء اللہ ان دونوں کے درمیان مفارقت اور عداوت پیدا ہو جائے گی۔

دشمن کو مقہور اور ذلیل کرنے کے واسطے ذیل کے ہر دو اسماء میں سے کوئی اسم لیں

یاقہار یامذل یاجبار

دشمن کے نام اور موکلوں کے ناموں کے اعداد جمع کرکے اس میں اسم الٰہی کے اعداد جمع کریں اور نویں خانہ سے نقش مربع ساعت زحل یا مریخ میں پُر کریں۔ پھر سات جگہ یعنی۔
۱۔ چوراستہ ۲ مسجد ۳ پرانی ۴ قبر ۵ ویران گھر ۶ مسمار مینار ۷۔ جہاں گدھا لیٹا ہو۔ ۸ جہاں چھپکلی بیٹھی ہو۔ سب کی بیٹھی ہو۔ سب کی تھوڑی تھوڑی سی مٹی لے کر سب کو مٹی کے ایک کورے برتن میں جمع کریں۔ پھر اس نقش کو جو پُر کیا گیا ہے۔ اس مٹی میں رکھ کر اللہ تعالےٰ کے اسم اور موکلوں کے ناموں کو ان کے اعداد کے موافق پڑھ کر دم کریں پڑھنے کی اثناء میں دشمن کی خرابی اور ذلت کا تصور کریں۔ اس کے بعد اس برتن کو کسی ویران جگہ میں دفن کردیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے دشمن ذلیل ورسوا ہو جائے گا۔

اسمائے مشترک

اسمائے مشترک جلالی اور جمالی دونوں خاصیتیں رکھتے ہیں اور ہر نیک و بدکام میں عمل کیئے۔

جاتے ہیں۔ سب سے پہلے ان اسماء کے پڑھنے کا طریقہ جاننا چاہیئے۔ جو اس طرح پڑھے۔
جب دعوت اور زکوٰۃ کے خیال سے پڑھیں تو تسبیح کے دانہ کو اپنی طرف پھرانا چاہیئے
دشمن کی تباہی اور ذلت کے لیئے پڑھتے وقت تسبیح کو بائیں طرف پھرائیں۔ مدارج اعلیٰ حاصل کرنے
کے واسطے تسبیح دائیں طرف کو پھرائیں۔ بیماری سے شفا حاصل کرنے کے لیئے یہ لازم ہے کہ جس تسبیح
پر ان اسماء کو پڑھا جائے۔ اس کو پاک پانی اور پاک برتن میں سات مرتبہ دھو کر مریض کو پلائیں شفا ہو گی۔
آسیب دفع ہو گا اور شافی مطلق صحت کامل عطا فرمائے گا۔ اسمائے مشترک یہ ہیں۔

یامالک ۹۰	یاواحد ۱۹	یاخالق ۷۳۱	یاقدوس ۱۷۰	یامصور ۳۳۶	یاعلیم ۱۵۰
یاسمیع ۱۸۰	یاالبصیر ۳۰۲	یاحلیم ۸۸	یاعدل ۱۰۴	یاخبیر ۸۱۲	یاعظیم ۱۰۴۰
یامقیت ۵۵۰	یاحسیب ۸۰	یامنعم ۲۰۰	یامجیب ۵۵	یاباعث ۵۷۳	یاشہید ۳۱۹
یاحق ۱۰۸	یامقدم ۱۸۴	یامؤخر ۸۴۶	یااول ۳۷	یاآخر ۸۰۱	یاظاہر ۱۱۰۶
یاباطن ۶۲	یامتعالی ۵۵	یااکرام ۲۶۲	یاجامع ۱۱۴	یاغنی ۱۰۶	یابدیع ۸۶
		یارشید ۵۱۴	یاوالی ۴۷		

یہ تیئیس اسماء ہیں۔ جس اسم کے متعلق جو تشریح کی گئی ہے۔ اس کے لیے وہ اسم عمل
میں لائیں۔ پہلے ہر کام کے لیئے ساعت کو معلوم کر لینا چاہیئے۔ اور یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ دن
یا رات کی کس ساعت میں یہ عمل کرنا چاہیئے۔ اس کا ذکر پانچویں باب میں کروں گا۔ اس
جگہ اتنا ہی کافی ہے۔
دشمن کو برباد و ذلیل اور آدمیوں کے درمیان بغض و عداوت کے لیئے ہفتہ (شنبہ)
کے دن زحل کی پہلی ساعت میں عمل کریں۔ مشتری یعنی دوسری ساعت سعد اکبر ہے۔ اس
میں وہ عمل کریں۔ جس میں حکام و سلاطین کے روبرو عزت و وقار کی غرض ہو۔ محبت و الفت
کے لیئے بھی اس ساعت میں عمل کرو۔ تیسری ساعت مریخ کی ہے۔ جو نحس اصغر ہے جو
دشمنوں کو ذلیل و رسوا کرنے اور ان کو تباہ کرنے کے لیئے مناسب ہے۔ چوتھی ساعت شمس
کی ہے۔ جو سعد اکبر ہے۔ اور اس ساعت میں محبت اور اعلیٰ مراتب کے لیئے اعمال کریں۔
پانچویں عطارد کی ساعت نحس ذوجہدین ہے۔
زبان بندی، دفع بلا و آسیب کے لیئے موزوں ہے۔

چھٹی ساعت قمر کی ہے۔ جو ساعت حسدین ہے یہ ساعت کشایش رزق فتوحات اور سرخروئی کے لئے مناسب ہے۔

یہ صرف ایک دن ہفتہ (یعنی شنبہ کے روز) کی ساعات ہیں۔ جو بطور مثال لکھدی گئی ہے۔ ہر روز کی ساعات کا ذکر مذکورہ بالا باب میں کیا جائے گا۔ بس ان ساعات کو دیکھ کر جس اسم کو جس مدعا و مقصد کے لئے ہو۔ نقش پر کرے۔

اس کے بعد موکلات کے خانوں کا نکالنا ہے۔ جس کا طریق یہ ہے۔ کہ پہلے دیکھو جس اسم کا تم عمل کرنا چاہتے ہو۔ اس کے حروف کتنے ہیں۔ اس کے بعد ہر حرف کا موکل نقشہ حروف تہجی سے دیکھ لو۔ مثلاً اسم یا بدوح کے موکلات اس طرح نکلیں گے۔ یہ اسم ذیل کے حروف سے بنا ہے۔ ب د۔ و۔ ح ۔ ا ب ب کا موکل جبرائیل د کا دردائیل و کا رفتمائیل اور ح کا تنکفیل ہے۔ ہر طرح ہر اسم کے موکل نکال لو اور اللہ تعالیٰ کے اسم کے ہمراہ ان کو شامل کرو۔ اور اسی ساعت میں جو اس عمل کے لئے مناسب ہے پڑھو۔ موکلات کے اسماء کو اللہ تعالیٰ کے اسماء کے ساتھ ترتیب دینے کی صورت یہ ہے۔ چونکہ میں نے بدوح کے موکل نکالے ہیں۔ ان کو یوں پڑھا جائے گا۔

یا بدوح احب یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل سامعًا و مطیعًا بحق یا بدوح ۔ اس طریق پر اسم کو عمل میں لائے۔ عقلمند کے لئے صرف اشارہ ہی کافی ہے۔

جب کسی ستارہ کی ساعت میں اس ستارے کا نقش یا موکلات کو ترتیب مذکورہ کے ساتھ پڑھنا شروع کرے تو رجال الغیب کو پس پشت کرے اور دعائے رجال الغیب بھی پڑھے محبت وغیرہ کے لئے کسی قدر شیرینی اور بغض و عداوت کے لئے کوئی تلخ چیز منہ میں رکھے بخارات اغذیہ اور رجال الغیب جاننے کی ترکیب باب پنجم میں ذکر کروں گا۔ دعائے رجال الغیب یہ ہے

السلام علیک یا رجال الغیب السلام علیک یا ارواح المقدس غیثونی بغوثۃ وانظرونی بنظرۃ ویا نقباء ویا نجباء ویا ابدال ویا اوتاد یا غوث یا قطب بحرمۃ النبی صلواۃ اللہ علیہ وعلیہم والسلام۔

پس اے عزیز! تینوں اقسام کے اسماء الٰہی یعنی جمال۔ جلالی اور مشترک کے پڑھنے میں طریقہ اختیار کر۔ تاکہ عمل درست ہو۔ اب ان اسمائے باری تعالیٰ کا ذکر کرتا ہوں جو بزرگوں سے اس عاجز کو ملے اور وہ یہ ہیں۔

عمل اسم باری تعالیٰ: جو مولانا سید زین العابدین صاحب نے عطا فرمایا ہے۔ لازم ہے کہ ان ہر سہ اسماء کو جو تمام قرآن کریم پر محیط ہیں۔ اور بسم اللہ و الحمد للہ میں آئے ہیں۔ اور ان میں ایک اسم ذاتی ہے۔ ایک اسم عادل اور تیسرا اسم رحمت ہے۔ انہی ہر سہ اسماء کو ۲۵، ۳۱ ہر روز بلاناغہ عصر اور مغرب کے درمیان آسمان کے نیچے سر برہنہ پڑھے۔ انشاء اللہ ایک چلہ کے اندر امیر کبیر اور جس مقصد کے لیئے پڑھے وہ مقصد یقیناً بر آئے۔ وہ اسمائے مکرم و معظم یہ ہیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

۲۔ یہ دوسرا عمل مجھ کو ایک زاہد سے ملا۔ خدائے تعالےٰ کے اسم مبارکہ یا عزیز یا لطیف ایک ہی صفت رکھتے ہیں۔ ان میں سے ایک اسم جلالی ہے اور دوسرا جمالی۔ ان ہر دو اسماء کو بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ صبح یا مغرب کی نماز کے بعد عاجزی کے ساتھ گلے میں چادر ڈال کر ننگے سر پڑھے اور زاری کرے۔ بیشک اس کا مقصد بارہ ہی دن کے اندر اندر بر آئے گا۔

اگر ان دونوں ناموں سے کسی ایک نام کو جلسہ میں صبح سے شام تک یا دوسری شام تک ننگے سر عاجزی کے ساتھ آسمان کے سایہ تلے پڑھے تو بلاشبہ اس دن اس کا مقصد بر آئے گا۔ لیکن ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) تعداد ایک ہی جلسہ میں پوری کرے تاکہ وہ مراد کو پہنچے

عجیب و غریب قاعدہ عنایت کردہ حافظ اصغر علی صاحب

اسم یا مستطیع کو اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر تیرہ سو مرتبہ روزانہ ورد کرے اور ہمیشہ پڑھا کرے۔ بے شک عامل کے گرد ہجوم خلائق ہو گا۔ صبح کی نماز کے بعد پڑھا کرے مجرب ہے۔

دوسرا عمل زاہدوں کیلئے: اگر کوئی زاہد اس امر کا خواہش ہو کہ خدائے تعالیٰ اس کے تمام کبیرہ اور صغیرہ گناہ معاف کر دے تو اس اسم کو ترکیب ذیل سے معہ درود شریف یا محمد صلی اللہ علیٰ خیر خلقہٖ و آلہٖ اجمعین۔ ہر جمعہ کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے تو اس اسم مبارک کی برکت سے تھوڑے ہی عرصہ میں مغفور لوگوں کی فہرست میں داخل ہو جائے گا۔

اسم یہ ہے ۔ یاغفار اغفر ذنوبی یاقہار

اگر کوئی اس اسم کو ہمیشہ پڑھے تو دنیا کی محبت اس کے دل سے بالکل نکل جائیگی ۔

دوسری قسم : نماز چاشت کے بعد سربسجدہ ہو کر سات مرتبہ اسم ذیل کو پڑھا کرے ۔ خدا کے فضل سے مستغنی ہو جائے گا ۔ اسم یہ ہے ۔ یاوَہاب ،

دیگر : دو شخصوں کے درمیان جدائی اور عداوت کے لیئے یہ عمل مجرب اور نادر ہے ۔ لازم ہے کہ اسماء کو نحس تاریخ میں منہ میں کڑوی چیز رکھ کر مثلاً کالی مرچ نمک کھاری وغیرہ تین دن بلاناغہ دوپہر کے وقت منہ کو جنوب کی طرف کر کے اور بخورات روشن کر کے دو ہزار مرتبہ پڑھے اور ہر تسبیح ختم ہونے پر کاغذ کے ایک ٹکڑے پر اکیس مرتبہ اسمائے ذیل کو لکھ کر جلائے ۔ لیکن صاحب ایمان مسلمان کے لیئے ضروری ہے کہ خدا کے ناموں کو نہ جلائے ۔ بلکہ کسی برتن میں رکھ کر آگ پر رکھے تاکہ گرمی کاغذ تک پہنچے ۔ تین دن کے بعد عامل ہو جائے گا ۔ پھر جیسے کہ پہلے لکھا گیا ہے ۔ اس طور پر ایک ٹکڑا کاغذ پر لکھ کر معہ دونوں شخصوں کے ناموں اور ان کی ماں کے ناموں کے لکھ کر ان دونوں شخصوں کی گاہ گذر میں دفن کرے ۔ زکوۃ کے لیئے چاولوں کی کھیر بڑی احتیاط سے خود لیکا کر تین رکابیاں بھرے ۔ ایک پر حضرت فاطمۃ الزہرا اور دوسری پر جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور تیسری پر موکلات کی نیاز دے ۔ ازاں بعد جس رکابی پر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی نیاز ہے ۔ وہ خود کھائے ۔ موکلات کے نام کی رکابی مسجد میں بھیجدے تاکہ نمازی کھائیں اور جناب فاطمۃ الزہرا کے نام کی رکابی لڑکیوں کو کھلائے اس کے بعد نقوش کو ان دونوں گذرگاہ میں دفن کرے ۔ بلاشبہ ایک دوسرے کے جانی دشمن ہو جائیں گے ۔ اسماء معظم معہ عبارت کے یہ ہیں ۔

یابدیع العجائب تقہرک والزاق

دیگر : دشمن کی ہلاکی و تباہی کے لیئے چاہیئے ۔ کہ اس اسم قاہرہ کو ایک ہفتہ میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھے ۔ آسمان کی جانب پڑھنے کے وقت منہ رکھے ۔ پڑھنے کے بعد دشمن کی طرف پھونک مار دے ۔ یقینی طور پر ایک ہی ہفتہ کے اندر اندر دشمن تباہ و ہلاک ہو جائے گا ۔ ایک ہفتہ میں کام میں نہ ہو ۔ تو دوسرے ہفتہ میں ایسا ہی کرے ۔ یقینی طور پر کامیاب ہو گا ۔ یہ عمل پیر خان ساکن ہانسی (ضلع حصار) نے تعلقات خاص کی بنا پر عطا فرمایا ۔ اسم یہ ہے ۔

(المنزل)

دیگو: سبحان اللہ درویش کا عطا کردہ۔ حبب کے لئے مجرب ہے اگر کوئی کسی پر عاشق ہو اور ملاقات کی کوئی صورت نہ ہو تو اس اسم کو جمعرات کے دن صبح و شام نماز کے بعد ایک ایک سو مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھے اور تصور مطلوب اس طرح رکھے گویا وہ سامنے کھڑا ہے پڑھنے کے دوران آنکھوں کو بند کر کے پڑھے پڑھنے کے بعد عالم تصور ہی میں محبوب پر دم کرے۔ کسی بری نیت سے ہرگز نہ پڑھے۔ یقیناً ایک ہی ہفتہ کے اندر مطلوب مطیع ہو کر حاضر ہوگا۔ زکوۃ کی غرض سے سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھے۔ زکوۃ کے بعد صرف ایک ہی ہفتہ کرنے سے مطلوب مطیع ہوگا۔ مجرب ہے۔ ہرگز خطا نہیں ہو سکتا۔ اسم مبارک یہ ہے۔ (اَلْحَلِیْمُ)

دیگو: یہ عمل بھی موصوف الصدر بزرگ کا عمل کردہ ہے۔ یہ عمل تسخیر زبان بندی اور متوجہ اور رجوع نہ کرنے والے مرد اور عورتوں کے لئے ہے۔ چاہیئے کہ کامل طہارت کے ساتھ شربت کا ایک پیالہ تیار کر کے اس میں گلاب و کیوڑہ ڈالے۔ یہ عمل جمعرات یعنی پنجشنبہ کے دن شروع کرے۔ عصر کی نماز کے بعد رو بقبلہ مودب بیٹھے۔ آنکھ بند کرے اور مطلوب کا تصور جمائے اور اس کے بعد چودہ سو مرتبہ اسم یا ودود پڑھے۔ اور شربت کے پیالہ پر موکلوں کی نیاز دے کر دم کرے اور خود پی لے

انشاءاللہ دوران میں ہی عمل مطلوب حاضر ہوگا۔ مطلوب کی حاضری پر جب تک عمل ختم نہ کرے ہرگز کلام نہ کرے۔ صرف تین روز یا سات روز کرنا پڑے گا۔ مطلوب مطیع و مسخر ہوگا مجرب ہے۔

دیگو حبب کے بیان میں: یہ عمل عنایت کردہ محمد حسین صاحب عابد و زاہد کا ہے اور بارہا مجرب ہے ضروری ہے۔ کہ عروج ماہ میں جمعرات کے دن کاغذ کا ایک ٹکڑا لے کر اس پر سب سے پہلے بسم اللہ تحریر کرے۔ اس کے بعد طالب کے نام کے عدد بھی لکھے۔ پھر ان کو جیسے کہ بتایا گیا ہے۔ باہم ملائے۔ آسانی کی غرض سے لکھنے سے پہلے کسی اور کاغذ یا لکڑی کے تختے پر اعداد نکال کر لکھ دے۔ مثال یہ ہے کہ عروج ماہ میں جمعرات کے دن کاغذ کا ایک ٹکڑا لے کر اس پر سب سے پہلے بسم اللہ تحریر کرے اس کے بعد طالب کے نام کے عدد نچلی سطر میں اس کی ماں کے نام کے اعداد بھی لکھے۔ پھر ان کو جیسے کہ بتایا گیا ہے۔ باہم ملائے۔ آسانی کی غرض سے لکھنے سے پہلے کسی اور کاغذ یا لکڑی کے تختے پر اعداد نکال کر لکھ دے مثال یہ ہے۔

میر احمد علی — اسم طالب — ودود — فاطمہ خانم — اسم مطلوب

۴۰ ۴۰۰ ۴۰۸۱ ۱۰۳۰۷۰۴ ۴۶۴۶ ۵۴۰۹۱۸۰ ۱۶۰۰ ۵۰ ۴۰

پھر ان کو ملاؤ۔ پہلے مطلوب کے نام کے پہلے حرف کا عدد پھر طالب کے پہلے حرف کا عدد پھر مطلوب کے اگلے حرف کا عدد اور پھر طالب کے اگلے حرف کا عدد علیٰ ہذا القیاس تمام ملا چکنے کے بعد اسم کے حروف کے اعداد لکھ دو۔ مثلاً مندرجہ ذیل بالا مثال میں یوں اعداد ملیں گے۔

۸۰ ۹۱۰۱۴۰ ۲۰۰ ۸۵۱۴۰ ۶۰۰ ۵۴۱۴۰ ۳۰۴۰۷۰۵ ۴۶۱۰ ۶۴ ۴۶ !

اعداد ملا کر بتی بناؤ۔ اور اوپر پاک و صاف روئی لپیٹ کر جس طرف سے لکھنا شروع کیا تھا اسی طرف پر نشان کے لئے ذرا سی سیاہی لگا کر بتی کو شہد خالص اور عطر میں تر کر کے کورے چراغ میں رکھ کر سیاہی کے نشان کی طرف سے بتی کو جلاؤ۔ اور اس کا رُخ مطلوب کے گھر کی طرف رکھو اور خود سامنے کھڑے ہو کر ایک سو ایک مرتبہ اسم یا ودود پڑھو۔ اوّل و آخر درود شریف بھی پڑھو۔ عمل ختم کرنے کے بعد درگاہ باری تعالےٰ میں محبت و الفت کی دعا عاجزی کے ساتھ کرو۔ اگر یہ عمل کسی حاکم کی تسخیر کرنے کے لئے یا قیدی کا نام لکھے اور مذکورہ بالا عمل کر کے قیدی کی رہائی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ مطلب پورا ہو گا۔ زیادہ سے زیادہ اکیس یوم میں مطلب پورا ہو جائے گا۔

اوّل تو سات دن ورنہ چودہ دن میں اکثر مطلب حل ہو جاتا ہے۔ مگر یاد رکھو مطلب پورا ہونے کے بعد بھی اس عمل کا چلہ کرنا ضروری ہے۔ تاکہ عملی ہمیشہ قابو میں رہے اور پھر کہیں خطا نہ کرے اثنائے چلہ کرنا ضروری ہے۔ تاکہ عمل میں ہمیشہ قابو میں اور پھر کہیں خطا نہ کرے۔ اثنائے چلہ میں مچھلی گائے کا گوشت جھوٹ بولنا اور حرام سے قطعی پرہیز کرے۔ مجرب ہے۔

دیگر: عمل اسم باری تعالیٰ حب کے لئے مجرب ہے۔ جو کہ خاکسار کو پیر زادہ صاحبؒ سے حاصل ہوا جب کسی کو تسخیر کرنے کا ارادہ ہو۔ یا کسی امیر سے کوئی فائدہ حاصل کرنا ہو تو عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس ترکیب سے یہ عمل شروع کرے رات کو دو زانو قبلہ رو مؤدب بیٹھے اور آنکھوں کو بند کر کے پہلے گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی کو علی العظیم تک پڑھے اور تصور رکھے کہ مطلوب دست بستہ سامنے کھڑا ہے عمل کرنے کے بعد مطلوب کے سینہ کا تصور کر کے دم کرے اور خیال کرے کہ اسم کی برکت سے مطلوب میرا مطیع اور فرمانبردار ہو گیا ہے۔ اسی طور پر پندرہ دن تک پڑھے اگر ممکن ہو تو کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلا بھی دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب تابعدار ہو گا۔

اگر زکوٰۃ کی نیت سے چالیس دنوں تک روز ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرے تو اس عمل کا عامل ہو گا۔ اور پھر یہ عمل ہرگز خطا نہ کرے گا خواہ اپنے لئے کرے یا کسی دوسرے کے لئے چلہ ختم ہو جانے کے بعد شربت پر دم کرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پُر فتوح پر فاتحہ پڑھ کر شربت کو پی جائے

زکوٰۃ کے بعد کچھ نہ کچھ تعداد روزانہ پڑھنے کے لیئے مقرر کرے تاکہ عمل ہمیشہ قبضہ میں رہے۔

یا مقلب القلوب قلب قلبہ انی

اگر عمل عورت کے لیئے کیا جائے تو قلبتہ کی بجائے قلبہا کا لفظ پڑھے۔

دیگر: اسمائے الٰہی تپ لرزہ کے لیئے۔ اگر کسی کو تپ لرزہ کا عارضہ ہو تو کوری ٹھیکری لے کر اس کے آٹھ ٹکڑے کر کے ایک ٹکڑے پر یا محیط لکھے اور مریض کے بازو پر باندھے دوسرے ٹکڑے پر بھی یہی اسم لکھ کر مریض کو دے کہ وہ دھو کر پی لے دوسرے دن ٹھیکری کو بازو سے کھول کر کوئیں میں پھینک دے اور تیسرا ٹکڑا لے کر اس پر یا محیط اور چوتھے پر بھی یہی لکھ کر مریض کے بازو پر بھی یہی باندھے اور دوسرا دھو کر پلائے تیسرے دن بازو کی ٹھیکری کو کھول کر کوئیں میں ڈال دے اور پانچواں ٹکڑا لے کر اس پر یا محیطا لکھے اور بازو پر باندھے اور چھٹے ٹکڑے پر یہی لکھ کر دھو کر پلائے چوتھے روز بازو کی ٹھیکری کوئیں میں ڈال دے اور ساتویں اور آٹھویں ٹکڑے پر یا محیطاً لکھ کر مندرجہ بالا ترکیب کے مطابق بازو پر باندھے اور دوسری دھو کر پلائے۔ انشاء اللہ چار دن کے عرصے میں مرض دفع ہو گا اور پھر کبھی نہ ہو گا۔

اس ترکیب سے کوئی شخص عمل نہیں کرتا یہی وجہ ہے کہ تاثیر نہیں ہوتی۔ یہ ترکیب میں نے پیرزادہ امام بخش صاحب سے جو کہ حضرت ممدوح کی اولاد سے شرف حاصل کی۔ اس ترکیب سے عمل کرنے میں کبھی خطا نہیں ہوتا۔

دیگر اسم عمل الٰہی۔ درحقیقت یہ اسم اعظم ہے۔ جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کلام پاک میں اکثر جگہ فرمایا۔ عظمت کے بیان میں اس نام سے اپنے کلام میں بہت جگہ قسمیں کھائی ہیں یہاں تک بسم اللہ میں بھی سب سے پہلے اسم ہے جو قرآن کریم کا شعار ہے۔ وہ مبارک الرحمٰن ہے۔ جو شخص ہر صبح کو یہ اسم ایک سو پانچ مرتبہ اور شام کو ایک مرتبہ ورد کے طور پر ہمیشہ پڑھے گا۔ خدا کی قسم حب اور تسخیر کے جس معاملے میں بھی دم کرے گا پورا اثر ہو گا۔ اور صاحب عمل ہمیشہ مالدار اور تونگر رہے گا۔ اور ہرگز کسی کا محتاج نہ ہو گا۔ یہ عمل میرے تجربہ میں بھی آچکا ہے اور عاجز کو یہ عمل ایک کامل بزرگ سے ملا ہے۔ مگر بطور زکوٰۃ سوا لاکھ مرتبہ پڑھے تو پورا عامل ہو جائے گا۔ اس اسم کی صفت کرنے میں خاکسار بالکل عاجز ہے۔

دیگر اسم الٰہی: عطا کردہ سبحان شاہ صاحب درویش کا عنایت کردہ ہے۔ پہلے اسم کی زکوٰۃ دے یعنی ترک حیوانات کے ساتھ ایک چلہ میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرے۔ پھر بعد زکوٰۃ بھی ایک سو ایک

مرتبہ صبح و شام پڑھا کرے۔ تاکہ مخلوق الٰہی مسخر ہو وہ اسم مبارک "یا موخو" اس کی ترکیب تجربہ کی کی ہوئی ہے۔

دیگر عمل اسم الٰہی! عطا کردہ پیر خاں پیرزادہ صاحب کا ہے۔ وہ اسم مبارک "الامان" ہے زکوٰۃ یہ ہے کہ ترکیب حیوانات کے ساتھ یہ ترکیب مذکورہ بالا پرہیز کے ساتھ ایک چلہ میں سوا لاکھ ختم کرے۔ اور اس کے بعد ایک سو ایک مرتبہ ہر صبح و شام ورد رکھے جس کی وجہ سے عامل میں یہ تاثیر پیدا ہو گی کہ محض دم ہی کر دینا ہر درد کے لیے مفید ہو گا۔ اگر مریض موجود نہ ہو تو کسی دوسرے کے ساتھ پر دم کر کے بھیجدے۔ اور وہ شخص مریض کی درد کی جگہ پر دم کرے اور ہاتھ پھیر دے۔ انشاء اللہ فوراً شفا ہو گی۔ عامل کو صرف دم ہی کرنے پر کفایت نہیں کرنی چاہیئے۔ بلکہ درد کی جگہ پر ہاتھ بھی پھیرے۔ مجرب المجرب ہے۔

دیگر عمل اسم الٰہی۔ عنایت کردہ عنایت شاہ کریم درویش کا ہے۔ اور خاکسار کا آزمودہ ہے جس عورت کا حمل ہمیشہ ساقط ہو جاتا ہے۔ تو اس کے شوہر کو یہ اسم سکھلا دیں اور شوہر کو چاہیئے کہ بیوی کو زمین پر اس اسم کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر عورت کے سینہ سے لے کر اس کی ٹانگوں پر اپنی انگلی سے حصار کرے۔ حمل کے ایام میں بھی ہر ماہ دو ماہ کے بعد اس عمل کو کرتا رہے۔ انشاء اللہ پھر کبھی حمل ساقط نہ ہو گا وہ اسم شریف "یا مبدأ" ہے۔

دیگر: عطا کردہ نوازش علی خاں صاحب کا جو شاگرد شاہ عبدالرؤف صاحب کے ہیں۔ اگر حاکم یا بادشاہ کسی کو جلاوطن کر دے یا حاکم وغیرہ کو تسخیر کرنا ہو۔ یا اور کوئی دنیوی مطلب ہو۔ تو یہ عمل نہایت مؤثر ہے۔

ترکیب یہ ہے۔ کہ جمعرات کے دن روزہ رکھے اور غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنے اور خوشبو لگائے پھر روزہ افطار کر کے خلوت میں بیٹھ کر لوبان اور دیگر خوشبودار چیزوں کو دھونی روشن کر کے دودھ کی کھیر جو پہلے سے تیار کر رکھی ہو سامنے رکھ کر اس پر بطریق ذیل نیاز دے۔ یعنی اس کھیر کو تین تھالیوں میں ڈالے پہلی تھالی پر موکل کے نام کی نیاز دے جس کا نام "آدم بنوار" ہے۔ دوسری رکابی جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پر اور تیسری رکابی حضرت فاطمۃ الزہرا کے نام کی نیاز دے اور پھر بارہ سو مرتبہ ذیل کے اسماء الٰہی کو ایک ہی جلسہ میں پڑھے اور غیر حیوانی کھانوں کے سوا کوئی اور کھانا کھا کر سو رہے اور دونوں تھالیاں مسجد میں بھیجدے اور حضرت فاطمہ الزہرا رضی کے نام کی تھالی لڑکیوں کو کھلائے وہ اسمائے مکرم یہ ہیں۔

یاحی　یاقیوم　یاعلی　یاولی　یاوفی　یاغنی

صبح ہونے سے پہلے مطلب پورا ہوگا۔ یعنی بادشاہ یا حاکم اس کو بلوائیگا۔ اگر ایسا نہ ہو تو دوسرے دن بغیر کھیر لگانے کے عمل کرے۔ مگر روزہ رکھے اور مذکورہ بالا تعداد میں اسمائے مذکور پڑھے۔ اگر پھر بھی نہ ہو تو بارہ دن تک کامل طہارت کے ساتھ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ سب امیر کبیر مسخر ہوں گے۔ اور اپنے مطلب کو پہنچے گا۔

دیگو عمل اسم آلہی: عطا کردہ میرزا امر علی صاحب کا ہے اور عامل موصوف کا تجربہ کردہ ہے ہرگز خطا نہ ہوگا۔ اس خاکسار نے بھی جس کسی کو یہ عمل بتایا۔ ہرگز خطا نہ ہوگی۔ بیروزگار اور مفلس کے لئیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ یا کوئی شخص بیروزگار۔ یا ملازمت سے برطرف ہوگیا ہو۔ تو اسے یہ عمل بے حد مفید ہوگا۔

یہ تین اسم ہیں۔ ہر سہ اسماء کو ترک حیوانات کے ساتھ ایک چلہ میں چھ سو اٹھاون مرتبہ ۶۵۸ روز ہر روز اسم کے حروف ہجی کے اعداد کے موافق جیسے کہ استادوں نے طریقہ مقرر کردیا ہے۔ پڑھے۔ یعنی پہلا اسم (۱۹۱) مرتبہ دوسرا (۱۴۸) مرتبہ اور تیسرا (۳۱۹) مرتبہ پڑھے ہر روز ایک ہی جلسہ میں ختم کرے۔ چلہ ختم ہونے کے بعد موکلوں کی نیاز دے کہ شرینی بچوں میں تقسیم کردے۔ بس عمل کا عامل ہو جائے گا۔ بعد ازاں اپنے لئیے یا کسی دوسرے کے لئیے اگر تین یا سات روز پڑھے گا تو یقیناً مقصد پورا ہوگا۔ اور روزگار مل جائے گا۔ وہ اسماء یہ ہیں

یا سمیع　یا واسع　یا رزاق

اسم وہاب کے عمل کا بیان

جس کا اقرار سارا جہان کرتا ہے

مجھ کو کامل یقین ہے کہ مجھ کو اس عمل کی جو ترکیب معلوم ہے۔ ہندوستان بھر میں شاید کوئی ایسا خوش قسمت ہوگا۔ جس کو معلوم ہو۔ ورنہ میرے خیال میں ایسا شخص کوئی نہیں ہے جو اس

غیبی خزانہ کے اسرار سے واقف ہو۔ اس کی ترکیب شہر سورت علاقہ بمبئی میں ایک ایسے شخص نے مجھ کو عطا فرمائی تھی۔ جو صاحب علم و عمل اور ماہر کیمیا تھا۔ عابد و زاہد بھی تھا ان کا اسم گرامی حضرت شاہ اجینی تھا۔ اس وقت کعبۃ اللہ میں تشریف لے گئے ہیں۔ چلتے وقت انہوں نے اس حقیر کو باطنی فیوض سے اپنا شاگرد بنایا۔ اگر انہوں نے اور بھی بہت سے اعمال تعلیم فرمائے۔ جن کی اس کتاب میں ہدیہ ناظرین کروں گا۔ لیکن یہ عمل حضرت صاحب نے صرف مجھ ہی کو عطا فرمایا۔ لیکن ابھی تک میں نے اس کی زکوۃ ادا کرنے کی توفیق نہیں پائی۔ اس لئے جو کچھ انہوں نے ارشاد فرمایا تھا وہی درج کرتا ہوں۔

اس اسم شریف کا پہلا مرتبہ سلطنت ہے۔ دوسرا وزارت۔ تیسرا امارت۔ چوتھا تسخیر عالم پانچواں دست غیب کا ہے۔ اگر پہلی ترکیب سے اس کی زکوۃ ادا کرے گا۔ تو بادشاہ بنے گا دوسری ترکیب سے وزیر ہوگا۔ تیسری ترکیب سے امیر بنے گا۔ اور چوتھی ترکیب سے عالم مسخر ہوگا۔ اور پانچویں ترکیب پر عمل کرنے سے اور زکوۃ دینے کے بعد دست غیب حاصل ہوگا۔

پہلی ترکیب کہ متعلق سلطنت کے یہ ہے کہ جملہ لذات اور حیوانات کا ترک کرکے اور ہر قسم کی پرہیز اختیار کرے۔ ہر وقت پاک و صاف اور باوضو رہے۔ عورت سے قربت نہ کرے اور چودہ نقش لکھ کر آٹے میں گولی بنائے اور عمل کے وقت سامنے رکھے آٹھویں دن تمام گولیوں کو دریا میں پھینک آیا کرے۔ چلہ ختم ہونے کے بعد یقیناً بادشاہ بن جائے گا۔

اگر اس قدر بوجھ اٹھا سکنے کی ہمت نہ ہو تو دوسری ترکیب عمل میں لائے پرہیز ذرا کم کردے عورت کے پاس نہ جائے۔ گوشت نہ کھائے۔ حلال چیزوں کی رغبت کرے حرام سے نفرت کرے پڑھنے کے وقت ضرور وضو ہی کر لیا کرے۔ سات روز کے بعد جمعہ کو غسل کرے اور چودہ کروڑ مرتبہ ایک چلہ میں عمل ختم کرے چودہ نقش روزانہ لکھ کر دریا میں ڈالے چلہ ختم ہونے کے بعد وہ وزیر بن جائے گا۔

تیسری ترکیب یہ ہے کہ جس قدر ایام میں بھی ہو سکے۔ ایک کروڑ مرتبہ مذکورہ ترکیب کے ساتھ پڑھے۔ احتیاط اور پرہیز رکھے۔ تعداد مذکورہ کے اختتام پر بے شک امارت حاصل ہوگی۔

چوتھی ترکیب اس طرح یہ ہے کہ ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ باوضو پڑھنے کا معمول بنائے اور بلا ناغہ پابندی کے ساتھ پڑھے۔ یہاں تک کہ تمام عالم مسخر ہو جائے اور سارے جہان کی نظروں میں عزیز و محبوب بن جائے گا۔

پانچویں ترکیب یہ ہے کہ ایک چلہ کے لیئے ترک لذات وحیوانات کرے۔ روز روزہ رکھے صرف جو کی روٹی اور نمک پر کفالت کرے ایک ہی وقت ایک ہی جلسہ میں پینتیس ہزار مرتبہ اول وآخر درود شریف روزانہ ادا کرے اور اسی جگہ چودہ نقش روز لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے نقش اسم "وھاب" کا ہے اس کا موکل جبرائیل ہے نقش کو مثال کے طور پر تحریر کردیا ہے۔ ایک چلہ میں چودہ لاکھ کی تعداد پوری ہوجائے گی۔ تب موکل ظاہر ہوگا۔ اور جس قدر عامل دست غیب طلب کرے گا۔ موکل اس کو قبول کرے گا۔ اور روز مصلے کے نیچے رکھدیا کرے گا۔ اگر موکل ظاہری صورت ہوگیا تو چودہ روپے روز اس شخص کو لاکر دے گا۔ اس میں کوئی شک وشبہ نہیں۔ بعد ختم چلہ کے روزانہ چودہ مرتبہ بعد نماز فجر بلاناغہ عمل پڑھتا ہے۔ اور ایک نقش بھی روزانہ لکھ کر رکھ لیا کرے جمعہ کے بعد وہ نقوش آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کرئے۔ اسم جس کے پڑھنے کا پانچوں ترکیبوں میں ذکر کیا گیا ہے۔ اس طرح پڑھا جائے نقش معہ موکل یہ ہے۔

احب یاجبرئیل بحق یاوھاب

٣	١٠	١
٩	احب یاجبرائیل بحق یادھاب	٥
٢		٨
٧	٤	٦

عمل اسماء الہی :۔ قیام حمل کے لیئے لازم ہے۔ کچے سوت کے دھاگے پر پڑھ کر گرہ دے۔ اور تازہ پانی پاک پر دم کر کے عورت کو پلائے۔ اور دھاگہ عورت کمر سے باندھ لے۔ انشاء اللہ حمل قائم رہے گا۔ اسمائے معظم یہ ہیں :۔

یارقیب   یاوکیل   یااللہ

دیگر : کشائش رزق کے لئے کسی بزرگ کا عطا فرمودہ ہے۔ اور اکسیر ہے۔ جمعرات کے دن اور جمعہ کی رات کو تنہا بیٹھکر ایک ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ قبل از مسیح از صبح کشائش رزق شروع ہوجائے گا۔ شک ہرگز نہ کرے۔ اول وآخر میں درود شریف بھی پڑھے اسم یہ ہے۔

المعطی ھو اللہ ۔

دیگو : اللہ تعالےٰ کے اسم کی تکسیر کا عمل جو حب و تسخیر امیر و غریب کے لیئے مجرب ہے ۔ کاکوری کے رہنے والے ایک بزرگ نے عطا فرمایا تھا ۔ حب اور تسخیر کے لیئے اس سے بہتر اور کوئی عمل نہیں ۔ چاہیئے کہ پہلے مطلوب کے حروف اور پھر طالب کے نام کے حروف لکھے درمیان اسم ودود کے حرف مثلاً مطلوب کا نام فخر النساء اور طالب کا غلام حسین ہے ۔ ان کے حروف بہ ترکیب ذیل اس طرح لکھے : ۔

ف خ ۔ ر ال ن س ا ودود غ ل ا م ح س ی ن

پھر ان کو دائیں اور بائیں سے تکسیر کرے اس طور پر کہ پہلی سطر کو آخر سطر میں لے آئیں جس کو صدر موخر بھی کہتے ہیں ۔ پھر حروف تکسیر کی عزیمت بنا کر لکھیں ۔ عزیمت کی ترتیب یہ ہے کہ طالب اور مطلوب کے حروف کو جدا جدا لکھ کر اس کے بعد موکل کے نام کے حروف لکھیں ۔ پھر موکل ناموں کے موافق اللہ تعالےٰ کے نام کو لکھیں ۔ پھر باقی ماندہ عبارت کی عزیمت بنائیں ۔ اور جس قدر تکسیر کی سطریں ہوں اسی قدر لکھ کر فتیلہ بنا کر خوشبودار تیل چراغ میں ڈال کر جلائیں چراغ کا منہ خانہ محبوب کی طرف کر دیں یقیناً مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہو جائے گا ۔

مثال کے لیئے ہم تکسیر کے طریقے کو لکھ دیتے کہ سیکھنے والے کو آسانی ہو ۔

۱ ۔ ف ۔ خ ۔ ر ال ن س ا ودود غ ل م ا م ح س ی ن
۲ ۔ ن ف ی خ س ر ح ا م ل ا ن ل س خ ا و و د د ۔
۳ ۔ و ن و ف و ی د خ ا س غ ر س ح ل ا ن م ا ل
۴ ۔ ل و ا ن م و ن ف ا و ل ی ح د س خ ر ا غ س
۵ ۔ س ل غ و ا ا ر ن خ م س و د ن ح ف ی ا ل د
۶ ۔ د س ل ل ا غ ی و ف ا ح ا ن ر د ن و ن و خ س م
۷ ۔ م د س س خ ل د ل ن ا و غ ر ی ن و ا ف ح ا
۸ ۔ ا م ح و ف س ا س د خ ن ل ی و ر ل غ ن و ا
۹ ۔ ا ا د م ن ح خ و ل ف ر س و ا ی س ل و ن خ
۱۰ خ ا ن ا و د ل م س ن ی ح ا غ و د س ل ر ف

۱۱۔ ف خ ر ا ل ن م س ا و د و غ ل ا م ح س ی ن

جب[۱] آخری سطر میں وہی حروف اس ترتیب سے جیسے کہ پہلی سطر میں ہیں آجائیں تو تکسیر کا عمل مکمل مکمل ہوگیا۔ جیسا کہ مثال بالا میں ظاہر ہے۔

نوٹ: مترجم۔ تکسیر کا عمل صرف فتیلوں کی تعداد کے واسطے کیا جاتا ہے۔ جتنی سطروں میں تکسیر مکمل ہوگی۔ اتنے ہی فتیلے لکھنے پڑیں گے، اس کے بعد ان حروف موکلی نکالو۔ جیسے کہ حروف ہتجی میں دیئے گئے ہیں، جو حروف مکرر آئیں۔ ان کو چھوڑ دو۔ صرف ایک دفعہ اول کا موکل لے لو بعد ازاں اسم اللہ تعالےٰ کے موکلوں کے موافق نکالو۔ مثلاً پہلا حرف ف تھا۔ تو اسم باری تعالےٰ کا فتاح ہوا۔ اگر حروف کے مطابق اسم باری تعالیٰ کوئی ایسا نہ ملے جس کا پہلا حرف بھی وہی ہو۔ تو پھر اللہ تعالےٰ کے اسماء کے آخری حروف کی مطابقت کرو۔ مگر یہ حرف صرف اس صورت میں کیا جائے جبکہ پہلا موافق حرف کا اسم نہ ملے مترجم۔ چنانچہ موکل اور اللہ تعالےٰ کے اسماء نکالنے کی ترکیب مندرجہ بالا مثال کے مطابق یہ ہے۔

پہلا حرف ہے ف کا موکل سرحمائیل ہے۔ پھر خ کا موکل ہمکائیل ہے۔ آگے کا موکل امواٸیل ا کا موکل اسرائیل۔ ل کا موکل طاطائیل۔ ن کا موکل مولائیل۔ اس کا موکل ہمواکیل۔ پھر ا دوبارہ آیا چھوڑ دیا اور حرف غ کا موکل لوخائیل۔ آگے ل اور ا دوبارہ ان کو چھوڑ دیا اور م کا موکل روپائیل لیا۔ ح کا موکل تنکفیل س دوبارہ آیا۔ چھوڑ دیا۔ اور ی کا موکل سرکہکائیل لیا۔ اور ن دوبارہ آیا ساقط ہوگیا۔

اب ان موکلات کے اسماء کے مطابق اسماء باری تعالیٰ نکالے اور وہ یوں کہ پہلا حرف ف ہے جس کا موکل سرحمائیل ہے۔ اب دیکھو کہ اللہ تعالےٰ کا وہ کونسا اسم مبارک ہے۔ جو ف سے شروع ہوتا ہے۔ اور اس اسم میں طالب اور مطلوب کے اسماء کے حروف کا غلبہ ہے۔ تمام اسماء کو دیکھنے سے معلوم ہوا۔ کہ اسم باری تعالیٰ فتاح ہے۔ جو ف سے شروع ہوتا ہے۔ اور اس اسم سے ف ا۔ ح۔ تین حروف ایسے ہیں۔ جو طالب و مطلوب کے ناموں میں آتے ہیں۔ اس لئے اسم

---

[۱] اسمائے موکل اور باری تعالےٰ نکالنے کا جو طریقہ اصل کتاب میں دیا گیا ہے۔ وہ آسانی سے سمجھ میں نہیں آسکتا تھا۔ اس لئے اس کا حرف بحرف ترجمہ نہیں کیا گیا۔ بلکہ طالب کی آسانی کے لئے دوسری طرز پر اپنے الفاظ میں سمجھا دیا گیا ہے۔ تاکہ کسی قسم کی دقت نہ ہو۔

باری تعالٰے فتاح ہوا۔ دوسرا حرف خ ہے۔ پھر دیکھو کہ اللہ تعالٰے کا کونسا اسم ایسا ہے جو خ سے شروع ہوتا ہے۔ معلوم ہوا کہ حافض۔ خالق اور خبیر تین اسم ایسے ہیں۔ اب پھر دیکھو کہ ان اسماء میں سے کونسا اسم ایسا ہے۔ جس میں طالب مطلوب کے حروف کا غلبہ ہے تو معلوم کہ حافض ہے۔ کیونکہ خ ا ادر ف تین حروف ملتے ہیں۔ پس اسم باری تعالٰے حافض لیا۔ پھر تیسرا حرف ر ہے۔ اور اس کا موکل المواکیل ہے۔ اسم باری تعالٰے رب روف۔ رزاق۔ رحیم اور رحمٰن نکلے۔ ان اسماء میں سے رحیم یا رحمٰن ایسے ہیں۔ جن کے حروف طالب و مطلوب کے اسماء میں آئے ہیں۔ اس لیئے ان دونوں اسماء میں سے کوئی اسم لے لیا۔

غرض اس طرح سے سارے اسماء باری تعالٰے نکالو۔ اور مکرر حروف کو اس میں بھی چھوڑ دینے کے بعد یہ حرف حاصل ہوئے۔ ف۔ خ۔ ر۔ ل۔ ن۔ س۔ و۔ د۔ غ۔ م۔ ح اور ی کل تیرہ حروف نکلے۔ اب ان کو دو دو یا تین تین یا چار حروف کے مجموعے میں جیسے کہ بن سکیں اکٹھا کرو۔ جیسے کہ فخر۔ ودغم۔ حی۔ پھر مرکب کرنے کے بعد اس طرح عزیمت بناؤ۔ عزیمت کے خاص الفاظ جو بیان کئے گئے ہیں۔ اس طرح لکھو۔ حرف جو موکل ادر اسم باری تعالٰی کے اور مرکب حروف تم نکالو۔ ان کو درج کرو۔ عزیمت کے خاص الفاظ پر طالب کی پہچان کے لیئے لکیر دے دی گئی ہے۔ چنانچہ مثال مندرجہ بالا کی عزیمت یوں ہوگی۔

والمهنا والهكم وهو الاسماء الله يا فتاح يا حافض يا رحيم يا احد يا لطيف
يا نافع يا سلام يا ودود يا غني يا محي يا حميد يا قوي ومن اسماء واسمائكم والملائكة
المقربين والارواح المقدسين منقود دتجو قلب فخر النساء على حب العطاء الرفعت
والحسمت غلام حسين دائما ابدًا سرمدًا في كل حال وزمان ومكان العجل العجل اگر
کسی خاص مطلوب کے لیئے نہ ہو۔ بلکہ عام تسخیر کے لیئے ہیں۔ تو یوں بنائے على قلب مخلوق على
احب غلام حسين عاشقا ومجنونا دائما ابدًا سرمدًا ...... الخ۔

سمجھنے کی بات: اوپر بیان کیا گیا ہے۔ کہ اگر اسماء باری تعالٰی میں حرف کے مطابق کوئی اسم نہ ملے

عزمت عليكم واقسمت بكم بكل اسم حاصل من تكسير هذا الحروف فخر النسو ودغم
حي يا مواكيل هذا الحروف يا سمحائيل يا مهكائيل يا اسرافيل يا طلخائيل يا جو
سمواكيل يا ذقتمائيل يا دردائيل يا لوقائيل يا ردمائيل يا تنكفيل يا سمكمتائيل من اسماء ربنا وربكم

توپھر ایسا اسم تلاش کرو۔ جس کا آخری حرف وہی ہو۔ چنانچہ مثال مندرجہ بالا میں یٰ ایک ایسا حرف ہے۔ جس نام سے اللہ تعالےٰ کا کوئی اسم شروع نہیں ہوتا۔ اس لیئے ایسے موقع پر ایسے اسماء تلاش کرو۔ جس اسم کا آخری حرف ی ہو تو معلوم ہوا کہ ایسے اسم حیؔ۔ قوی ہیں۔ ان دونوں اسموں میں حیؔ ایسا اسم ہے۔ جس کے دونوں حروف طالب و مطلوب کے اسموں میں ہیں۔ اس لیئے اس کو لینا چاہیئے۔ مگر قوی کو دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس میں اللہ تعالےٰ کے اسم ودود کا دبھی ہے اس لیئے اس کو ترجیح دی اور اللہ تعالیٰ کا اسم قوی کو عزیمت میں درج کیا۔ مختصر یہ کہ شرائط مذکورہ بالا کے ساتھ حروف کے غلبہ کا خیال رکھ کر باری تعالیٰ کے اسماء کو نکالو۔ مترجم۔

جب عزیمت تیار ہو جائے تو پھر اس کو حروف تہجیہ کے گرداگرد لکھو۔ لیکن چونکہ فتیلہ بنا کر جلانا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے اسماء کو جلانا مسلمان کو نہیں چاہیئے۔ اس لیئے اسمائے باری تعالیٰ کی جگہ ان کے اعداد لکھو اور تکسیر کی سطروں کے مطابق فتیلے بناؤ اور جلاؤ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو گا۔

اے مومن اس طرح اللہ تعالےٰ کے ننانوے نام علیحدہ علیحدہ اور عجیب تاثیر رکھتے ہیں جن کے بیان کرنے کو ایک ضخیم کتاب کی ضرورت ہے۔ ان اسماء میں سے جلالی اسم تلوار کی مانند تیز ہیں جمالی اسم ماں کی طرح شفیق اور مہربان ہیں۔ جمالی اسماء کو پڑھنے سے اگر پرہیز میں کوئی نقص واقع ہو گا تو کوئی نقصان نہ ہو گا۔ مگر جلالی اسماء کے ورد میں اگر پرہیز میں کوئی خرابی واقع ہو تو رجعت کر دیتے ہیں۔ اور عامل کو پاگل بنا دیتے ہیں۔ (موت کا خطرہ بھی ہے) مفلسی کا موجب بنتے ہیں پس اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے اور کسی عامل سے پوچھ کر کام کرنا چاہیئے۔

بندہ سے جہاں تک ہو سکا۔ تشریح کر دی۔ مگر پھر بھی احتیاط لازم ہے۔ بعض اسماء جن کے اعمال استادوں نے مجھ کو تعلیم فرمائے بغرض فائدہ دوستاں لکھدیئے ہیں۔ تاکہ مسلمان بھائی فائدہ حاصل کریں۔ اور اس بے علم کے حق میں دعائے خیر کریں۔ جن اسماء کے مفصل اسرار تحریر کیئے ہیں۔ وہ خاکسار کے عمل میں آئے ہیں۔ اور ان کی تاثیر اپنی آنکھوں سے دیکھ چکا ہوں۔ اب میں پہلے باب کو اس جگہ ختم کرتا ہوں۔ کیونکہ عامل کو جن باتوں کی تحقیق کرنی چاہیئے۔ مثلاً اعداد اسماء الٰہی۔ اسماء موکل۔ اعداد حروف تہجی۔ حروف کے موکل۔ ان کے عناصر اور بعض وہ اسم جن سے بندہ واقف تھا۔ سب تحریر کر دیا ہے۔ آپ خود ہی انصاف فرمائیں۔ کہ میں نے اسماء الٰہی کی تشریح کس قدر واضح اور صاف طور پر بیان کر دی ہے۔

---

(۲)

دوسرا باب

قرآن مجید کی آیات کے خواص کا بیان

اس باب میں بہت سی آزمودہ دعائیں لکھی جائینگی۔ اس باب کی ابتداء کی جاتی ہے کیونکہ یہ سورہ شریف تمام کلام پاک کی جان ہے۔ اور شرح اور صفت کے قابل ہے۔ اگر کوئی اس سورہ مبارک کے صرف ایک مبین ہی کا عامل ہوجائے تو بادشاہ و امراء اس کے خدمت گار اور نوکر بن جائیں اگر کوئی مسلمان نماز روزہ کے ساتھ دھیان الٰہی میں مصروف رہے تو عملیات کا لطف اٹھائے۔ چنانچہ سورہ لیٰسین کے عمل کی وہ ترکیب بیان کرتا ہوں۔ جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

عمل: اوّل اس کے اسناد معلوم کرنا چاہیئے۔ یہ عجیب و غریب ہے۔ جس شخص نے اس سورہ شریف کے عمل کا طریقہ جان لیا۔ اس کو کسی عمل کی ہرگز ضرورت نہ رہے گی۔ کیونکہ تمام دنیا کی بہتری اس میں مضمر ہے۔ خدا کی قسم اس سورہ کے موکل اس قدر رحمدل دانا اور وفادار ہیں۔ کہ ان کی تعریف اس عاجز سے ممکن نہیں۔ اور جاننے والے ہی اسے جانتے ہیں۔ اس کے خواص و فوائد اس قدر ہیں کہ بیان کرنے سے انسان کی زبان قاصر ہے۔ صرف رسول ہی اس کو ظاہر کر سکتے ہیں۔

بندہ کی ملاقات حضرت عبدالقادرؒ صاحب سے ہوئی۔ جو حافظ ولی اللہ صاحب جیسے زاہد اور حاجی کے مرید تھے۔ یہ وہی حافظ صاحب ہیں۔ جنہوں نے سات مرتبہ پاپیادہ حج کیا مجھ کو حافظ صاحب سے بھی نیاز حاصل ہے۔ جناب عبدالقادر خاں صاحب کو اعلیٰ درجہ نصیب کرے۔ اس عمل کو حاصل کرنے کے بعد بھی کئی صفات اور خواص مجھ کو بغیر استاد کے معلوم ہوئے جن کو بیان کرنے کے لیئے کتاب کے کئی جزو درکار ہیں۔ محض دوستوں کے فوائد مدِ نظر رکھ کر کسی قدر تحریر کرتا ہوں۔ کیونکہ اسرارِ الٰہی کا اظہار اہل دنیا پر کرنا غلطی ہے۔ خدا کی قسم اگر تم عمل سے آگاہ ہو جاؤ تو ہر قسم کے اعمال سے بے پرواہ ہو جاؤ گے۔

سب سے پہلے زکوٰۃ سورۃ مذکورہ اس طور پر ادا کرنی چاہیئے۔ کہ سورہ شریف کو اعراب کی درستی کے ساتھ زبانی یاد کر لو۔ اور اس طور پر حفظ کرو۔ کہ پڑھنے میں رکاوٹ یا غلطی واقع نہ

ہونے پائے۔ بعدازاں رجب یا شعبان یا محرم کے مہینے میں علی الصباح دریا پر جاکر غسل کریں اور پھر کنارے پر تنہا بیٹھ کر سورہ مذکورہ کی عزیمت کو اوّل وآخر درود شریف کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ عزیمت مع موکل یہ ہے۔

عزمت علیکم بوب یسین والجبریل والمیکائیل تماندعوفت عبیکم بخاتم سلیمان بن داود علیہ السلام الذی سخرلہ کل شیٔ من امر اللہ جبھرًا سبحانہ تعالیٰ عما یصفون :

عزیمت کو ختم کر کے کسی قدر درود شریف پڑھے اور پھر دریا کے اندر یہاں تک چلا جائے کہ پانی ناف تک آجائے۔ تب ننگا ہو۔ چالیس مرتبہ سورہ مذکور کی تلاوت کرے اور کسی قسم کا خوف ہرگز نہ کرے۔ بلکہ حصار کرے۔ عزیمت اور سورہ کے پڑھنے میں کامل سکون اور اطمینان رکھے چالیس مرتبہ تلاوت کرنے کے بعد دریا سے نکل آئے۔ اس طرح چالیس دن کرے دوران چلہ میں جلالی پرہیز مکمل کرے وترک حیوانات۔ پیاز۔ انڈہ۔ لہسن، گھی، دودھ، وغیرہ ہر قسم کے لذات سے بھی پرہیز رکھے۔ چلہ ختم ہونے پر اسرار باطن عامل پر ظاہر ہوں گے۔ اور ہر شے کا کامل عامل بن جائے گا۔

اکتالیسویں دن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاروں موکل، جبرائیل، اسرافیل میکائیل۔ عزرائیل کی نیاز دے کر تقسیم کرے

زکوٰۃ کا طریقہ بیان کرنے کے بعد اب میں اس سورہ مبارک کی چند آیات کی تشریح اور توصیف اور ان کے فوائد وخواص بیان کرتا ہوں۔ ان آیات کو شرینی پر دم کرکے حب کے لیئے مطلوب کو کھلائے یا کسی اور غرض کے لیئے دم کر کے دے۔ خدا کی قسم انتہائی ظالم، جانی دشمن اور سنگدل سے سنگدل شخص بھی فرمانبردار اور غلام بن جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وجعلنا من بین ایدیھم سدًا ومن خلفھم
تا آخر آیت تک ۔

نفاق اور جدائی کے لیئے : دو شخصوں میں خواہ وہ کیسے ہی ایک دوسرے کے عاشق کیوں نہ ہوں نفاق ڈالنے اور ان کو جدا کرنے کے لیئے یہ کرے آیت ذیل کو دو کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے اور ساتھ اس کے البغض فلاں بن فلاں والعداوت فلان بنت فلان بھی لکھے اور پاک پانی میں دھو کر پلادے دونوں کے درمیان ہمیشہ ہمیشہ کے لیئے لڑائی اور دشمنی ہو جائے گی۔ اور مرتے دم تک علیحدہ رہیں آیت یہ ہے۔

وسواءٌ علیھم ا انذرتھم ... آخر تک

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو؛ یا ناراض ہو کر کسی جگہ چلا گیا ہو۔ تو آیت مذکورہ بالا گیارہ مرتبہ پڑھ کر چاروں طرف پھونک ماردو۔ بھاگا ہوا شخص واپس آئے گا۔ اگر ناراض ہو گا تو راضی ہو گا۔

عداوت کو دوستی اور محبت میں بدلنے کیلئے؛ آیت ذیل کو صاف و پاک پانی میں دھو کر پلائے۔ پانی پیتے ہی دشمنی اور عداوت دوستی اور محبت میں تبدیل ہو گی۔ آیت یہ ہے۔

انما تنذر من اتبع الذکر ... آخر تک

بیمار کے لئے؛ بیمار شخص کو آیت ذیل کاغذ پر لکھ کر پلائے۔ یا پانی پر دم کر کے پانی لائے خدا کے فضل سے صحت عطا ہو گی۔ اور تندرستی نصیب ہو گی آیت یہ ہے۔

انا نحن نحی الموتی ونکتب ماقدموا .... مبین تک

دیگر؛ مندرجہ بالا مبین سے لیکر اگلے مبین سے اگلی آیت جو۔ منا عذاب الیم ،، پر ختم ہوتی ہے۔ نفاق۔ بغض۔ حسد۔ زبان بندی اور دشمن کو تکلیف دینے کے لئے زود اثر اور مجرب ہے۔ عامل کو اختیار ہے کہ جس طور پر چاہے۔ عمل کرے۔ جیسا کہ اس کی عقل میں آئے۔ آیت اپنا اثر ضرور دکھائے گی۔ کیونکہ مثل مشہور ہے۔ کہ طبیب کی رائے کتاب کی رائے سے بہتر ہوتی ہے۔

دیگر؛ اگر کسی جماعت میں بے اتفاقی۔ جھگڑا اور کشیدگی ہو۔ اور اس میں صلح کرانی ہو تو اس آیت کو پڑھ کر اس جماعت کی طرف دم کرے یا کسی کاغذ پر لکھ کر دھو کر ان سب کو پلائے یا آیت لکھ کر کوئیں میں ڈالدے۔ جہاں سے وہ پانی پیتے ہوں تو ان میں صلح صفائی ہو جائے گی آیت کرم یہ ہے۔

وجاء رجل من اقصا المدینۃ .... مھتدون تک۔

دشمن کو ہلاک کرنے؛ کے لئے یہ آیت لکھ کر یا کسی چیز پر دم کر کے دشمن کو کھلائے تو وہ تباہ و برباد ہو گا۔ مگر پڑھنے یا لکھنے یا لکھتے وقت دشمن اور اسکی ماں کا نام ضرور لے یعنی اس طرح کہے

فلاں بن فلاں اخوب واخبت بین الناس واھلاکُ بعذاب لشدید"

یقیناً دشمن تباہ و برباد ہو گا۔ آیت کرم یہ ہے۔ وما انزلنا علیٰ قومہ من بعدہ۔ خامدون تک

کھیتی باڑی میں کثرت: افزائش میوہ جات باغ اور ان کی حفاظت کے لیئے ذیل کی آیات پیداوار مطلوب ہو دفن کردے اور کاغذ پر لکھ کر دھو کر بہت سے پانی میں ملا کر باغ یا کھیت میں چھڑک دے اگر بیج پر دم کرکے بوٹے تو غلہ بکثرت ہو۔ آیات یہ ہیں۔

۱۔ وآیۃ لھم الارض سے لے کر ...... تاکلون تک

۲ جعلنا فیہا جنت سے لے کر ...... من العیون تک

۳ لیاکلون ثمرہ سے لے کر ..... یشکرون تک

دیگر: اگر ان آیات کو کھانڈ کے ٹکڑوں پر لکھ کر چالیس دن تک ایک ٹکڑا صاف و پاک پانی میں دھو کر اس عورت کو روزہ پلایا جائے۔ جو بانجھ ہو۔ جس کا حمل گر جاتا ہو تو اس کی برکت سے اس کا حمل قائم رہے گا۔ اگر بانجھ ہو گی تو حاملہ ہو گی۔ ایک کاغذ پر لکھ کر عورت کے پیٹ پر باندھے آیت شریف یہ ہے۔

سبحان الذی خلق الازواج کلھا مما ..... یعلمون تک

دو شخصوں میں بغض و نا اتفاقی اور جدائی کی غرض سے۔ آیات ذیل لکھ کر دھو کر دونوں کو پلائیں یا کھلائیں۔ ان کے نام بھی معہ ان کی ماں کے لکھیں۔ بے شک ان دونوں کے درمیان عداوت اور لڑائی ہو جائے گی۔ آیات یہ ہیں۔

۱۔ وآیۃ لھم الیل نسلخ منہ النہار سے لیکر .... مظلمون تک

۲ والشمس تجری . . . . . . عزیز العلیم تک

۳ والقمر قدرناہ منازل . . . . . . عرجون القدیم تک

۴۔ لا الشمس ینبغی لہا . . . . . . فلک یسبحون تک

دیگر: اگر عورت کا حمل گر جاتا ہے تو اسقاط کا دورہ ہوتا ہے۔ تو آیت ذیل کو تین کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھ کر تین تعویذ بنا کر ایک ٹکڑا روز پلائے۔ اور ایک علیحدہ کاغذ پر بھی لکھ کر تعویذ بنا کر کمر سے باندھے۔ انشاء اللہ تعالے حمل قائم رہے گا۔

اگر کوئی شخص کشتی میں سوار ہو اور اس کو پڑھے تو کشتی سلامتی سے کنارے جا لگے گی۔ آیت مبارک یہ ہے۔

وآیۃ لھم انا حملنا ذریتہم فی الفلک ..... الی حین تک

دیگر: ایک روغنی روٹی پر اس آیت شریف کو لکھ کر ملیدہ بناؤ۔ اور کسی چیز کے گم ہو جانے پر جن جن

لوگوں پر شبہ ہو۔ ان کو ایک ایک نوالہ کھانے کو دو۔ مگر کھانے سے پہلے اس ملیدہ پر ایک مرتبہ سورہ یٰسین مکمل پڑھ کر دم کرو۔ جس شخص نے وہ چیز چرائی ہوگی اس کے حلق سے نوالہ نیچے نہ اتر سکے گا۔ جو کہ زمین پر گر پڑے گا۔ اور چور کا پتہ لگ جائے گا۔

فاالیوم لا تظلم نفس ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ما کنتم تعلمون تک

دیگر :۔ آیات ذیل کا شکر یا مصری یا گلقند پر دم کر کے اس مرد کو کھلایا جائے۔ جو اپنی بیوی سے رنجیدہ ہو۔ تو شوہر فرمانبردار بن جائے گا۔ اگر کھلا نہ سکے تو عورت تعویذ اپنے پاس رکھے۔ آیات یہ ہیں۔

۱۔ ان اصحاب الجنۃ الیوم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فاکھون تک

۲ ھم وازواجھم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ متکون تک

۳ ھم فیھا فاکھۃ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ یدّعُون تک

دیگر : آیاتِ ذیل کو سات مرتبہ پڑھ کر اپنے آپ پر دم کرے اور حاکم یا بادشاہ کے روبرو چلا جائے۔ خواہ کیسا ہی مجرم کیوں نہ ہوگا۔ اس پر رحم کیا جائے گا۔ اور فتح و نصرت سے واپس ہوگا۔

سلامٌ قولا من رب رحیم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ایھا المجرمون تک

چغل خور لوگوں کی زبان بندی کے لیئے : اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر چغل خور لوگوں کے سر کے بالوں کو گرہ دے۔ اگر بدگو اور چغل خور بہت ہوں۔ ان کے سر کے بال میسر نہ آسکیں تو نابالغ لڑکی سے سوت کا دھاگہ کتوا کر نیلا رنگ کرے اور اتنے ہی دھاگے بنوائے۔ جس قدر کہ چغل خور ہوں پھر ہر شخص کے نام پر سات مرتبہ پڑھ کر سات گرہ دے اور ان دھاگوں کو کسی اندھیرے کنوئیں میں ڈال دے۔ انشاء اللہ وہ لوگ چغل خوری نہ کرنے پائیں گے آیت کریم یہ ہے۔

دشمن کو تکلیف دینے کیلئے : جو راستہ میں کنکر اٹھا کر لائے۔ اور ان کنکریوں پر آیت پڑھ کر دم کر کے دشمن کے گھر میں پھینک دے۔ یا تین دن تک یہ آیت دھو کر پلائے۔ انشاء اللہ دشمن دین و دنیا کے کام کا نہ رہے گا۔ بلکہ اندھا یا لنگڑا ہوگا۔ آیت یہ ہے۔

ولو نشاء لطمسنا علی اعینھم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ لا یرجعون تک

اگر کفار مسلمانوں پر ہجوم کریں۔ یا لڑائی کا ارادہ کریں تو اس آیت کو کنکروں پر دم کر کے

کفار کی جانب پھینک دے ۔ وہ سب بھاگ جائیں گے۔ اگر جنگ کریں گے تو شکست اٹھائیں گے آیت شریف یہ ہے۔

واتخذو من دون اللہ الہتہ العلیم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ جند محضرون تک ۔

اس کے بعد آیات شان قہاری رکھتی ہیں جو تباہی وبلا کی دشمن کے لیئے کام آتی ہیں۔

اگر کوئی شخص کیمیا بناتا ہو۔ مگر اس سے نہ بن سکتا ہو تو چاہیئے کہ آیات ذیل کو ہر وقت اپنا ورد بنائے ۔ بوٹی کو اکھاڑنے ۔ چولھا بنانے ۔ آگ دینے ۔ تانبہ پگھلانے غرض کیمیا کا ہر کام کرنے کے وقت بغیر شمار کئے زبان سے پڑھتا رہے ۔ انشاءاللہ اس کی برکت سے اس کا نسخہ ٹھیک اترے گا اگر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے گا ۔ تو شفا ہو گی ۔ آیات یہ ہیں ۔

وضرب لنا مثلا و نسی خلقہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ والیہ ترجعون تک ۔

اے عامل ! جان لے کہ اس سورہ مبارک میں حب و بغض ۔ دفع امراض وغیرہ وغیرہ کے لیئے بہت سی آیات ہیں ۔ ان کی تشریح میں کہاں تک کروں ۔ کیونکہ اس سورت کے اسرار بہت عجیب وغریب ہیں ۔ لیکن تاہم کسی قدر تشریح کر دی ہے ۔ اب مختصر طور پر اس کے اسناد بھی لکھتا ہوں ۔ اس کو نااہل لوگوں سے چھپا نہیں سکتا ۔

اول : یہ کہ اس سورت کا جب تو عامل بن جائے گا ۔ تو ہر بلا اور جادو وغیرہ سے محفوظ رہے گا ۔ اگر اس سورت کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے امیر حاکم یا بادشاہ کے سامنے جائے گا ۔ تو وہ عزت و حرمت سے پیش آئے گا ۔ اور تیرا مقصد پورا کرے گا ۔ اگر سورج نکلنے سے پہلے ہر روز ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے گا ۔ تو مرنے کے بعد قبر روشن اور فراخ ہو گی ۔ کوئی مشکل تجھ کو یا کسی دوسرے کو پیش آئے ۔ تو جس طرف وہ مہم ہے ۔ تین دن تک ایک ہزار چالیس مرتبہ معہ عزیمت کے پڑھ کر دم کرے مقصد پورا ہو گا ۔ اگر کسی کو اپنے عشق میں گرفتار کرنا ہو ۔ تو تمام سورت لکھ کر اس پر تمام سورت پڑھ کر دم کر کے فتیلہ بنائے ۔ اور خوشبودار تیل ڈال کر چراغ میں جلائے ۔ چراغ کا منہ خانہ محبوب کی طرف کر دے وہ فریفتہ ہو کر خود بخود حاضر ہو گا ۔ اگر کسی کو بہت ہی فریفتہ کرنا ہو تو کسی مسلمان کی پرانی قبر سے مٹی لے کر مٹھی میں رکھ کر ساری سورت کو پڑھ کر اور ثواب صاحب قبر کو بخشدے اور مٹی پر دم کرے اور صاحب قبر کو قسم دے کر کہ اے قبر والے تجھ کو خدا اور رسول کی قسم جس کو تیری قبر کی مٹی کھلاؤں ۔ وہ میرا تابعدار غلام بن جائے ۔ اس کے بعد ایک ماشہ مٹی لے کر شکر یا مصری میں ملا کر جس کسی کو کھلائے کھاتے ہی بے چین اور فریفتہ ہو جائے گا ۔

اگر حاملہ عورت درد میں مبتلا ہو تو شکر یا مصری پر اس مبارکہ کو دم کر کے کھلاوے کھاتے ہی درد موقوف ہوگا۔ اور بچہ اس کے پیٹ سے نکل آئے گا۔

دیگر؛ اگر لوگ تیرے پاس آ کر چور کا پتہ پوچھیں تو ایک پاؤ آٹا منگوا کر کوئیں سے تازہ پانی منگواؤ اور پانی تین مرتبہ سورہ شریف دم کر کے آٹا گوندھے اور ایک چھٹانک گھی ملا کر روغنی روٹی پکائے روٹی تیار ہونے پر اس آیت کا نقش جو سورہ یسٰین کا ہے۔ اور کہ سورہ مذکور کی جان ہے کلام مجید کے تمام موکل اس کے تابع ہیں لکھے۔ آیت یہ ہے۔

سلام قولاً من رب الرحیم

اس کے عدد آٹھ سو گیارہ ہیں۔ اس کا نقش بھی تحریر کرتا ہوں۔ یہی نقش روٹی پر بھی لکھے نقش کے پُر کرنے کا طریقہ اس باب میں لکھا جائے گا۔ کہ ایک لاکھ نقش بھی لکھنے ہو تو ایک ساعت میں لکھے جائیں۔ وہ نقش جو روٹی پر لکھا جائے گا یہ ہے۔

جبرائیل ۷۸۶ میکائیل

۱۹۷	۲۱۰	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۵	۲۰۳	۱۹۸	۲۰۹
۲۰۲	۲۰۵	۱۱۲	۱۹۹
۲۱۱	۲۰۰	۲۰۱	۲۰۶

اس کے بعد اس نقش کے چاروں طرف یہ آیت لکھ دے۔

لا تظلم نفس شیاً و لا تجزون الا ما کنتم تعلمون۔

پھر روٹی کا مالیدہ بنائے۔ اور تین مرتبہ سورہ یسٰین پڑھ کر دم کرے اور جن لوگوں پر چوری کا شبہ ہو۔ ایک ایک نوالہ کھانے کو دے اور کہے۔ کہ ایک دفعہ کھا جائیں۔ انشاء اللہ چور کے حلق سے نوالہ نہ اترے گا۔ بلکہ غلولہ بن کر زمین پر گر پڑے گا۔

چور کا نام دریافت کرنے کا دوسرا طریقہ ؛ یہ طریقہ بہت مشہور ہے وہ یہ کہ ساٹھی کے چاول لے کر پاک اور تازہ پانی میں دھو ڈالیں۔ اور دھوپ میں خشک کر کے تین مرتبہ سورہ یسٰین پڑھ کر دم کرے اور پانی میں بھگو دے۔ رات بھر پانی میں بھیگے رہیں۔ صبح ایک چار یاری روپیہ جس پر کلمہ شریف منقش ہوتا ہے۔ لے کر اس کے برابر تول تول کر وہ چاول ان سب لوگوں کو کھلائے جن پر چوری کا شبہ کیا گیا ہو۔ اگر خدا نے چاہا تو چاول مذکور چور کے حلق سے نہ اتریں گے۔ مگر یہ تمام اعمال درست ہو سکتے ہیں۔ جبکہ دریا کے کنارے پہلے زکوٰۃ دے دے گا۔ بغیر زکوٰۃ ادا کرنے کے اگر کتاب ہی کو دیکھ کر اعمال کرے گا۔ تو کوئی نفع نہ ہوگا۔ اگر کلام الٰہی کی برکت سے

کسی کے حلق سے چاول یا ملیدہ نہ اترا تو عامل کو نقصان ہوگا۔ کیونکہ عمل کرنے والا۔ جب تک کہ اس نے زکوۃ نہیں دی (مترجم)

ان موکلوں کا حاکم نہیں ہے۔ اس حالت میں یہ بھی امکان ہے۔ کہ شخص کے حلق سے چاول یا ملیدہ نہ اترا ہو۔ وہ چور نہ ہو۔ اور بھری مجلس میں اس کی خواہ مخواہ رسوائی ہو۔ مال بھی اس سے برآمد نہ ہو۔ تو وہ شخص بھی عامل کو نقصان پہنچائے گا۔ اور سورت کے موکل کا بھی اندیشہ ہے۔ (مترجم) کہ عامل کو جان ہی سے مار ڈالیں۔ پس کوئی شخص بغیر زکوۃ دینے کے ایسی حرکت نہ کرے۔ ورنہ اپنی بیوقوفی کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔ میں نے بتلانے میں کوئی فرق نہیں چھوڑا۔

چور معلوم کرنے کے متعلق یہ تیسرا طریقہ ہے۔ اگر کوئی شخص چور کے ہاتھوں سخت تنگ ہو۔ تو لازم ہے۔ کہ ایک چھری چھوٹی سی بنوائے اور چالیس مرتبہ سورہ یسین پڑھ کر دم کرکے کسی جگہ کھڑا ہو کر چھری کو زمین میں اس کو دفن کرے۔ کہ اس کا دستہ کسی قدر زمین سے باہر نکلا رہے اس کے بعد اس پر آگ جلاتا رہے۔ انشاء اللہ ان دنوں کے اندر ہی چور کے پیٹ سے خون جاری رہے گا۔ جب تک کہ چھری کو نہ نکال لیا جائے۔

اے برادر جان کہ بندہ کو جس قدر جناب عبدالقادر خان صاحب جن کی اوپر تعریف کی گئی ہے اور ان کے مرشد حافظ صاحب نے بتایا۔ تحریر کر دیا ہے۔ اب دیگر اعمال جو دوسرے بزرگان دین سے سورت مذکور کی حاصل کیئے ہیں تحریر کرتا ہوں۔ لیکن ان سب میں پہلی شرط یہ ہے کہ سورت مذکور کی زکوۃ پہلے بالضرور ادا کرے۔ تاکہ جس کام کے لیئے عمل کرے۔ اثر عجیب دیکھے اور لطف اٹھائے۔ اور خاکسار کو دعائے خیر سے یاد کرے۔

فوائد وخواص سورہ یسین ؛ جو مختلف استادوں سے اس عاجز کو حاصل ہوئے معہ ان بزرگوں کے نام اور اسنادکے

قاعدہ : غالب ومغلوب دریافت کرنے کے لیئے : اگر دو شخص آپس میں لڑ رہے ہوں تو یہ معلوم کرنے کے لیئے کہ کون جیتے گا۔ کمان کے دو تیر لے کر کسی دوسرے شخص کے ہاتھ میں دے دے وہ شخص باوضو ہو اور تیروں کے پروں کو ہاتھ میں پکڑ کر ان دونوں تیروں کے درمیان ایک ہاتھ کی لمبائی کا فاصلہ رکھے۔ عامل ایک تیر پر ایک شخص یا فریق کا نام لکھے۔ اور دوسرے پر دوسرے شخص یا فریق کا نام تحریر کرے۔ پھر سورہ یسین کی تلاوت شروع کرے۔ مگر چند مرتبہ پہلے وہ عزیمت جس کا ذکر ادائے زکوۃ میں کیا گیا ہے۔ ضرور پڑھے پس جس شخص یا فریق کی تقدیر

ہیں شکست ہے۔ اس کے نام کا تیر پکڑنے والے کے ہاتھ سے خود بخود گر کر اس قدر تیزی سے بھاگنے لگے گا کہ روکا نہ جائے گا۔ اگر انجام دونوں فریقوں میں صلح پر ہوگا۔ تو دونوں تیر باہم مل جائیں گے جس سے معلوم ہوگا کہ آخری صلح ہوگی۔

قاعدہ: اگر کسی کو کوئی مہم درپیش ہو۔ تو چاہیئے کہ وہ سورہ مذکور کو حفظ یاد کرے۔ اگر پہلے سے یاد ہو تو دوبارہ احتیاط کے طور پر صحت کے لیئے یاد کرے۔ ازاں بعد ہر روز عشاء کے وقت غسل کر کے قبلہ رو جانماز پر کھڑا ہو جائے اور سر پر قرآن کریم رکھ کر سات دفعہ سورہ مذکور کی تلاوت کرے اور بعد میں اپنی حاجت درگاہ الٰہی سے طلب کرے۔ یقیناً سات ہی دنوں کے اندر اندر اس کی حاجت پوری ہوگی۔ ہرگز شک نہ کرے کیونکہ شک کرنے والا اہل ایمان نہیں ہے۔ کرنے والا اہل ایمان نہیں ہے۔

قاعدہ: کوئی سخت مشکل پیش آجائے۔ اور وہ مشکل کو حل نہ کر سکتا ہو۔ تو تین دن تک بیٹھ کر بلند آواز سے سورہ یسٰین چالیس مرتبہ روز پڑھے اور اہل قبور کی ارواح کو اس کا ثواب بخشدے اور اپنی حاجت درگاہ الٰہی سے طلب کرے۔ خدا کے حکم سے تین ہی دن میں اس کی حاجت پوری ہوگی

دیگر: یہ عمل مجھ کو ایک بزرگ سے جن کا اسم گرامی مولانا کمال الدین شاہ صاحب تھا۔ اور کہ عامل باعمل تھے۔ خاکسار کو حاصل ہوا۔ اگر کوئی اس ترکیب پر عمل کرے تو ہر بادشاہ اور فقیر کو مسخر کرے۔ مجرب ہے اور دھوکہ نہیں دے سکتا۔ مرد کی تسخیر کے لیئے طالب کو چاہیئے کہ نر بکری کا دل مہیا کرے اور عورت کی تسخیر کے واسطے مادہ بکری کا دل ہونا چاہیئے۔ دل ثابت ہو۔ کسی جگہ سے کٹا ہوا نہ ہو۔ اس دل میں اتوار یا منگل وار کو مطلوب کا نام لکھ کر ایسی جگہ دفن کرے۔ جہاں عورت نہ جاتی ہو۔ اور نہ اس کا سایہ پڑ سکتا ہو۔ پھر وہاں چالیس دن تک اس پر آگ روشن رکھے کسی وقت بجھنے نہ دے اور فجر کی نماز کے بعد باوضو رو علی الصباح اس آگ کے سامنے ایک مرتبہ سورہ مذکور اس طور سے پڑھے کہ ہر مبین ،، پر اپنا مطلب ظاہر کرے۔ یعنی فلاں میرا تابعدار ہو جائے۔ اور مسخر ہو کر میرے پاس آجائے ،، لیکن دو جگہ عدد دو مبین ،، اور خصیم مبین پر بالکل چپ رہے۔ اور مطلب نہ کہے۔ باقی پانچوں دو مبین ،، پر اپنا مطلب ظاہر کرے اور تمام سورۃ ختم ہو جائے۔ انشاءاللہ ایک چلہ کے اندر مطلوب خواہ وہ پانچسو فرلانگ کے فاصلے پر ہوگا ضرور حاضر ہوگا۔ اگر تسخیر بادشاہ کے لیئے کیا گیا ہے تو بادشاہ مہربان ہوگا۔ خواہ وہ کیسا ہی سنگدل اور جابر کیوں نہ ہو۔

قاعدہ : دشمن کی ہلاکی وبربادی اور خانہ بربادی کیلئے ؛ آدھی رات کو اٹھ کر غسل کرے اور تنہائی میں قبلہ رو بیٹھ کر اس طرح سورہ یسین کی تلاوت کرے۔ کہ ہلاکی وتباہی دشمن کی نیت کے ساتھ پڑھے اور جب پہلی مبین پر پہنچے۔ تو پھر شروع سے پڑھنا شروع کرے اور دوسرے مبین تک پڑھے لیکن دوسرے مبین پر پہنچکر پھر شروع سورت سے پڑھے۔ اور تیسرے مبین پر پہنچکر وہیں ختم کرکے پھر آغاز سورت سے پڑھے۔ غرض ہر مبین پر رُک کر پھر شروع سے پڑھنا اختیار کرتے سورۃ کو ختم کرے۔ اور پھر دشمن کی تباہی کی دعا مانگ کر دشمن کا تصور کرکے اس کے سینے پر دم کردے۔ انشا اللہ ایک ہفتہ کے اندر دشمن تباہ وبرباد ہوگا۔

دیگر ؛ یہ عمل بندہ کو زین العابدین شاہ صاحب سے ملا۔ اور نہایت مجرب ہے۔ ہر کام کے لئے اکسیر ہے۔ زین العابدین شاہ صاحب کو یہ عمل کسی مجذوب بزرگ سے حاصل ہوا تھا۔ سینکڑوں مرتبہ تجربہ میں آیا۔ ہرگز خطا نہیں کرجاتا۔ جب کوئی عامل یا سائل دشمنوں یا فسادی لوگوں کے درمیان پھنس جائے اور بالکل عاجز ولاچار ہو۔ یا جب اس کو علم ہو کہ میری شامت آگئی ہے۔ تو یہ عمل کرے۔ اگر اتوار کا دن ہو تو بہت اچھا ہے۔ مگر علی الصبح ایک کچی اینٹ لے کر بھگوئے اور سامنے رکھ کر اکتالیس مرتبہ سورہ مذکور اس طرح پڑھے۔ کہ جب "والیہ ترجعون" کے شروع میں پہنچے تو چھری کے ساتھ اس پر ایک خط کھینچے اور اس کو چاک کرکے کہے۔ کہ میں نے فلاں کو کاٹ یا قتل کردیا تھا۔ پڑھنے کے بعد اینٹ مذکور کو دریا میں ڈالدے۔ انشاء اللہ جوں جوں اینٹ بھیگے گی۔ دشمن ہلاک ہوں گے اور عامل ان کی ایذا رسانی سے محفوظ ہوگا۔ مجرب ہے کوئی شک نہیں۔

دیگر ؛ یہ طریقہ نہایت ہی قابل تعظیم وتکریم ہے۔ پیر صاحب ممدوح ہی سے حاصل ہوا۔ صوفیائے روم کے عمل میں اکثر رہتا ہے۔ جب کوئی مہم یا مشکل پیش آئے۔ تورات کے آخری حصہ میں سورہ مذکور کی تلاوت اس طرح کرے۔ کہ ہر "مبین" پر ذیل کے اولیاء اللہ کے نام بھی لے "یا سلطان شاہ اصفہانی۔ یا سلطان بایزید بسطامی۔ یا سلطان ابوالخیر مازندرانی۔ یا سلطان ابوسعید سامانی۔ یا سلطان محمود غزنوی۔ یا سلطان ابراہیم ادھم خراسانی۔ یا سلطان غازی بخاری۔ پھر حاجت درگاہ الہی سے طلب کرے۔ خواہ کوئی حاجت ہو۔ اس طرح سے سات مرتبہ سورہ مبارک پڑھ کر اٹھ بیٹھے اور ہفتہ بھر تک ایسا ہی کرے۔ ایک ہفتہ میں مطلب پورا ہوگا۔ لیکن دوران عمل میں ترک حیوانات ولذات کرکے عورت مباشرت نہ کرے بہتر ہوگا۔ اگر عمل سے پہلے سورت مذکور کو ایک کاغذ پر اس طرح لکھ کر ہر مبین کے بعد اولیاء اللہ کے نام بھی آجائیں۔ تاکہ پڑھتے وقت غلطی نہ ہو۔

دیگو: نقش مثلث کا بیان جو سورہ ہذا کی ایک آیت سلامٌ قولاً من رب الرحیم کا ہے۔ اس آیت کے عدد نکال کر نقش مثلث پر کرے۔ ہر امیر و فقیر کے دل کو اپنی طرف مائل کر لینے میں بمنزلہ اکسیر کے ہے۔ اگر کسی کے سامنے جائے تو نقش مذکور کو چھپا کر اپنے سر میں رکھ دے۔ یا زبان کے نیچے رکھ دے۔ وہ شخص مہربان اور رحیم ہوگا۔ طالب کی آسانی کے لیئے خود ہی اعداد نکال کر نقش لکھ دیتا ہوں کل عدد اس آیت شریف کے آٹھ سو انیس (۸۱۹) ہیں۔ جن میں سے (۱۲) کم کیئے اور باقی کے تین حصے کیئے اور تیسرے حصے میں نقش کو پُر کرنا شروع کیا۔ جس سے پورے عدد کا مثلث نکل آیا۔ نقوش کے پُر کرنے کی ترکیب اور ترتیب آئندہ لکھوں گا۔ اس آیت کے عدد کا نقش یہ ہے

دیگو: یہ عمل مجھ کو ایک باکمال بزرگ جو استاد صادق۔ حاجی۔ سعید درویش۔ خوبصورت عالم فاضل اور حلال کی روزی کھانے والے تھے صاحب موصوف نے اپنی عنایت باطنی سے اس کا طریقہ عنایت فرمایا میں اس سورت کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ سحرانہ طور پر اس عمل کا عاشق بن گیا۔ حاجی صاحب موصوف نے اس عمل کی یہ بھی اجازت بخش دی کہ محتاج مسلمان کو یہ طریقہ محض خدا تعالیٰ کے نام پر بخشدوں۔ تاکہ چالیس دن ہی سے اندر وہ مالدار و غنی ہو جائے گا۔

۸۱۹

۲۷۴	۲۶۹	۲۷۶
۲۷۵	۲۷۳	۲۷۱
۲۷۰	۲۷۷	۲۷۲

اگر تجھ کو خواہش و سورہ یٰسین کے موکل تیرے مطیع ہوں اور ظاہراً و باطناً تیری خدمت میں رہیں۔ تو سورہ مذکور کو مبین اول تک زبانی حفظ کرے اور پھر ترک حیوانات کے ساتھ کسی ایسی مسجد کو عمل کے لیے انتخاب کرے جس پر چھت نہ ہو۔ اور نہ کسی قسم کا سایہ ہو۔ اور پاک و صاف لباس بھی مہیا کر لے تاکہ عمل کے وقت کپڑے اتار کر اس لباس کو پہن کر لے۔ عطر مل کر قبلہ رو بیٹھ کر جو دھونی یعنی بخور میسر ہو جلائے۔ بعد نماز مغرب سورہ مذکورہ کو پہلے مبین تک پڑھے۔ جمعرات کے دن شروع کرے روزانہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھے۔ ازاں بعد موکلوں کی نیاز دے جو کچھ پڑھا جاوے۔ اس کا ثواب نبی کریم اور موکلوں کو بھی بخشے اور اٹھ کر کھڑا ہو۔ مگر شرط یہ ہے۔ کہ کوئی نماز قضا یا ترک نہ کرے۔ ہر وقت کلمہ شریف کا ورد رکھے۔ جھوٹ مخش گوئی اور اوراحرام سے بچے اگر ہر روز روزہ رکھ سکے۔ تو بہتر ورنہ ہر جمعرات کو روزہ ضرور رکھے سکے۔ اور عمل کے وقت کسی قدر مٹھائی اور خوشبو سامنے رکھے۔ اور ایک پاکیزہ سفید چادر کو قبر کی طرح اپنے سامنے بنائے۔ اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روزہ منور کا

تصور کر کے اپنے آپ کو اس کا مجاور سمجھے ۔ عاجزی کے ساتھ وظیفہ ختم کر کے ثواب موکلوں اور نبی کریم کی روح کو بخشے اور مزار مبارک کی طرف خیال کر کے عرض کرے کہ اس کی بیبی مبین تک کے موکلوں کو میرے حوالے کر دے ۔ اور مجھ پر رحم و کرم فرمائیں ۔ اگر ہو سکے تو رو رو کر عرض کر لے ورنہ رونے والوں جیسا عاجزانہ چہرے بنائے ۔ بعد ازاں چادر کو تہ کر کے ادب کے ساتھ رکھدے اگر توفیق ہو ۔ تو جمعرات کے دن دودھ چاول کی کھیر پکا کر اپنے ہی ہاتھ سے پوری طہارت کے ساتھ تین تھالیاں کرے ۔ وظیفہ کے بعد حسب معمول نیاز دے کر ایک خود کھالے اور دوسری دونوں پلیاں ہاتھ میں لے کر دریا میں جائے اور پنڈلی تک پانی میں کھڑا ہو کر کھیر دریا میں ڈال دے ۔ انشاءاللہ ایک ہی چلّے کے اندر بلاشک دو موکل ظاہر ہوں گے ۔ جن کی شکل وصورت اور لباس عربی ہو گا ۔ ایک لمبے قد اور سبز رنگ کا ہو گا ۔ دوسرا سرخ رنگ کا ہو گا ۔ اور عمامہ سبز رنگ کا ہو گا ۔ موکل سامنے سے آکر یا پیچھے سے آکر سوال کریں گے ۔ کہ تو کیا چاہتا ہے ۔ وظیفہ ختم کرنے کے بعد عرض کرے کہ میں آپ سے دوستی اور ملاقات کا طلبگار ہوں ۔ ان کے سامنے آنے پر خود السلام علیکم کہے اور نبی کریم پر درود اور ان سے درخواست کرے کہ جب میں آپ کو بلاؤں اور کچھ عرض کروں تو مہربانی فرما کر اسکو قبول کر کے میرا مطلب پورا کر دیں ۔ وہ قبول کرینگے ۔ پھر چلہ ختم ہونے پر دودھ چاول کی کھیر پکا کر حسب معمول نیاز دے کر دریا میں ڈال دے ۔ بعد ختم عمل بھی کچھ نہ کچھ مقدار میں عمل روز پڑھتا رہے ۔ اور جمعرات کے روز جو کچھ توفیق ہو خوشبو کے اوپر نبی کریم اور موکلوں کی نیاز دیتا رہے ۔ پس عامل ہو جائے گا ۔ ضرورت کیوقت خوشبو اور روشنی مہیا کر کے پڑھے اور موکلوں کو طلب کر کے اپنا مطلب ان سے عرض کرے ۔ پورا کریں گے ۔ یہ طریقہ زکوٰۃ جو بیان کیا گیا ہے ۔ کافی ہے ۔

اگر کسی مسلمان کو کوئی سخت حاجت پیش آجائے ۔ تو وہ بغیر زکوٰۃ ادا کرنے کے بھی اس عمل کو کر سکتا ہے ۔ مگر بعد حاجت پوری ہونے کے وہ اس عمل کا عامل نہیں ہو گا ۔ اور وہ یوں کہ ایک چلہ کی نیت کر کے کامل طہارت کے ساتھ بے چھت اور سایہ کی مسجد یا اپنے مکان کی چھت پر ایک ماشہ عطر کی شیشی سامنے رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور موکلوں اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نیاز دے کر اٹھ کھڑا ہو ۔ اثنائے عمل میں ہر جمعرات کو روزہ رکھا کرے ۔ اگر ہر روز روزہ رکھے تو بہتر ہے) مغرب کے بعد چادر کی بدستور قبر بنا کر پڑھے اور اپنی حاجت طلب کرے جس رات خواب میں موکل نظر آئیں اس صبح کو اس کا مطلب پورا ہو گا ۔ جب مطلب پورا ہو جائے تو اس دن دودھ چاول کی کھیر تیار کر کے موکلوں اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام پر نیاز دے ایک

تھالی اس جگہ خود کھائے اور باقی دونوں تھالیاں جیسے کہ اوپر عمل زکوۃ میں بیان کیا ہے ۔ دریا میں ڈال آئے۔

سورہ لیسین کے عملیات ختم ہو گئے ۔ اے طالب سورہ مذکورہ کے عملیات کی شرح میں نہیں کی ۔ اس خاکسار کی زبان اور دل ہی جانتا ہے ۔ کہ سورہ شریف میں کیا کیا نعمتیں ہیں ۔ مجھ میں اتنی تاب و طاقت نہیں کہ اس سے زیادہ کچھ تحریر کرسکوں ۔

قرآن مجید کی دیگر آیات اور سورتوں کے عملیات

زکوۃ کے طریقے حب و بغض کے عملیات کی ترتیب کا بیان

اے طالب سمجھ لے کہ یہ تمام آیات حب بغض جہاں کی تسخیر میاں بیوی کے تعلقات کو خوش بنانے اور امراء اور بادشاہوں کو مسخر کرنے کے لیئے زکوۃ ادا کرنے کے بعد جس کام کے لیئے خواہ وہ حب ہو یا تسخیر محض دم کرے گا ۔ پورا پورا اثر ہوگا ۔ ان آیات کے معنوں ہی میں محبت والفت کا بیان ہے ۔ اگر خود بخود کسی کو علم نہ ہو تو کسی دوسرے سے دریافت کرے

ان آیات کی زکوۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سو بیس دنوں میں (۲۳۴۸) مرتبہ کی تعداد پوری کردے گویا (۸۴۴) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ایک سو بیس یوم میں تعداد پوری کر دے ۔ جمعرات کے دن شروع کرے ۔ بلکہ جمعہ کو عمل ختم ہو ۔ ایک ہی جگہ بیٹھ کر پڑھے ۔ رو بہ قبلہ پڑھے ۔ عمل کے وقت عنبر سنبل اور صندل کی دھونی رکھے ۔ ختم ہونے پر نبی کریم اور آیات کے موکلوں کی روح کو ثواب بخشے دودھ چاول کی کھیر پر فاتحہ پڑھ کر انہی کو ثواب بخشے اور کھر معصوم بچوں کو کھلائے ۔ اس کے بعد عامل ہو جائے گا ۔ دو شخصوں کے درمیان محبت کے لیئے صرف تین دن پڑھ کر دعا مانگے اور طالب مطلوب کے نام اور ان کے والدین کے نام ۔ اس طرح سے اعلی حب فلاں بن فلاں عاشقانہ و مجنونانہ و مفتونًا دائمًا ابدًا سرمدًا م پڑھ کر خدا چاہے محبت پیدا ہوگی ۔ مگر یہ عمل حلال کے لیئے کرے حرام کے لیئے ہرگز نہ کرے ؛؛

تمام عالم مسخر کرنے کے واسطے روزانہ اکیس مرتبہ پڑھ لیا کرے ۔ تمام خلقت مطیع فرمان

ہوگی ۔ اگر ان آیات کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ۔ تو عجب تاثیر ہوگی ۔ مگر کامل طہارت اور ادب ملحوظ رہے ۔ کسی کو عشق میں مبتلا کرنے کے لیئے معشوق کے سر کے سات بال اور طالب کے سر کے سات بال لے کر دونوں کا ایک دھاگہ بنائے اور سات گرہ دے ہر گرہ پر ان آیات کو پڑھ کر دم کرے ۔ اگرچہ ان آیات کے اور بھی بہت سے خواص اور فوائد ہیں ۔ مگر اس پر کفایت کرتا ہوں ۔ عامل کو خود پتہ لگ جائے گا ۔ اب میں ان آیات کا پتہ دیتا ہوں ۔ قرآن کریم سے نکال کر اعراب کے ساتھ درست طور پر یاد کرے ۔

۱۔ تیسرے سیپارے کے نصف کے قریب ۔ حب الشھوات من النساء ۔۔۔ حسن مآب " تک

۲ تیسرے پارے کے ثلث پر قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی ۔۔۔۔ غفور الرحیم تک

۳۔ چوتھے سیپارے کے پہلے ربع میں ھا انتم ھؤلاء تحبونھم ولا یحبونکم بالکتاب کلہ تک

۴۔ چوتھے سیپارے کے آخری نصف میں فبما رحمۃ من اللہ لنت لھم ۔۔ ۔۔۔ یحب المتوکلین تک ۔

۵ دوسرے سیپارے کے ربع اول میں یحبونھم کحب اللہ ۔۔۔۔۔۔۔ اشد حبا للہ تک ۔

۶ چھٹے سیپارے کے شروع میں فسوف یاتی اللہ بقوم ۔۔۔۔۔۔ واسع علیم تک ۔

۷ دسویں سیپارے کے ربع اول میں ھو الذی ایدک بنصرہ ۔۔۔۔ عزیز حکیم تک

۸ گیارہویں سیپارہ آخر سورہ توبہ ۔ لقد جاءکم رسول من انفسکم ۔۔۔۔۔ رءوف الرحیم تک ۔

۹ سولھواں سیپارہ سورہ مریم میں ۔ والقیت علیک محبۃ منی ۔۔۔۔ علی عینی تک ۔

یہ آیت بعض کے لیئے فائدہ مند ہے ۔ اگر ایک چلہ میں سوا لاکھ کامل طہارت کے ساتھ پڑھ کر زکوۃ ادا کرے تو عامل ہو جائے گا ۔ بعض کے ہر معاملہ میں اس کا اثر تیر بہدف ثابت ہوگا ۔ ایک سو گیارہ مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ ایک چلہ میں پڑھے تو تمام امیر و غریب مسخر ہو جائیں سولھویں پارہ کے ثلث پر بھی یہ آیت ہے ۔ جو اسی فائدے کی ہے ۔ وہ آیت یہ ہے ۔ وعنت الوجوہ للحی القیوم اسی پارہ کے چوتھے ربع میں بھی یہ آیت ہے ۔ فاکلا منھا فبدت ۔۔۔۔ غوی " تک پارہ (۳۰) کے سورۃ بروج میں بھی یہ آیت ہے ۔ وھو الغفور الودود

..... فعال لما یرید ، تک ۔ اسی پارہ کی سورہ عادیات میں و انہ لحب الخیر لشدید ہے یہ تمام آیات و نقش کے لیئے موثر ہیں ۔

دیگر : یہ آیت کہ سورہ آل عمران میں ہے ۔ یعنی لا تذرنی ..... الخ اس کے عدد نکال کر نقش مربع پُر کرے ۔ اور ہمیشہ پاس رکھے ۔ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ فرزند عطا کرے گا ۔ میں اس نقش کو لکھ دیتا ہوں تاکہ اس کا پُر کرنا آسان ہو ۔ اور مجھ کو دعائے خیر سے یاد کرے ۔ اس آیت کے کے عدد ۳۲۵۰ ہیں ۔ جن کو تقسیم کر دیا ہے ۔ اور نقش یہ ہے ۔

۷۸۶

۸۱۲	۸۱۵	۸۱۸	۸۰۵
۸۱۷	۸۰۶	۸۱۱	۵۱۶
۸۰۷	۸۲۰	۸۱۳	۸۱۰
۸۱۴	۸۰۹	۸۰۸	۸۱۹

دیگر ۔ یہ آیت پارہ اوّل میں ہے ۔ اس کے اعداد صم بکم عمی فہم لا یرجعون کے نکال کر اور بدخواہوں کے نام لکھ کر اپنے پاس رکھے یا بدخواہ لوگوں کے گھر میں دفن کرے ۔ اسکی برکت سے ان کی زبان بدگوئی سے بند ہوگی ۔

اس آیت شریف کے اعداد نکال کر نقش لکھ دیتا ہوں ۔ تاکہ طالب کو آسانی ہو ۔ اگر کسی کو خون جاری ہو ۔ تو یہ نقش اس کی کمر سے باندھیں ۔ بند ہوگا ۔ آیت مذکور کے اعداد ۸۰۷ ہیں ۔ ان کو تقسیم کیا اور نقش یہ ہے ۔

۷۸۶

۲۷۰	۲۶۵	۲۷۲
۲۷۱	۲۶۹	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۳	۶۶۸

دیگر ، یہ عمل سورہ " اذا السماء انشقت کا حب کے لیئے مجرب ہے ۔ اگر چالیس دن تک ترک حیوانات کر کے ایک سو ایک بار روزانہ ورد کر کے زکوۃ ادا کرے ۔ تو عامل ہو جائے گا ۔ پھر جس کسی کو اپنی دام محبت میں گرفتار کرتا ہو ۔ تو طالب کا نام معہ نام اس کی والدہ مذکور کے حروف سے ملا کر لکھیئے ۔ "نبقلب" کی جگہ مطلوب کے نام تحریر کرے ۔ اور کسی درخت پر لٹکا دے یا کسی اونچی لکڑی پر معلق کرے تاکہ ہوائیں چلیں ۔ لکھنے کا طریق یہ ہے ۔

و ال س م ا ء ال ن ش ق ت و ا ذ ن ت ل ر ب ہ ا د ح ت و ا
ذ ل ا ر ض م د ت و ال ق ت ا ف ی ہ ا ر ت خ ل ت د ا ذ ن
ت ل ر ب ہ ا د ح ق ت ی ا ا ی ہ ال ا ن ا س ا ن ک
ک ر و ح ال ی ر ب ک ک د ح ا ف م ل ا ق ی ر و

ی ن ق ل ب ق ل ب م ت ہ ن ص ا ح ب ہ بنت فلاں ع ل ی ح
ب غ اور راب ی ہ م الفتا ومحبتاً دائماً ابداً. سرمداً یا اللہ۔ یا اللہ
دیگو: بکری کا عمل، یہ دعا پڑھ کر بکری کو ذبح کرے۔ اللھم یا منزل الشفاء ویا
مذھب الداء صلے اللہ محمدٍ وانزل علی ھذہ المریض الشفاء انک علی کل شیٍ قدیر اور گوشت
مریض کو کھلائے شفا پائے گا۔
دیگو: گیہوں کا عمل پڑھ کر دم کرے۔ اور محتاج لوگوں میں تقسیم کر دے۔
اللھم انی اسلک یا سمک الذی اذا اسلک بہ المنتظر کشف ما بہ ضر مکنت لہ فی
الارض وجعلۃ خلیفتک علی خلقک ان تصلی علیہ محمد وبنیہ تعاضنی من علتی۔

میاں بیوی کے درمیان محبت کی زیادتی کیلئے

کلام الٰہی کی یہ آیت مجرب ہے۔ اس کے اعداد نکال کر نقش مثلث پر کر کے اور شوہر بیوی کو یا بیوی شوہر کو دھو کر پلائے۔ محبت زیادہ ہوگی۔ آیت کے اعراب قرآن کریم کو دیکھ کر درست کریں اور وہ آیت یہ ہے۔
عسی اللہ ان تجعل بینکم وبین الذی عادیتم منہم مودۃ واللہ قدیر والیہ غفور رحیم۔ آیت مذکورہ کے اعداد ۳۸۴۴ ہیں اور نقش یہ ہے۔
دیگو: یہ آیت مکرم ایک بزرگ محمد حسین صاحب کی عطا کی ہوئی ہے۔ اگر کوئی شخص تین چلہ تک اس کا ورد کرے اور زمین پر یا لکڑی کے تخت پر سویا کرے اور سوتے وقت ہاتھ کو کان کے نیچے رکھ کر سوئے تو تین چلوں کے بعد انشاء اللہ کوئی معقول روزگار ملے گا۔ کشائش رزق خاطر خواہ ہوگی۔ یا کوئی بزرگ خواب میں کیمیا کا نسخہ بتا دے گا۔ شک نہ کرے ورنہ کافر ہوگا۔ نماز عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھا کرے۔ آیت مکرم یہ ہے۔
انزل من السماء ماء فسالت اودیۃ بقدرھا سے لے کر نابدہ تک۔
دیگو: ذیل کی آیات مکرمہ کو اگر اپنا ورد کرے تو دنیا کی نظروں میں محبوب اور ذی عزت ہوگا۔ آیات یہ ہیں۔
۱۔ سورہ یسین کی آیات سلامٌ قولاً من رب الرحیم ط (۲) سورہ صافات کی و سلام علی الیاسین (۳) اسی سورۃ کی آیت وسلام علی نوح فی العلمین۔

۴۔ اسی سورت کی آیت : سلام علی موسیٰ وھارون (۵) اسی سورہ کی آیت سلام علی ابراہیم
۶۔ سورہ قدر میں۔ سلام ھی مطلع الفجر اور سورہ اعراف میں سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین
دیگر۔ سورہ قل اعوذ برب الناس معکوس جانبین میں بغض وحسد پیدا کرنے کے لئے بہت مؤثر ہے
ان چھ آیات کو الٹے طور پر اور ہر آیات کے ساتھ دشمن کا نام معہ اسکی ماں کے نام کے اور جس کے
ساتھ بغض پیدا کرنا ہو۔ اس کا نام معہ اسکی ماں کے نام کے لکھ کر چولھے کے نیچے دفن کر دے۔ تاکہ
گرمی پہنچتی رہے۔ سورہ مذکور معکوس طور پر یوں ہوگی۔

من الناد تبجل تم فلاں بن فلاں علی بعض فلاں س الناس و دص لیف سو سوی
یذل فلاں بن فلاں علی بعض فلاں بن س الناخل سو سوال الوشی تم فلاں علی
بعض فلاں بن فلاں س الناہلا فلاں بن فلاں علی بعض فلاں بن فلاں س الناک
لم فلاں بن فلاں علی بعض فلاں بن فلاں س النا بوب ذوعائق۔

حب کے بارے میں یہ آیت : بزرگوں کے نزدیک نہایت معتبر اور مؤثر ہے۔ اور مجرب ہے اور مصری
شکر یا کھانڈ پر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دے۔ اگر ایک سو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر دم کرے تو
زیادہ موثر ہوگی۔ اور پھر مطلوب کو کھلائے تو وہ گرویدہ اور شیدا ہو جائے گا۔ اگر موم کی گولی
بنا کر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مطلوب پر پھینک دے تو مطلوب کا دل موم کی مانند ہو جائے گا
اور عاشق کی طرف مائل ہوگا۔ اگر کسی امیر یا بادشاہ کو مسخر کرنا مطلوب ہو اس کو دے جب وہ سونگھے
گا۔ تو مسخر ہوگا۔ اکثر مرتبہ یہ عمل تجربہ میں آیا ہے۔ لیکن عامل کو متقی پرہیز گار ہونا لازم ہے۔ تاکہ
آیت مذکورہ اپنا اثر ظاہر کرے ورنہ یوں تو لوہا موجود ہے۔ مگر داؤد جیسا درکار ہے۔ عصا موجود ہے
موسیٰ جیسا ہاتھ چاہیئے۔ عملیات کے شائق کو تقویٰ اور طہارت کامل طور پر اختیار کرنا لازم ہے۔ تاکہ
اعمال موثر ہوں۔ آیت مذکور یہ ہے۔ بسم اللہ کے ساتھ پڑھ کر دم کرے۔

ولقد فتنا سلیمان والقینا علیٰ کرسیہ جسدًا ثم اناب ۞۔

حب کے بارہ میں یہ آیات معہ موکل مجرب اور آزمودہ ہیں۔ لازم ہے کہ آیات ذیل کو گور یا کے
خون سے اتوار کے دن کاغذ پر لکھ کر سرخ رنگ کے ریشم دھاگے سے باندھ کر کسی ایسے درخت پر
لٹکا دے۔ جس کے ارد گرد کوئی اور درخت نہ ہو۔ جب وہ کاغذ رات دن ہوا سے ہلے گا۔ تو
مطلوب کا دل بھی جوشش محبت سے بے قرار ہونے لگے گا۔ خواہ کتنی ہی دور کیوں نہ ہو گا۔ جب
تک وہ اپنے طالب کے پاس نہ پہنچ جائے گا۔ چین نہ پائے گا۔ مجرب ہے۔

اور وہ یہ ہے۔

ھسطوس سمعص دیوص سموطسطھرا اصل سطوس یا بس سبورا اسد و یار ہ فلاں بن فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن سبحان الذی سریٰ بعبدہٖ لیلاً من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ الذی بارکنا حولہ لنریہ من ایاتنا انہ ھو السمیع البصیرہٗ یحبونھم کحب اللّٰہ والذین امنوا اشد حبا للّٰہ۔

دیگر، مندرجہ بالا دونوں آیات اس ترتیب کے ساتھ۔ یحبونھم کحب اللّٰہ والذین امنوا اشد حباً للّٰہ سبحان الذی اسریٰ بعبدہٖ لیلاً من المسجد الحرام الی الاقصیٰ الذی بارکنا حولہٗ لنریہ من ایاتنا انہ ھو السمیع البصیر یا مسخر من فی السموات والارض خلافا اللھم القا لحبتی فی قلب واجعلہ رؤفاً مجباً رحیماً بحق یا اللّٰہ یا رحمٰن یا رحیم۔ سوموار کے دن خوشبودار پھولوں پر اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرکے (اگر پچاس مرتبہ دم کرے تو زیادہ موثر ہے) مطلوب کو سونگھائیں۔ صرف سونگھنے ہی سے خواہ وہ کیسا ہی سنگدل اور لاپرواہ کیوں نہ ہوگا۔ عاشق کی طرف مائل ہوگا اور جمعہ کے دن شیرینی پر اکیس مرتبہ دم کرکے کھلائے۔ محبت میں گرفتار ہوگا۔ اگر اتوار کے روز فلفل گرد کے سات دانے کے ہر ایک دانے پر سات مرتبہ پڑھ کر اور مطلوب کا نام لے کر آگ میں ڈالے۔ یا پانی پر چار مرتبہ دم کرکے وہ پانی پلا دے۔ مطلوب کے دل میں محبت کا پورا اثر ہوگا۔

اگر سرمہ پر ساٹھ مرتبہ پڑھ کر آنکھوں میں لگائے تو جس کے سامنے جائیگا۔ وہ محبت کرنے لگے گا۔ اگر مچھلی کے پیٹ پر لکھ کر معہ نام مطلوب کے اس مچھلی کو دریا میں پھینک دے۔ تو مطلوب کے دل میں طالب کی الفت پیدا ہوگی۔ مگر آیات کو معہ بسم اللہ کے لکھے۔ اور پڑھنے کی جگہ پر معہ بسم اللہ کے پڑھے۔

دیگر؛ سورہ اخلاص یعنی قل ھو اللہ کی زکوۃ معہ موکل کے اس طرح ادا کرے (اس سورت مکرم کی زکوۃ کے طریقے بھی لکھوں گا۔ مگر اب صرف وہ طریقہ لکھتا ہوں۔ جو بزرگ سے خاکسار کو ملا ہے۔ کہ اس کے اعداد کو نقش مربع میں پُر کرے اور سولہویں خانہ میں سیاہی لگا دے اور پھر کسی بچے کے ہاتھ میں دے دے کر وہ اس نقش میں دیکھے کہ اس کو کیا نظر آتا ہے۔ سولہویں خانہ پر کبھی قدر عطر بھی لگا دے جو کچھ بچے کو نظر آئے۔ وہ عامل کو بتا دے دریافت حال غائب کے لیئے یہ عمل کرے طریقہ زکوۃ مصنف نے یہاں نہیں بتایا۔

متر جم: زکوۃ دینے کا طریقہ آئندہ لکھوں گا۔ کیونکہ زکوۃ کے بغیر کوئی عمل درست نہیں ہوتا۔ لیکن قل ہو اللہ معہ موکلات کی جس ترتیب کا ذکر کیا وہ یہ ہے۔

یا عطرائیل بحق قل ہو اللہ احد یا ہموائیل بحق اللہ الصمد یا طاطائیل بحق لم یلد ولم یولد یا اجمائیل بحق ولم یکن لہ کفوا احد۔ اعداد کا نقش ماسوا اسمائے موکلات کے یہ ہیں۔ جو لکھ کر بچے کے ہاتھ میں دے۔

۷۸۶

۲۳۵	۲۴۹	۲۴۵	۲۴۳
۲۴۶	۲۴۱	۲۳۶	۲۴۸
۲۴۰	۲۴۳	۲۵۱	۲۳۷
۲۵۰	۲۳۸	۲۳۹	۲۴۴

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو۔ تو ذیل کی آیت کو معہ علامات ذیل کسی کاغذ پر لکھ کر کسی درخت کی اونچی ٹہنی پر لٹکا دے۔ انشاء اللہ بھاگا ہوا آدمی فوراً واپس آئیگا۔ آیت معہ علامت یہ ہے۔ والضحٰی واللیل اذا سجٰی ما ودعک ربک وما قلٰی۔ علامت یہ ہے۔

۷۸۶

م دم

الم ف ج س ص

دیگر:۔ اگر اسی آیت کو علامت ذیل کے ساتھ لکھ کر چرخہ میں باندھ دے۔ تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔ علامت یہ ہے۔

۸۶ عص عص ۳ ۶

دیگر۔ اگر سورہ یٰسین کو مبین تک سات مرتبہ پڑھکر قفل پر دم کرے اور آخر میں بھاگے ہوئے شخص کا نام لے کر قفل کو بند کر کے بہتے ہوئے پانی میں ڈال دے۔ تو انشاء اللہ بھاگا ہوا آدمی پریشان ہو کر واپس آئے گا۔

جدائی ڈالنے اور دشمن کو برباد کرنے کیواسطے: اس آیت مکرم کو معہ موکلوں کے ناموں کے کامل طہارت کیساتھ لوہے کی میخ پر ۱۸ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اور پھر صندل سرخ اور مرچ سیاہ کی دھونی دے۔ اور ذیل کا نقش مربع پر کر کے معہ لوہے کی میخ کے جن کے درمیان جدائی کرنا مطلوب ہو۔ ان کے گھروں میں دفن کر دے انشاء اللہ دونوں کے درمیان جلد جدائی ہو گی۔ آیت کریم معہ موکلات کے یہ ہے۔ قال ھذا فراق بینی وبینک اجب یا دردائیل یا نومائیل یا تنکفیل یا سمو طشا یا مھوائیل یا سحوتا یا عطمائیل یا بموتا یا

خلخائیل یا میمونا یا نورائیل البغض فلاں بن فلاں و علے البعض فلاں بن فلاں سویحاً قسویباً ابداً ابداً
نقش مکرم یہ ہے۔

۷۹	۸۳	۸۶	۷۲
۸۵	۷۳	۷۸	۸۴
۷۴	۸۸	۸۱	۷۰
۸۲	۷۶	۷۵	۸۷

اگر کوئی شخص ظالم کے سامنے جانے سے ڈرتا ہو

یا مقدمہ ہو یا کسی سے کوئی روزگار کی اُمید ہو تو لازم ہے کہ جانے سے پہلے جمعرات کے دن صبح کی نماز کے بعد کسی خوشبو دار تیل میں تھوڑا سا مشک ملائے۔ اور اس پر اگلے جمعہ کے دن تک روز ان آیات کو چالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرتا رہے۔ ایک ہفتہ کے بعد جب کسی ظالم یا حاکم یا امیر کے پاس جانا ہو تو اس تیل میں سے کسی قدر اپنے منہ پر مل کر اسکے سامنے جایا کرے۔ انشاءاللہ جلدی ظالم یا حاکم یا امیر اس پر رحم کرے گا۔ اور اس کی عزت کرے گا۔ اگر کسی دوست کو عمل بتائے یا عمل کردہ تیل اس کو دے دے۔ تب بھی مجرب ہے۔ پورا اثر کرے گا۔ اور وہ آیات یہ ہیں۔

آیات کریمہ کو بسم اللہ کے ساتھ پڑھے۔ اور اعراب قرآن شریف دیکھ کر درست کرے
يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا وَدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُمْ مِنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ شَهِيدًا ؕ

جو خواب میں ڈرتا ہو، اور پریشان کن خواب دیکھے تو آیت ذیل کا تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈالے۔ آیت مکرم یہ ہے۔ اس کو مع بسم اللہ کے تحریر کرے۔ تپ کے دفعہ کرنے میں بھی اکسیر ہے۔ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے۔ تپ سے نجات ملے گی۔
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○ فلاں در خواب نہ ترسد

آنکھ کے درد کیلئے اگر عاجزی کے ساتھ پڑھ کر دم کرے۔ اور لکھ کر آنکھ پر باندھے۔ تو آنکھ تندرست ہوگی آیت مکرم یہ ہے۔ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ۔ اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْنَا وَادْفَعْ بَلَائَنَا يَا رَؤُفُ بِنَبِيِّكَ وَاذْهَمْ نَبِيِّكَ وَاشْفَعْ نَبِيِّكَ وَاَنْ يُبْعَثَ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

دیگر۔ بھاگنے والے غلام یا اس عورت کو جو اپنے شوہر سے محبت کی طالب ہو۔ آیت شریف لکھ کر دے۔ تاکہ وہ اسکو کھائے ایسا کرنے سے غلام ہرگز نہ بھاگے گا اور عورت کا شوہر اس

سے محبت کرنے لگے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ

اگر کسی سے محبت کا مطلوب ہو تو ہیلے کے پھول پر یا روٹی یا شکر یا مٹھائی پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور کھلائے۔ انشاءاللہ دونوں میں محبت ہو گی۔ آیت یہ ہے۔ مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ ...... یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

آیت قلب کی زکوٰۃ کا بیان ۔ یہ طریقہ بہت مشہور و معروف ہے۔ اس کی تعریف بیحد و حساب ہے۔ جس قدر اس عاجز کو معلوم ہے۔ تحریر کرتا ہوں۔ اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے۔ کہ عروج ماہ میں جمعرات کے دن تنہائی میں عصر اور مغرب کے درمیان ۱۳۳ مرتبہ اس کو پڑھے۔ روزہ بھی رکھے ختم کرتے وقت اگر افطار کا وقت ہو جائے تو زکوٰۃ الصوم کی نیت سے روزہ کر رکھے جس کی تفصیل یہ ہے۔ کہ ایک مٹی کا برتن خود جا کر لائے۔ اور ایک جگہ کو مٹی پاک سے لیپ پوت کر پاک کرکے ایک پاؤ چاول بغیر نمک کے پکائے جس میں سے آدھے کسی محتاج کو دیدے۔ اور باقی آدھے سے روزہ افطار کرے۔ ہر روز ایسا ہی افطار کرے۔ تیسرے دن کپڑے دھو کر عمل کرے۔ اور تین دن کی زکوٰۃ ختم کرے۔ اس کے بعد عمل کو ختم کرے۔ اور ہمیشہ روزانہ صرف پانچ مرتبہ پڑھ لیا کرے خدا کی قسم ہر آفت و بلا اور بیماری سے محفوظ رہے گا۔ آیت قلب کے موکل اس کی حفاظت کریں گے۔ قرض لینے کی کبھی نوبت نہ آئے گی۔ روزی فراخ ہو گی۔ جب کوئی مشکل کام پیش آئے گا۔ حل مشکل کی نیت سے اس آیت کو صرف تین دن پڑھے۔ مشکل حل ہو گی۔ جس چیز پر پڑھ کر دم کرے۔ اثر ہو گا۔ آیت یہ ہے۔ زبانی یاد کرلے۔ پارہ چوتھا نصف۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰی ...... عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

حُب کے لیئے، سورہ یٰسین کی یہ آیت ایک سو ایک مرتبہ شیرینی پر دم کرکے مطلوب کو کھلائے اتوار کا دن ہو۔ کھاتے ہی محبوب محبت میں دیوانہ ہو گا۔ آیت شریف یہ ہے۔ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ ...... الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ تک۔

حب کیلئے، مطلوب کو دام محبت میں پھنسانا ہو۔ تو جمعہ کے دن ان اسما کو مشک اور زعفران اور گلاب سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ جب اس کے سامنے جائیگا۔ بیقرار ہو گا۔ آیت شریف معہ اسماء کے یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ یا ماجد یا ماجد یا حی یا حی یا حی یا قیوم یا قیوم یا قیوم یا رب یا رب یا رب

بحرمتک یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علی سیدنا محمدٍ وعلیٰ آلہٖ اجمعین یا رب امنت قلب فلاں بن فلاں علیٰ حُبّ فلاں بن فلاں یحبونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشدُّ حبًا للہ عملاً عمم یا عالمحا سحاباً ساساً یا لھم یا بابا لحی یا طمعو یا من ابا سعی با طلعوا یا دوسم طعم اودعاً کسو بالو کمہ سا محجوب با سح یا مطط وحج باست یاست یا اسح علعو اللہ اللہ وطہ الاصبو ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم:

روپے پیسے۔دعوت کیلئے۔ایک ہفتہ تک ترک حیوانات کرے۔اور آغاز ماہ کے چار شنبہ سے شروع کرے۔خلوت میں اسرائیل کا نام ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے سر میں رکھے۔آنکھیں بند کرے۔ اور سر جھکا کر اونچی آواز سے پڑھے۔انشاء اللہ اگلے بدھ تک مقصد حاصل ہوگا۔اور دولتمند ہو جائے گا۔اسماء معظم یہ ہیں۔عقشد طقطوش مطزھو اطل اجیبو عند من النار ھم والدینار بحق یا اسرافیل علیہ السلام اوتونی وتوعلیٰ اعطار:

بانجھ عورت کے ہاں بچہ پیدا ہونے کے لئے: ذیل کے مبارک حروف کو معہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کے جمعرات کے دن روزہ رکھ کر رات کو بعد نماز عشاء چالیس مرتبہ لکھے اور چالیس تعویذ بنائے۔دوسرے دن ان تعویذوں میں سے ایک تعویذ لیکر تازہ کر میاں بیوی دونوں پی لیں۔اسی طرح چالیس تعویذ پئیں اور اس کے بعد ہمبستر ہوں۔انشاء اللہ اسی چلے میں حمل ٹھہر جائیگا اگر شک کرے گا۔تو کافر ہوگا وہ یہ ہے۔بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔یھعص علےٰ علےٰ علےٰ طہ طہ طہ کھیعص کھیعص کھیعص حمعسق حمعسق ھو ھو اللہ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علےٰ خیر خلقہٖ محمدٍ وآلہٖ اجمعین

دیگر۔ موکلات کے نام کا یہ عمل ہر کام کے لئے مجرب ہے حب کیلئے مٹھائی پر چالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائے مطیع ہوگا۔اسماء یہ ہیں۔عذمت علیکم۔یا معشر الارواح وصاحب الشر والوسواس الخناس جنود ابلیس خاتم سلیمان بن داؤد علیہ السلام وبحق ھاروت وماروت ھو الذکر للعالمین فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں دائماً ابداً:۔اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے۔کہ اتوار کے دن سے شروع کرے۔گیارہ مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالدے۔اسی طرح سات دن کرے بس زکوٰۃ ہو گئی۔اسکے بعد عمل میں لائے

فتوح غیب کیلئے۔اور کثرت رزق کے لئے روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔حب کے لئے یہ عمل نہایت پرتاثیر ہے۔شیرینی پر دم کر کے کھلائے مطلوب تابعدار ہوگا۔اسماء اعظم یہ ہیں:۔

"جل جلمس جرهیش شلیش کلیش بد نیش"

قاعدہ حضرت آدم علیہ السلام کے خطبہ کے عمل کرنے کے بیان میں۔

بارہا کا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس خطبہ کو زبانی یاد کر کے تنہا خلوت میں روزانہ ایک سو ایک مرتبہ ایک چلہ تک ترک حیوانات کے ساتھ پڑھے۔ اس کے بعد عامل ہو جائیگا۔ پھر جس کام کیلئے دم کرے گا اثر ہوگا۔ سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگائے جس کے سامنے جائے عزت و محبت سے پیش آئے۔ اور کام کرے۔ مطلوب کے لئے کسی کپڑے پر ۱۴ مرتبہ دم کر کے اس کی بتی بنا کر چراغ میں جلائے۔ مطلوب دیوانہ و بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔ مٹھائی پر دم کر کے جس کو کھلائے محبت کرنے لگے۔ باز و پر چالیس مرتبہ دم کر کے بدگو اور حاسد لوگوں کو کھلائے انکی زبان بدگوئی سے بند رہے۔ دو شخصوں کے درمیان جدائی کرانے کے واسطے لہسن کی پانچ پوتھیوں پر چالیس مرتبہ دم کرے۔ اور تین دن ان کو سرکہ میں بھگوئے رکھے۔ پھر وہ لہسن ان کو کھلائے۔ جدائی ہو گی۔ آسیب زدہ شخص کے لئے پانی پر دم کرے۔ اور اس کے منہ پر پانی کے چھینٹے مارے آسیب دفعہ ہوگا۔ غرض اس کی بے شمار تاثیر ہے۔ عمل کے بعد عامل کو پتہ لگیگا۔ خطبہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ الحمد ثنائے والکبریاء ردائی والعظمت ازاری والخلق کلھم عبدی وعیالی ومحمد مصطفٰے عبدی وحبیبی ورسولی والی قد وجبت اشائے یسدی توبھا علٰے واحد بنتی لا معقب لحکمی ولا مبدل لقضائی اشھد ملائکتی وحاملۃ عرشی وساکینی سماواتی ودیع صنعتی وقدرتی وآدم خلیفتی بصواق تسبیحی وتھلیلی وتکبیری وھی اٰیت الکرسی شھادتی ان لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ یا آدم یا حوا ناد خلی فی عبادتی وادخلی جنتی ؛۔

کمی رزق ہو یا دکان خاطر خواہ نہ چلتی ہو۔ تو آیاتِ ذیل کو لکھ کر دوکان میں لگائے یا اسباب میں رکھے خدا نے چاہا تو دوکان خوب چلے گی۔ اور برکت ہوگی۔ بہت سے گاہک آئیں گے۔ آیات معظم یہ ہیں۔ اعراب کو کلام الٰہی سے درست کرلیں۔ وَھُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِیْھَا رَوَاسِیَ وَاَنْھٰرًا وَمِنْ کُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِیْھَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّھَارَ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ۔

اگر رنج و غم میں گرفتار ہو۔ اور کسی طرح خلاصی نہ ہوتی ہو۔ تو روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس

آیت کریمہ کا ورد کرے۔ خدا کی قسم وہ اس رنج وغم سے نجات پائیگا آیت کریمہ یہ ہے۔
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ؛۔

اگر دشمن کے قبضے میں گرفتار ہو۔ تو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ مخلصی پائیگا آیت شریف یہ ہے۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ؛۔

اگر کسی پر کوئی جھوٹا الزام لگایا گیا ہو۔ یا عدالت میں مقدمہ پیش ہو۔ یا اس کے ورثہ پر کوئی جبراً قبضہ کرنا چاہے۔ تو روزانہ اس کو ایک ہزار بار پڑھے اللہ تعالیٰ عامل کو ہر آفت سے محفوظ رکھے گا۔ آیت یہ ہے۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ؛۔

اگر کسی مالدار کو خطرہ ہو کہ اس کا مال کوئی چھین لے گا یا اس پر کوئی جھوٹا دعویٰ کیا جائے یا کوئی جائداد کسی نے جبراً چھین لی ہو۔ تو گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد اول و آخر چند مرتبہ درود شریف کے ساتھ اس آیت کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ محفوظ رہے گا یا چھینا ہوا مال واپس مل جائیگا عدالت سے باعزت بری ہوگا۔ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؛۔

دعوت قل ہو اللہ۔ قل ہو اللہ کی زکوٰۃ کی ایک پہلے ترکیب لکھی گئی ہے۔ وہاں مصنف نے دعوت کا طریق نہیں لکھا غالباً بھول گیا ہے۔ (مترجم)

اب دو تین طریقے جو اس حقیر کو بزرگوں سے معلوم ہوئے۔ مع موکلوں کے لکھتا ہوں یہ طریقے بزرگوں کے آزمودہ ہیں۔ شروع ماہ میں ترک حیوانات کے ساتھ اس سورت کو ایک چلہ تک اس قدر تعداد میں پڑھے۔ کہ چلہ تک سوالاکھ کی تعداد پوری ہو جائے۔ دوران عمل میں دھونی یعنی بخور بھی جس قدر ہو سکے جلائیں۔ تاکہ موکل مکھیوں کی مانند جمع ہو جائیں۔ چلہ ختم کرنے کے بعد عامل ہو جائے گا۔ بعد ازاں جس چیز پر چاہیے دم کرے۔ تیر بہدف ثابت ہوگا۔ عامل کو اختیار ہے۔ کہ اپنی مرضی سے جیسے چاہے۔ مقاصد کے حاصل کرنے کے لئے عمل کرے۔ مگر ساعت کی سعادت و نحوست کا خیال رکھا کرے۔ مثلاً حب کے لئے ساعت مشتری بغض وغیرہ کے لئے زحل اور مریخ کی ساعت وغیرہ۔ چنانچہ روز و شب کی ساعت کا ذکر آگے کیا جائے گا۔ محبت کے لئے شیرینی وغیرہ پر اور عداوت کے لئے نمک سرکہ یا خاک پر دم کر کے عمل کرے درست اور بے خطا پائیگا۔ اگر حاضرات کی نیت ہو تو سورت کے اعداد نکال کر دیسا ہی نقش لکھے جیسے کہ پہلے اس کی زکوٰۃ کے بیان میں لکھا ہے۔ (زکوٰۃ کا طریقہ نہیں بتایا (مترجم) سولھویں خانہ میں سیاہی لگا کر اور عطر مل کر لڑکے کے ہاتھ میں دے کر حال احوال مریض یا غائب وغیرہ

دریافت کرسکتا ہے۔ اس کے خواص و فوائد لاتعداد ہیں۔ یہاں یہی صورت معہ موکلوں کے ناموں کے دوسری ترکیب سے لکھتا ہوں۔ جو یہ ہے۔ قل ھو اللّٰہُ اَحَدٌ یا جبرائیلُ اللّٰہُ الصَّمَدُ یا میکائیلُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یا اسرافیلُ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یا دردائیلُ۔

سورہ اخلاص کی دوسری ترکیب۔ مجھ کو یہ ترکیب ایک کشمیری بزرگ سے حاصل ہوئی تھی۔ جو کہ مجرب ہے۔ اور اس کا عمل بھی آسان ہے۔ جو یہ ہے۔ ایک سیاہ رنگ کی نرولایتی بلی مہیا کرے۔ اگر بچہ لے کر پرورش کرے۔ تو کوئی ہرج نہیں۔ مختصر یہ کہ عمل کے وقت اس سیاہ بلی کا جوان ہونا ہے۔ اس بلی کو کچھ عرصہ پہلے روز گھی کھلانا شروع کرے اور روزانہ گھی کی مقدار زیادہ کرتا جائے۔ جب وہ بلی ایک دن میں پاؤ بھر گھی کھا کر ہضم کر جائے تو سمجھو کہ عمل کا موقع آگیا۔ پس اتوار کے روز ایک بڑا دیگچہ لے کر جس کو قلعی نہ کی گئی ہو مہیا کرے۔ پھر تنہائی میں غسل کر کے کھارے کی نئی لنگی باندھ دے۔ تاکہ بلی باہر نہ نکل سکے۔ پھر چھ اینٹوں کا ایک چولہا بنا کر (تین جگہ دو دو اینٹیں رکھ کر) دیگچہ کو اوپر رکھے اور چولھے کا منہ پورب (مشرق) کی طرف رکھے۔ پھر اس کے نیچے گھی کا چراغ جلائے۔ مگر چراغ کی بتی اس قدر موٹی ہو۔ کہ اس کی لو دیگچہ تک پہنچے۔ تاکہ دیگچہ گرم ہو جائے۔ گرم ہونے پر بلی پریشان ہوگی۔ اور تکلیف کے ساتھ وہ تین مرتبہ ڈراؤنی آواز سے چیخ مارے گی۔ جیسے کوئی آسیب زدہ چیختا ہے۔ اور پھر بلی دیگچہ میں قے کرے گی۔ اس وقت اس کی آواز خوفناک ہوگی۔ عامل کو نہ ڈرنا چاہیئے۔ اور اگر وہ ذرا بھی ڈرے گا۔ تو ہلاک ہو جائے گا۔ خود دیگچہ کے سامنے دوزانو بیٹھ کر بغیر شمار کئے قل ہو اللہ پڑھتا رہے۔ جب تک کہ بلی کی قے کرنے کی آواز بند نہ ہو جائے۔ آواز کے بند ہونے پر فوراً بلی کو باہر نکال دے اور اس کے قے کئے ہوئے۔ روغن کو کسی پاک برتن میں احتیاط کے ساتھ علیحدہ کر کے رکھ لے اور اس روغن قے شدہ شدہ میں پاک نگر کالا سرمہ لے کر حل کر کے حفاظت سے رکھ لے۔ وہ سرمہ عمر بھر کافی ہوگا۔ گویا اکسیر ہے۔ جب وہ سرمہ آنکھوں میں لگا کر جس شخص کی طرف دیکھے گا۔ مطیع و فرمانبردار ہوگا۔ اگر یہ سرمہ کسی اور کو دیگا۔ وہ بھی فائدہ اٹھائے گا۔ آزمودہ ہے۔

دیگر۔ اس سورۃ شریف کا دوسرا عمل لکھتا ہوں۔ جو سید زین العابدین صاحب کا عطا کردہ ہے۔ اگر کوئی سخت مشکل پیش آئے۔ تو آدھی رات کے قریب اٹھ کر غسل کرے اور آسمان کے سایہ میں ایک لکڑی کی ایک چوکی پہ بیٹھ کر سورہ مذکور معہ اول و آخر

سو سو مرتبہ درود شریف ایک سو مرتبہ موکلات کے اسماء درود معہ اس عبارت کے یوں پڑھے۔ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ۔ یَا مَلَکُ عَهدَ الصَّمَدَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ دوسرے دن اس طریق سے معہ اوّل و آخر دو دو سو مرتبہ درود شریف کے ورد کرے۔ اور تیسرے دن تین تین سو مرتبہ اول و آخر کے ساتھ تین سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تین ہی دنوں میں اس کی مشکل حل ہو جائے گی۔ اگر نہ ہو تو اس طرح نو دن تک پڑھے۔ تاکہ چلے پورے ہوں۔ ضرور مشکل حل ہو گی۔ (یہاں چلہ تین دن کا ہے) مگر عمل بدھ کے روز سے شروع کرے۔ تاکہ تیسرے دن جمعہ کے روز چلہ ختم ہو۔ کوئی میٹھی چیز کھائے۔ جملہ لذات کو ترک عمل کرے۔ ورنہ نقصان ہو گا۔ ممکن ہے۔ کہ موکل بھی جس کا نام عبد الصمد ہے۔ نظر آئے۔ مگر اس سے خوف نہ کھائے۔

عمل معکوس قل ھو اللہ۔ یہ عجیب و غریب عمل ہے۔ اور مجرب ہے۔ قرآن کریم اور خدا کی قسم اس عمل کے عامل کے سامنے بادشاہت ہیچ ہے۔ کہ دنیا کوئی چیز اس کی تسخیر سے باہر نہیں ہے۔ مگر عمل مشکل ہے۔ اور عامل ہونا کارِ دارد ہے۔ یہ عمل شاہ عبد الرؤف صاحب سے بوساطت نوازش علی خاں صاحب کے خاکسار کو ملا۔ برسوں سے اس فکر میں ہوں۔ کہ اس کی زکوٰۃ ادا کروں۔ مگر ابھی تک موقع نہیں ملا۔ جب سے شاہ صاحب کے عمل میں یہ دیکھا ہے۔ تمام اعمال کو فراموش کر چکا ہوں۔ خدا کی قسم علم کیمیا۔ ریمیا اور سیمیا سب کے سب اس کے مقابلہ میں ہیچ ہے مجھ کو شاہ صاحب کی خواہش اور اس کے عمل کے موکلوں کی مرضی کے مطابق عمل ملا جس کو کہ آئندہ کروں گا۔ اس عمل کے بارہ ہی لفظ ہیں۔ اور بارہ ہی اس کے موکل ہیں۔ جو شخص اس کا عامل ہو گا۔ بارہ موکل اس کے مطیع ہوں گے۔ چاہیئے کہ ایک پرہیزگار اور نمازی شخص کو اپنا رفیق بنائے۔ اور کسی ایسی مسجد میں جو کسی گاؤں یا باغ میں دریا کے کنارے پر ہو۔ چند دن قیام کرے۔ اور جگہ کو خوب پاکیزہ اور صاف ستھرا بنائے۔ کسی کو اپنے پاس نہ آنے دے۔ یہاں تک کہ ساتھی کو بھی اس جگہ قدم نہ رکھنے دے اور اس کو بھی دور رکھے۔ تنہائی میں عمل کرے۔ وظیفہ کے بعد اپنے ساتھی کو پاس بلا سکتا ہے۔ مگر اس جگہ میں جہاں کہ عمل کیا جاتا ہے۔ پاؤں کسی غیر کا نہ پڑے۔ عمل سے پہلے پو ا سیر ولایتی میوہ۔ عطر۔ بخور۔ خوشبودار پھول اس کمرے میں جہاں عمل کیا جاتا ہے رکھ دے۔ دس سیر چنے اور اڑھائی سیر گڑ اپنے ساتھی کے پاس رکھے ایک چادر لمبی چوڑی غرض

کی جو کہ سلی ہوئی نہ ہو۔ اور پاک ہو۔ پاس رکھے۔ حجرہ میں پاک چٹائی بچھا کر جانماز بچھائے۔ اور عروج ماہ میں منگل کے روز غسل کرے۔ اور مغرب کی نماز کے بعد قبلہ رو بیٹھے۔ تمام سامان۔ میوہ۔ مٹھائی خوشبودار پھول وغیرہ جانماز پر رکھے۔ اور بخورات کو پیالہ میں رکھ کر ایک طرف سلگا دے۔ عطر اپنے جسم اور تسبیح پر مل لے۔ اور وہ چادر آدھی باندھ لے آدھی اوپر اوڑھ لے۔ ساتھی ایک پاؤ چنے بھون کر اس پر ایک چھٹانک گڑ رکھ کر ڈھاک کے پتوں کا دونہ بنا کر اس میں رکھ کر لائے اور عامل اس سے لے کر پاس رکھ لے۔ بعد ازاں عمل شروع کرے۔ پہلے کئی بار قل ہو اللہ پڑھ کر اپنے اردگرد حصار قائم کرے۔ اور اپنے مرشد کا تصور قائم کرے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اپنی دائیں طرف خیال کر کے ایک ہزار مرتبہ الٹی قل ہو اللہ پڑھے۔ پھر درود شریف گیارہ یا اکیس مرتبہ پڑھ کر گڑ اور چنوں پر موکلات کی نیاز دے۔ اور سب چیزوں کو مصلے سے علیحدہ کر کے اس جگہ اسی جانماز پر سو رہے۔ صبح وہ چنے اور گڑ بچوں میں تقسیم کرے۔ دوران عمل میں صرف جو کی روٹی جو اپنے ہاتھ سے یا ساتھی سے پکوا کر تازہ پانی کے ساتھ کھائے۔ حجرے سے صرف ایک مرتبہ پاخانہ وغیرہ کے لئے باہر نکلے۔ ورنہ اندر ہی رہے۔ ہر وقت باوضو رہے۔ روز روزہ رکھے اور ہر وقت درود شریف کا ورد کرتا رہے۔ شام کے وقت جب حسب معمول پھر غسل کرے۔ اس طرح عمل کرے۔ اگر تقدیر میں ہے۔ تو اکیسویں دن دوران عمل میں سارے حجرہ میں روشنی نمودار ہو گی۔ اور چند شخصوں کے ہمراہ ایک بزرگ تخت پر بیٹھا ہوا آئے گا۔ عامل عاجزی اور انکساری کے ساتھ السلام علیکم کہے۔ اگر وہ خود پہلے سلام کرے۔ تو ادب سے جواب وعلیکم السلام کہ کر ان سے گفتگو کرے اور جو کچھ وہ کہے اس کو مان لے۔ اور اپنے آپ کو جو طریقہ پسند آئے۔ ان سے عرض کر دے اور اقرار لے لے۔ کہ میرے لئے جو کچھ مقرر کیا جائے۔ وہ روز پہنچا دیا جایا کرے۔ اور ہر امیر و غریب اور شاہ و گدا کو مسخر کر دیا جائے۔ اور کہ جو ہر حال میں دریافت کرنا چاہوں چھ ماہ پہلے اور چھ ماہ بعد کا حال بتا دیا جائے۔ اور جس کو طلب کروں وہ حاضر ہو جائے پھر عرض کرے کہ وہ ایک شخص ہر وقت میرے ساتھ کر دیں۔ تاکہ پیش آنے والی ضرورت ان کو کہہ دیا کروں۔ تب وہ بزرگ ایک شخص عبدالرحمان یا کسی اور کو مقرر کر دے گا۔ جو انسانی صورت میں ہر وقت عامل کے پاس رہے گا۔ اور عامل کے احکام کی تابعداری کرے گا۔

چلہ ختم ہو جانے کے بعد روزانہ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ جب وہ بزرگ

اختتام چلہ پر تشریف لائے۔ تو میوہ جات اور دوسرا سارا سامان تخت والے بزرگ کی نذر کر دے۔ بعدازاں عامل ایک حجرہ اپنے لئے علیحدہ مقرر کرے۔ جس میں وہ موکلات سے ملاقات کیا کرے اس دن اس موکل سے تابعداری اور سب حال جاننے کے دستخط کرالے۔ پھر لوگوں سے جو کچھ میوہ یا شیرینی وغیرہ ملا کرے۔ وہ سب اس حجرہ میں موکلوں کی نذر کر دیا کرے۔ یہ عمل میرے استاد نے نہایت شفقت سے عطا فرمایا۔ اگر موکل اکیس دن کے بعد حاضر نہ ہوں۔ تو چلہ ترک نہ کرے۔ بلکہ بدستور عمل کرتا رہے۔ چالیسویں دن یا اس کے اندر ہی ضرور آئیں گے۔ چنانچہ قل ھو اللہ معکوس یہ ہے :-

۷۸۶

۱۔ قُلْ	۲۔ هُوَ	۳۔ اللّٰہُ	۴۔ اَحَدٌ
۵۔ اَللّٰہُ	۶۔ الصَّمَدُ	۷۔ لَمْ یَلِدْ	۸۔ لَمْ یُولَدْ
۹ وَلَمْ یَکُنْ	۱۰۔ لَہٗ	۱۱ کُفُوًا	۱۲ اَحَدٌ
۱۔ دَحَا	۲۔ دَفَکٌ	۳۔ ھَلٌّ	۴۔ لکی کلُو
۵۔ وَکوِی ملوُ	۶۔ دَلِی مَلُ	۷۔ ومصُ	۸۔ وَاللّٰہُ
۹۔ وحَا	۱۰ وَاللّٰہُ	۱۱۔ وَہٗ	۱۲۔ لو ع

حُب کیلئے مجرب ہے۔ جونپور کے ایک بزرگ سے یہ عمل ملا تھا۔ ایک شخص کے واسطے میں نے اس کا تجربہ کیا ہے۔ اتوار یا منگل کے روز جبکہ دن چڑھ جائے تو کہیں سے ہاتھ اور پاؤں کے ناخن لائے۔ خواہ حجام سے لے آئے۔ اور ان کو اس وقت جلائے۔ مطلوب کا نام معہ اس کی ماں کے نام کے اور اپنا یا اگر کسی اور کے لئے ہے۔ تو طالب کا نام معہ ماں کے نام کے لے پھر سورہ القارعہ ما القارعہ سات مرتبہ پڑھے پڑھ کر دم کرے۔ اور پاک کپڑے میں تعویذ بنا کر دائیں ہاتھ میں باندھے۔ انشاء اللہ مطلوب اس کا تابعدار ہو۔ اگر حرام کے لئے کرے گا تو مطلوب دشمن ہو جائے گا۔

حب کے بارے میں مشہور اور مجرب ہے: بحساب ابجد مطلوب کے نام کے اعداد نکال کر اس کے موافق اللہ تعالیٰ کا کوئی اسم نکالے۔ پھر بحساب ابجد طالب کا نام کے اعداد معہ اللہ تعالیٰ کے نام کے نکالے اور اکٹھا کر کے طلوع آفتاب سے پہلے اکیس دن تک وظیفہ کرے ناموں کے اعداد کی گنتی کے مطابق روز اللہ کے دونوں نام پڑھے۔

دیگر: طالب و مطلوب کے ناموں کے اعداد نکالے اور اکٹھا کر کے ان کی تعداد کے موافق اکیس دن تک اللہ تعالیٰ کے موافق اسماء کا ورد کرے۔ انشاء اللہ اس مدت کے اندر اندر مطلوب مطیع ہوگا۔ وظیفہ سے پہلے چند مرتبہ درود شریف پڑھے۔

سورہ الم ترکیف کی تشریح معہ موکل: اس کی تعریف پہلے لکھی گئی ہے۔ مگر اس جگہ ایسی ترکیب لکھتا ہوں جو ایک بزرگ سے مجھ کو ملی ہر ضرورت مشکل یا حاجت کے وقت سات دن تک ہر رات کو اکیس مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔ مجرب ہے۔ یہ سورۃ شان جباری کی ہے۔ سورت شریف معہ موکلوں کے یہ ہے۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ يَا جِبْرَائِيْلُ بِأَصْحَابِ الْفِيْلِ يَا مِيْكَائِيْلُ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ يَا لَوْمَائِيْلُ فِيْ تَضْلِيْلٍ يَا مِيْكَائِيْلُ وَاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ يَا لَوْمَائِيْلُ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ يَا عِزْرَائِيْلُ يَا بُدُّوْحُ مِّنْ سِجِّيْلٍ يَا كَشْفَائِيْلُ فَجَعَلَهُمْ يَا عُمَّائِيْلُ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ يَا تَنْكَفِيْلُ اَمَا مَعَنَا مُطِيْعًا اِنْقَضٰى حَاجَتِيْ بِحَقِّ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ

ہلاکی دشمن اور مقدمات میں شکست دینے کیلئے: چوراستہ کے کنکر لیکر ان پر ذیل کی دعا کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پھر دشمن کے راستہ یا ان کے گھروں میں پھینک دے۔ وہ اپنے برے ارادے اور دشمن سے باز رہیں گے اور خود آپس میں مریں گے اس دعا کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے دشمن یا حاکم کے سامنے چلا جائے اپنی شرارت سے باز رہے گا۔ اور دو شخصوں کے درمیان جدائی کی غرض کے لئے سرسوں پر دم کرے اور ان کے گھر میں ڈالدے لڑائی و عداوت ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے۔

اَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ۔ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ۔

دیگر: دو دوستوں کے پہنے ہوئے کپڑے لیکر ان پر یہ دعا لکھ کر کوزہ میں بند کر کے دریا کے کنارے دفن کر دے۔ ان دونوں میں جدائی اور لڑائی اور بگاڑ ہوگا۔ اگر اس کا تعویذ مربع بنا کر آگ میں جلائے۔ اور دونوں کا نام بھی لکھے تو ان میں لڑائی ہو جائے گی۔ اگر یہ نقش لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دے۔ اور دشمن کا نام بھی لکھیں تو دشمن ہلاک ہوگا۔ طالب کی آسانی کے لئے اعداد نکال کر دشمن لکھ دیا ہے۔ مگر ساتھ ہی نقش کے اوپر جدائی وغیرہ کیلئے ذیل کے الفاظ بھی لکھے۔ البغض والعداوت بین فلاں بن فلاں علی بغض فلاں بن فلاں

دائماً ابداً۔ نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۱۴۷۴	۱۴۷۷	۱۴۸۰	۱۴۶۷
۱۴۷۹	۱۴۶۸	۱۴۷۳	۱۴۷۸
۱۴۶۹	۱۴۸۲	۱۴۷۵	۱۴۷۲
۱۴۷۶	۱۴۷۱	۱۴۷۰	۱۴۸۱

سورۃ مزّمل کے بیان میں

سورہ یٰسین اگرچہ کلام الٰہی کے دل کی مانند ہے مگر سورہ مزّمل بھی اس کی سی خاصیت رکھتی ہے اس کے عامل کو عجائبات نظر آئیں گے مگر جب تک کہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ کی جائے۔ کوئی عمل درست نہیں ہوگا۔ اس سورت کی ہر آیت پر ایک موکل ہے۔ زکوٰۃ کا طریق یہ ہے۔ کہ دریا کے کنارے پر ایک حجرہ میں ترک حیوانات ولذات کے ساتھ چلہ پورا کرے۔ مگر عمل کرنے سے پہلے اپنے چاروں طرف حصار کرلے خوشبو بخورات کو کام میں لائے۔ اور سورہ مذکور کمال طہارت اور صحت کے ساتھ معہ موکلوں کے چالیس مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اگر کوئی شکل نظر آئے۔ تو نہ ڈرے۔ نہ عمل چھوڑے اور نہ ہی اپنی جگہ سے اٹھے۔ نہ گفتگو کرے۔ انشاء اللہ چلہ کے بعد عامل ہوگا۔ زبان اس کی تعریف نہیں کر سکتی چند آیات کے موکل اور پڑھنے کا طریق لکھتا ہوں۔ تاکہ آسانی ہو۔

چونکہ سورۃ لمبی ہے۔ پوری سورت معہ موکلوں کے لکھنا دشوار ہے اس لئے جس ترکیب سے موکلوں کے نام میں نکال لیا کرتا ہوں۔ اور جس کا طریق پہلے باب میں بیان کیا گیا ہے اسی ترکیب سے طالب کو چاہیئے کہ ساری سورہ کے موکلوں کے نام نکال لے۔

یَاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلاً یا جبرائیل[۲] اَوِ انْقُصْ مِنْہُ قَلِیْلاً یا میکائیل اَوْ زِدْ عَلَیْہِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلاً۔ یا اسرافیل[۲] اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلاً ثَقِیْلاً یا عزرائیل[۲] علی ہذا القیاس ساری سورت کے موکل نکالے۔ ذیل کا نقش صرف ایک آیت کا ہے جس کے ظاہر کرنے کی اجازت مجھ کو استاد نے دی نہیں۔ البتہ اعداد نکال لکھ دیا ہے بغض وغیرہ کے لئے موثر ہے۔ عامل کو اختیار ہے جس طریق سے چاہے عمل میں لائے نقش مکرم یہ ہے۔ - - - - - - - - -

۷۸۶

۹۸	۱۰۱	۱۰۴	۹۱
۱۰۳	۹۲	۹۷	۱۰۲
۹۳	۱۰۶	۹۹	۹۶
۱۰۰	۹۵	۹۴	۱۰۵

دوسری ترکیب ۔ یہ بھی سورہ مزّمل ہی کی ہے اور مجرب ہے پیر صاحب قبلہ سید رحم علی شاہ صاحب کی عطا کی ہوئی ہے اگر کسی عورت کو حمل نہ ہوتا ہو تو عامل کو چاہیئے کہ روزانہ اکتالیس[۴۱] مرتبہ سورت

مذکور کو ایک چلہ تک پڑھے تاکہ عمل اس کے ہاتھ میں آجائے۔ بعد اس کے نوچندی جمعرات کو میاں بیوی کو روزہ رکھنے کا حکم دے۔ اور دودھ چاول شکر ان سے لے کر خود کھیر پکائے اور اکتالیس مرتبہ سورۃ پڑھ کر دم کر کے میاں بیوی کو کھانے کیلئے دے۔ روزہ اسی کھیر سے افطار کرائے۔ رات کو اور کچھ نہ کھائیں۔ اور مباشرت کریں۔ اسی رات انشاءاللہ حمل ہوگا۔ اگر دونوں میں سے کسی ایک کو قے آجائے۔ تو سمجھو کہ حمل نہیں ہوا۔ تب صبح کو ذیل کا نقش آٹھ عدد لکھے۔ ایک تعویذ موم جامہ میں لپیٹ کر عورت اپنی کمر سے باندھے۔ اور ایک دھو کر میاں بیوی دونوں پی لیں۔ باقی چھ تعویذ روز علی الصباح تازہ پانی میں دھو کر صرف عورت ہی پئے۔ اور شوہر سے صحبت کرے۔ انشاءاللہ ایک ہی ہفتہ کے اندر اندر اس کو حمل ٹھہر جائے گا اور تندرست صحیح وسالم بچہ پیدا ہوگا نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دودہ	۶ ود	یوما
۵ ۱۱ ۶	اسوا ۶	مال
۸ د ۸	ی ط	الله الله
۶ ا و ا ۶	ح ط	ا و ج
اد لج س	ا و ۶	۱۱ [illegible]
من	ط ا ۶	۱۱ [illegible]

دوسری قسم سورہ جن کا عمل

اے عزیز اگر سورہ جن کا عامل بننے کی خواہش ہو۔ کیونکہ یہ سورت عملیات میں تمام جنات کی عامل وحاکم ہے۔ اگر کوئی عامل اس سورت کا عامل نہیں۔ تو وہ حقیقتاً عامل نہیں کہلا سکتا جس عمل کے لئے بھی چلہ کا ارادہ کرے نماز میں اسی سورت کو پڑھنا چاہیئے اور حصار بھی اسی سورت سے کیا جاتا ہے۔ کیونکہ جنات کا بادشاہ معہ اپنے لشکر کے عامل کی حفاظت کرتا ہے۔ اس لئے اس سورت کا زبانی یاد کرنا اور ہر وقت ورد رکھنا اشد ضروری ہے۔ اس سے عامل کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے۔ کہ نقش سورت میں موکلوں کو شریک ہرگز نہ کرے کیونکہ کعبہ میں نماز پڑھنے کے لئے کسی سمت کی ضرورت نہیں۔ اسی طرح یہ سورت بھی ہے۔ کیونکہ یہاں موکلوں کی ضرورت نہیں۔ اس سورت میں اللہ تعالےٰ نے تمام جنات کو مخاطب فرمایا ہے۔ اور ہر آیت میں ہی ہر موکل کا نام ہے۔ آغاز ماہ میں روز عشا کے وقت غسل کر کے ایک ہی چادر اپنے بدن پر اوڑھے۔ اول و آخر درود شریف کے ساتھ چالیس مرتبہ سورت پڑھ کر عمل کو ختم کرے۔ مگر عمل کے وقت اردگرد حصار کھینچ لیا کرے۔ عامل ہو جائے گا جب کسی کو مسخر کرنا چاہے۔ یا کسی امیر بادشاہ کو اپنے پاس بلانے کی خواہش ہو تو

پانچ تولہ باقلہ کے بیج لے کر ان بیجوں کو مٹی سے صاف کرے۔ اور پاک کپڑے میں ڈال کر اپنے پاس رکھے پھر ایک بیج پر مطلوب کا نام لکھے دوسرے پر قارون تیسرے پر فرعون چوتھے پر ہارون کا نام لکھے۔ پھر دس دانوں پر ایک طرف مطلوب کا نام اور دوسری طرف شیطان کا نام لکھ کر کسی پاک برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ دے۔ اور آدھی رات کے وقت جانماز پر بیٹھ کر خوشبودار دھونی دے اور جس دانہ پر قارون کا نام لکھا ہے، ایک دفعہ سورہ جن پڑھ کر اس پر دم کرے۔ اور آگ میں ڈال دے۔ اسی طرح جس ترتیب سے دانوں پر نام لکھے گئے تھے اسی ترتیب سے ایک ایک مرتبہ ہر دانہ پر سورہ جن پڑھ کر دم کر کے آگ میں ڈالتا جائے۔ اور خیال کرے کہ مطلوب حاضر ہو کر دست بستہ میرے سامنے کھڑا ہے اور مسخر ہو گیا ہے۔ اور روزانہ ایسا ہی کرے۔ اول تو تین دن میں ورنہ سات دن میں ضرور مسخر ہو گیا ہو گا۔ اور مطیع ہو گا۔ اس طور پر اور بھی بہت سے فوائد ہیں۔ جن کا پتہ صرف عمل کرنے پر لگ سکتا ہے۔

اگر کسی قسم کا آسیب ہو گا۔ فوراً حاضر ہو گا۔ عاجزی کرے گا۔ تیل پر سورہ جن دم کر کے آسیب والے کے ماتھے پر مالش کرے۔ اور خود سورہ جن پڑھتا رہے۔ آسیب فوراً حاضر ہو گا۔ اس کے عمل میں گوشت وغیرہ سے پرہیز کرے۔ وہی دم کردہ تیل اپنے جسم پر بھی مالش کرے۔ اکیس دن کے بعد پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کے منہ پر چھینٹے دے۔ آسیب باتیں کرے گا۔ یہ سورت اپنے اندر اسقدر خصوصیت رکھتی ہے۔ کہ صرف عامل ہی معلوم کر سکتا ہے جملہ عملیات پر حاکم اور عاملوں کا سردار ہو گا۔ قرآن کریم سے دیکھ کر صحت اعراب کیساتھ زبانی کرے

عمل سورہ الم نشرح ۔ استاد محترم محمد اعظم صاحب باشندہ ہانسی ضلع حصار سے یہ عمل مجھ کو ملا ہے۔ جو حب کے لئے مجرب ہے۔ اور ہمیشہ تیر بہدف ثابت ہو گا پہلے اس کی زکوٰۃ اس طرح ادا کرنی چاہیئے۔ کہ آغاز ماہ میں جمعرات کے دن عصر کے وقت غسل کر کے ایک ہی وقت ایک ہی بیٹھک میں سورۃ کو اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ موکل یہ ہیں۔

" ابرصا۔ صبرصا۔ صادصا صودصا "

اس کے پڑھنے کے بعد اٹھ کھڑا ہو۔ اور چالیس دن تک ایسا ہی کرے مگر ہر جمعرات کے دن عمل سے پہلے بازار سے ایک چھٹانک عمدہ میوہ گھی اور شکر لا کر اپنے ہاتھ سے تازہ

پانی لائے اور خود ہی تیار کرکے پاک برتن میں جانماز پر رکھ لیا کرے۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے نام کی نیاز دے کر خود ہی کھا جائے۔ اگر کوئی اور شخص بھی کھانا چاہے۔ تو اسی وزن کا علیحدہ حلوہ تیار کرے۔ اور وہ دوسرے کو کھلائے۔ دوسرا عمل ہر جمعرات کو حلوہ تیار کرنا پڑے گا چلہ ختم ہونے پر زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ اور اب وہ عامل ہے۔ اس کے بعد چالیس مرتبہ روزانہ جس وقت چاہے پڑھ لیا کرے۔

جب کسی کو مسخر و مطیع کرنا ہو۔ اتوار کے دن علی الصبح باغ میں جا کر موسمی پھولوں کی دو کلیوں پر پہچان کا نشان کر آئے۔ اور چالیس مرتبہ معہ موکلوں کے ناموں کے پڑھ کر ان کلیوں پر بھی دم کرے۔ طالب و مطلوب اور ان کی ماں کے نام بھی لو اور واپس چلا آئے اور دوسرے دن بھی ایسا ہی کرے۔ تیسرے دن بھی ایسا ہی کرکے ان کلیوں کو جواب پھول بن گئی ہوں گی۔ توڑے چوتھے دن پھر چالیس مرتبہ اسی طرح سورت پڑھ کر موکلات اور طالب مطلوب کے نام لے کر دم کرے اور ہار میں گوندھ کر یا کسی اور طرح ان پھولوں کو مطلوب تک پہنچا دے۔ جب وہ ان پھولوں کو سونگھے گا یا ان پھولوں کی بو اس کی ناک تک پہنچے گی۔ فوراً مسخر ہو گا۔ اور تمام عمر فرمانبردار رہے گا۔

یہ سورت بھی بہت خصوصیات رکھتی ہے۔ میں نے صرف ایک ہی لکھی ہے اپنے لئے یا دوسرے کے لئے عامل کر سکتا ہے۔ ہر خاص موثر ثابت ہو گا۔ بے خطا اور مجرب ہے

سورۃ انا اعطینا کا عمل:- یہ عمل بھی نہایت زود اثر ہے۔ اور بغیر ادائے زکوٰۃ کے بھی اس کا اثر ہو جاتا ہے۔ ہلاکی و تباہی دشمن کے لئے تھوڑا سا نمک سانبھری لے کر اس کے برابر کی کنکریاں (یعنی کوئی کنکر اس سے بڑی یا چھوٹی نہ ہو) لے کر ایک پہر رات گزر جانے کے بعد جانماز پر بیٹھ جائے۔ اور ایک سو ایک مرتبہ سورۃ مذکور پڑھے۔ پھر آگ سلگا کر جس کا سامان پاس ہی رکھا ہو۔ ایک کنکری پر چالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اور آگ میں ڈال دیا کرے۔ ہر روز اسی طرح کرے۔ چالیس کے اندر اندر دشمن تباہ ہو گا۔ لیکن لفظ ابتر پر دشمن کا نام لے اور لفظ ابتر کو تین مرتبہ زبان سے کہے۔ مجرب ہے۔ ترکیب یہ ہے۔

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرْ فلاں اَبْتَرْ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ۔ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ فلاں اَبْتَرُ ھُوَ الْاَبْتَرُ ھُوَ الْاَبْتَرُ

اگر اس سورت کے اعداد نکال کر دشمن کی تباہی کے لئے نقش مربع پر کریں۔

اور اس کی پشت پر دشمن کا نام معہ اس کی ماں کے نام کے لکھ کر دریا میں ڈالدے۔ اور ایک نقش دشمن کے گھر میں دفن کردے۔ تو خدا کے حکم سے چالیس دن کے اندر اندر دشمن تباہ ہوگا۔ عدد نکال دیئے گئے ہیں۔ تاکہ عوام کو سہولت ہو۔ اس سورت کے اعداد ۲۷۶۴ ہیں جن کو تقسیم کر کے نقش پُر کردیا ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۹۰	۶۹۴	۶۹۷	۶۸۳
۶۹۶	۶۸۴	۶۸۵	۶۹۵
۶۸۵	۶۹۹	۶۹۲	۶۸۸
۶۹۳	۶۸۶	۶۸۶	۶۹۸

دیگر سورۃ اذا جاء۔ خاں صاحب مذکور سے حاصل ہوا۔ جو شخص صبح اور عصر کی نماز کے بعد اس سورت کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھا کرے گا۔ اس کی ہر مشکل حل ہوگی۔ ایک ہفتہ کے اندر حاجت روا ہوگی۔ اگر دشمن سے کوئی خطرہ ہو تو اس ترکیب سے جب تک کہ اس کی حاجت پوری نہ ہو۔ پڑھے۔ دشمن پر انشاء اللہ فتح پائے گا۔ اور یہ عمل ہرگز خطا نہ ہوگا۔ مقدمات اور مراد وغیرہ میں اس سورت کا نقش بہت کار آمد ہے۔ مگر الفاظ کا نقش دائیں بازو اور اعداد کا نقش بائیں بازو میں باندھ کر اگر لڑائی پر یا دشمن کے مقابلے میں جائے۔ یقیناً فتح پائے۔ مقدمات میں فتح ہو۔ اور کوئی نقصان نہ اٹھائے۔ چالیس روز تک اگر بارہ برس تک کے مریض کو بھی دھو کر پلائیں۔ تو شفا پائے گا۔ ہر مقصد بامراد کیلئے نوچندی جمعرات سے عصر و مغرب کے درمیان چالیس لکھ کر آٹے میں گولی بنائے۔ اور دریا میں ڈالدے۔ مقصد حل ہوگا۔ صرف سات دن میں مراد پوری ہوگی۔ مگر وقت مقررہ پر نقش مقررہ کی تعداد ساتوں دن لکھ کر دریا میں ڈالدے الفاظ اور اعداد دونوں طرح کے نقش لکھتا ہوں تاکہ آسان ہو اس سورت کے اعداد (۶۲۰۹) ہیں۔ تقسیم کرکے نقش مربع تحریر کردیا ہے جو یہ ہے۔

۱۵۲۳	۱۵۱۶	۱۵۳۰	۱۵۱۵	اذا جاء نصر اللہ والفتح ورایت الناس
۱۵۲۹	۱۵۱۶	۱۵۲۱	۱۵۲۷	
۱۵۱۰	۱۵۳۲	۱۵۲۲	۱۵۲۰	
۱۵۲۵	۱۵۱۹	۱۵۱۸	۱۵۳۱	

یہ نقش اعدادی تھا۔ اب ذیل میں نقش عربی یعنی الفاظی لکھا جاتا ہے۔ نہایت حفاظت کے ساتھ اپنے پاس رکھے خدا محفوظ رکھے گا۔ کئی سال کی محنت جانفشانی کے بعد میں نے حاصل کیا تھا اور اعظم صاحب رح کے در پر پڑا رہا تھا۔

نقش مکرم اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

اذا جا	نصراللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ
نصراللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجاً
والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجاً	فسبح
ورایت	الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
الناس	یدخلون	فی دین	اللہ	افواجاً	فسبح	بحمد	ربک
یدخلون	فی دین	اللہ	افواجاً	فسبح	بحمد	ربک	استغفرہ
فی دین	اللہ	افواجاً	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان
اللہ	افواجاً	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ کان	توابا

سورہ الحمد کی ترکیب۔ اس سورہ مبارک کا نام سورہ فاتحہ بھی ہے۔ اور سبع مثانی بھی کہا جاتا ہے۔ یہی سورت ام القرآن ہے۔ جو قرآن کریم کے بالکل شروع میں ہے۔ دو مرتبہ جناب رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہوئی۔ اس سورت میں سات آیات ہیں۔ جو شخص ترک حیوانات ولذات کے ساتھ اس سورت کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اور ایک چلہ میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرے۔ اس کے بعد جس مقصد کے لئے دم کرے گا۔ پورا پورا اثر ہوگا۔ پانی پر دم کر کے پلانے سے مریض کا مرض کافور ہوگا۔ رزق کی تنگی کے لئے اس سورت کے اعدادی اور الفاظی نقوش بیس بیس مرتبہ لکھ کر چالیس دن تک آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے۔ ایک چلہ کے اندر اندر رزق کی تنگی جاتی رہے گی۔ شکر یا مصری کے شربت پر دم کر کے دشمن کو پلائے دوست بن جائے گا۔ زبان بندی کے لئے۔

پلائیے۔ تو زبان بند ہوگی دائیں بازو میں الفاظی اور بائیں میں اعدادی نقش باندھے تو تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

یہ ایک بزرگ کامل سے بندہ کو نصیب ہوا۔ بالکل خطا نہیں کرتا چیچک کے دنوں میں یا چیچک کا بخار آنے سے پہلے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے۔ اور ایک دو نقش دھو کر پلائے انشاء اللہ بچہ محفوظ رہے گا۔ اور کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ مجرب ہے۔

نقش کا عامل بننے کے لئے چالیس دنوں تک ایک ایک مرتبہ ان دونوں نقشوں کو لکھ کر آٹے میں گولی بنائے۔ اور بہتے پانی میں ڈال دے۔ طالب کی سہولت کے لئے دونوں نقش تحریر کر دیئے ہیں۔ اس سورت مبارک کے بے شمار خواص و فوائد ہیں جن کو بیان کرنا انسان کی طاقت میں نہیں پھر میری کیا طاقت کا اظہار کرسکوں۔

عامل خود جان جائے گا۔ اور تب ہی اس کو اس کی قدر معلوم ہوگی۔ صرف اللہ تعالےٰ کے نام پر اس بے بہا خزانہ کو میں ظاہر کرتا ہوں۔ دونوں تعویذ یہ ہیں۔

نقش الفاظ عربی

جبرائیل	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم						میکائیل
الحمدللہ	رب العلمین	الرحمٰن	الرحیم	ملک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط
رب العلمین	الرحمٰن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم
الرحمٰن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین
الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت
مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیہم
ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیہم	غیر المغضوب
وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیہم	غیر المغضوب	علیہم
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیہم	غیر المغضوب	علیہم	ولا الضالین
اسرافیل							عزرائیل

دوسرا نقش عددی ہے اس سورت کے کل اعداد (۹۲۱۱) ہیں اور اس کا نقش خمسی ہے جو کہ یہ اچھی جگہ پر اپنا اثر اچھی طرح ظاہر کرتا ہے۔ اور کئی مرتبہ تحریر میں آچکا ہے نقش اگلے صفحہ پر ہے

۲۴۵							۱۰۱
۹۵	۲۲	۰۹	۲۳	۰۵	۲۳	۰۲	۲۳
۰۶	۲۳	۰۱	۲۳	۹۶	۲۲	۰۸	۲۳
۷۷	۲۳	۰۳	۲۲	۱۱	۲۳	۹۷	۲۲
۱	۲۳	۹۸		۹۹	۲۲	۰۴	۲۳
۳۸							۳۱۰

دوسری قسم آیات کے اعمال - دو شخصوں کو جو باہم ایک دوسرے کے جانی دوست
ہوں، جدا کرنے اور ایک کا دوسرے دشمن بنانے کے لئے اتوار کے دن آغاز ماہ میں ان آیات
کے موکلوں کی نیاز اس طور پر دے اول دو محتاج اور فقیر آدمیوں کو ان موکلوں کے نام پر صبح
کا کھانا کھلائے۔ اور پھر دوپہر کو غسل کر کے سفید چادر چوراستہ پر سے چار باریک کنکریاں
جو کہ مقدار میں موٹھ کے دانے کے برابر ہوں۔ بغیر کسی سے گفتگو آنے جانے میں کرنے کے اٹھا
لائے۔ اور ایک خالی مکان میں رو بہ قبلہ بیٹھ کر ان کنکروں کو کاغذ کے ٹکڑے پر رکھ کر ذیل
کی دونوں آیات کو معہ عبارت ذیل کے پڑھے۔ اور ہر مرتبہ کنکریوں پر دم کرے۔ پڑھنے کے
وقت ان دونوں آدمیوں کے نام اور ان کی ماں کے نام بھی لے۔ ایک سو آٹھ مرتبہ روزانہ پڑھ
کر دم کرے۔ اور چار دن تک بدستور عمل کرے۔ اس کے بعد اگر خود کر سکے تو بہتر ورنہ کسی نمازی
آدمی یا نابالغ بچے کو وہ کنکریاں دے کر کہے کہ یہ کنکریاں ان دونوں آدمیوں پر راہ میں یا
جہاں ممکن ہو۔ ان پر پھینک دے۔ مگر جاتے وقت کسی سے راہ میں گفتگو نہ کرے۔ اور نہ ہی کوئی
ان میں فوراً لڑائی و جدائی پیدا ہو گی۔ اگر ان میں لڑائی جدائی واقع نہ ہو۔ تو پانچویں دن علی الصبح
اٹھ کر مرگھٹ میں جو دریا کے کنارے ہو جائے۔ اور مردہ کی راکھ جس میں باریک ہڈیاں ملی
ہوئی ہوں۔ ایک سیر کے قریب لے کر کاغذ میں رکھ کر رومال میں باندھ لے۔ اور پھر اسی جگہ نہا
کر راکھ کی پوٹلی کو ہاتھ میں پکڑ کر گھر لے آئے۔ اور اس میں سے تھوڑی سی راکھ لے کر بدستور
سابق پڑھے پڑھنے کے بعد کے بعد پڑیہ باندھ کر اس نمازی آدمی یا نابالغ بچے کو دیں۔ (اگر خود
کر سکے تو خود ہی لے کر جائے۔ کہے کہ کنکریوں کو پاؤں کے نیچے اور راکھ کو ان کے جسم کے
ننگے حصے پر مل دے۔ مگر راکھ کا عمل بھی چار ہی دن کرے۔ اور چوتھے دن پڑھنے کے بعد
پھینکنے یا ملنے کی کوشش کرے۔ جونہی راکھ ان کے جسم سے لگے گی۔ ان کے درمیان

انشاء اللہ عداوت دشمنی ہو گی۔ مجرب ہے۔ اور آیات معہ عبارت پڑھنے کی یہ ہے۔
وَمَا رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ وَھِیَ کَلَّا اِذَا دُکَّتِ الْاَرْضُ دَکًّا وَجَاءَ رَبُّکَ وَالْمَلَکُ
بَیْنَ فلاں ابن فلاں نبت صنغایا نا ھِرُ یا تاھِرُ۔

دیگر۔ اگر ان آیات اور طرفین کے ناموں کے اعداد نکال کر اور تعویذ بنا کر اتوار یا منگل کے دن قبر پہ جا کر مردہ کے سینے پر اس کی ہڈی سے دفن کرے۔ اور پھر اسی روز دونوں کے کپڑے لے کر نیلے رنگ میں رنگ کر سیاہی میں قدرے سرکہ ملا کر اس کے ساتھ آیات معہ نام اور ان کی ماں کے ناموں کے لکھے اور کسی نئے کوزہ میں ڈال کر اوپر تھوڑی سی روٹی ڈال دے۔ اور دریا کے کنارے ایک ہاتھ گہرا گڑھا کھود کر اس میں کوزہ دفن کر دے تاکہ پانی کے قریب رہے۔ ایسا کرنے سے قیامت تک ان کے درمیان جدائی ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔ وہ عمل یہ ہے۔

یا تملشا تملشا العداوۃ والبغضاء الی یوم القیا منتر اذا زلزلت الارض زلزالھا واخرجت الارض اثقالھا وقال الانسان مالھا العداوۃ والبغض بین فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں۔

عمل بغض و عداوت۔ جو خاکسار کو میر امام بخش صاحب پیرزادہ حضرت سید اشرف کچھوچھوی سے عطا ہوا اگرچہ یہ عمل میرے تجربہ میں نہیں آیا۔ مگر تاہم مجرب ہے۔ اور عطا کرنے والے بزرگ کا تجربہ کردہ ہے۔ اور اس طرح پہ ہے۔ کہ دو عدد روہو مچھلیاں آغاز ماہ کے اتوار کے دن لائے۔ اور ان کا پیٹ چاک کر کے کاغذ کے ٹکڑوں پہ آیات ذیل کے ساتھ طالب و مطلوب کے نام معہ ان کی ماں کے ناموں کے تحریر کرے اور ایک ایک کاغذ کا ٹکڑا ایک ایک مچھلی کے پیٹ میں رکھ کر سی دے۔ پھر دریا یا کسی بڑے تالاب کے کنارے جا کر لمبائی میں ایک ہاتھ اور گہرائی میں تقریباً ایک بالشت گڑھا کھود کر اس میں ان دونوں مچھلیوں کو ٹیڑھا کر کے اس طور پر کہ دونوں کے سامنے دریا کا بہاؤ ہو۔ مگر دونوں کا منہ جدا جدا طرف کو ہو یعنی ایک دوسری کی طرف نہ ہو۔ رکھ کر دفن کر دے۔ اور پھر اسی روز دوپہر کو کنیر کے دس پتے لیکر ان پتوں پر بھی وہی کچھ لکھے جو کاغذ کے اوپر لکھا تھا۔ اور پھر اسی جگہ جا کر مچھلیوں کے اوپر ان پتوں کو ایک ایک کر کے جلائے۔ آگ اس قدر ہو۔ کہ اس کی گرمی مچھلیوں تک پہنچے روز اسی طرح وقت مقررہ پر دس پتے لے کر اسی طرح جلائے۔ اور جب تک

ان کے درمیان جدائی اور لڑائی نہ ہو۔ برابر جلاتا رہے۔ انشاءاللہ دو چار دن ہی میں ان کے درمیان نفاق اور عداوت ہو جائے گی۔ آیات معہ اسماء یہ ہیں۔

قال هٰذا افواق بینی وبینك وظنّ انّه الفواقُ الحاقة ما الحاقة القارعةُ ما القارعةُ کلّا لینبذنّ فی الحطمةِ الفواقُ والعداوۃ بین فلاں بن فلاں و ابن الفلاں۔

بربادی و ہلاکی دشمن کیلئے۔ یہ عمل میں جو مجھ کو نوازش علی خاں صاحب نے عنایت کیا تھا۔ تجربہ کیا ہوا ہے۔ عمل سے پہلے ایک چلہ ترک حیوانات و لذات کے ساتھ اس دعا کی زکوٰۃ ادا کرے۔ روز (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے تاکہ چلہ میں سوا لاکھ کی تعداد آخری دن کسی قدر شیرینی پر موکلوں کی نیاز دے دے۔ عامل ہو جائے گا۔ یاد رہے کہ اس عمل میں اول و آخر درود شریف ہرگز نہ پڑھے۔ کیونکہ درود شریف رحمت ہے۔ اور یہ دعا غضب کی ہے۔

زکوٰۃ کے بعد جب دشمن تباہ و ہلاک کرنا مقصود ہو۔ تو دوپہر کے وقت غسل کرے اور آفتاب کے سامنے کھڑا ہو کر اس کی ٹکیہ پر دیکھتے ہوئے اس بات کا خیال کرے کہ وہ دشمن ہلاک ہو گیا ہے۔ اور کہ وہ دشمن میرے فلاں شخص کے ہاتھ سے شکست کھائے۔ پھر کبھی آسمان کی طرف اور کبھی سورج کی طرف نگاہ کر کے یہ دعا ایک سو بارہ مرتبہ تسبیح پر پڑھے اسی طرح بارہ دن کرے۔ ترک حیوانات اور لذات کرے۔ انشاءاللہ بارہ دنوں کے اندر اندر دشمن مقہور و ذلیل ہوگا۔ پڑھنے کے بعد آسمان کی طرف دم کرے۔ دعا یہ ہے۔

یا ناھر ذالبطش الشدید انت الذی لایطاق انتقامی یا قاھرھم قھر خدا قھر بادشاہ بو فلاں ابن فلاں نازل گردو اور مقہور و یا قاھر یا قاھر

عمل حب ۔ عطا کردہ پیر منور علی صاحب پیرزادہ شاہجہان آبادی جو کہ میرا آزمودہ ہے اگر دو آدمیوں اور دو بھائیوں یا دو سے زیادہ (جتنے بھی ہوں) لوگوں میں اتفاق نہ ہو۔ تو آیات ذیل کو چینی کی پیالی پر لکھ کر اوپر شہد ڈال دے۔ تاکہ سب حروف پر شہد لگ جائے پھر اس کو یا جیسے بھی ہو سکے کھانے میں ڈال کر ان لوگوں کو کھلائے۔ خدا کے حکم سے وہ سب باہم محبت کرنے لگیں گے شک نہ لائے۔ ان آیات میں بسم اللہ شریف کے اعداد بھی شامل ہیں سان کو بھی لکھے۔ جیسے کہ میں نے لکھ دیا ہے۔ اور پھر ان کی تاثیر کا مشاہدہ کرے۔ آیات معہ بسم اللہ شریف یہ ہیں۔ تجربہ کرے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَاءٌ عَلَیْھِمْ ءَاَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ
المحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں ۷۸۶ اللھم احفظنی الحمد للہ حیات شھو
المودۃ سلونی ھم اذا خوان احفظ لا الا اللہ بحق ایاک نعبد وایاک نستعین۔

دیگر - یہ عمل بھی میر صاحب موصوف سے مجھ کو عطا ہوا۔ اور مجرب آزمودہ ہے۔ سوموار کے دن درخت ارڑ کی لکڑی کے ٹکڑے لائے۔ مگر لانے کے وقت یہ نیت کرے۔ کہ حب کے واسطے لے جاتا ہوں۔ پھر اس لکڑی کو توڑ کر گھر لے آئے۔ اور سایہ میں خشک کرے۔ دھوپ اس لکڑی کو ہرگز نہ لگے۔ سوکھ جانے پہ اتوار یا جمعرات کے دن مٹی کے برتن میں ٹکڑے کر کے ڈالدے اور ایک سو مرتبہ ذیل کی آیت پڑھ کر دم کرے۔ اور پھر جلا کر رکھے۔ پھر اس راکھ پر بھی ایک سو ایک مرتبہ پڑھکر دم کرے مگر باوضو ہو کر پڑھے۔ اور دم کرے۔ پڑھنے کے وقت راکھ سامنے رکھی رہے۔ اور پھر راکھ کو سنبھال کر رکھ لے۔

جب کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرنا ہو تو ایک رتی کے قریب وہ راکھ شیرینی میں ڈال کر خود مطلوب کو کھلائے۔ وہ مطیع و فرمانبردار ہوگا۔ خواہ عورت شوہر کو یا شوہر عورت کو کھلائے اثر ہوگا۔ چنانچہ آیت مذکور یہ ہے۔ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَۃِ اسْجُدُوْا اِلَّا اِبْلِیْسَ اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکَافِرِیْنَ ؁

یہ بھی حب کا عمل ہے جو صاحب موصوف الصدر سے ملا ہے امیر معشوق اور ظالم کیلئے مجرب ہے۔ اتوار یا منگل کے دن روزہ رکھے اور رات کو تقرب الٰہی کے لئے نماز استجابت ادا کرے اور سات عدد پیپلی جو بڑی اور کانٹے دار ہوں۔ سامنے رکھے۔ اور ساتھ ہی آگ بھی رکھ لے اور بخور جلائے۔ پہلے ہر پیپل پر سات سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرے اور مطلوب یا شخص ظالم یا امیر کا نام بھی لے۔ اور آگ میں جلائے۔ دوسرے دن بھی روزہ رکھے۔ اور ہر پیپل پر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھکر دم کرے اور مطلوب کا تصور کر کے اس پر بھی دم کرلے۔ روزہ بھی رکھے انشاءاللہ چوتھے دن کی صبح کو مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔ اور مطیع ہوگا۔ اگر خدانخواستہ مطلوب چوتھے دن حاضر نہ ہو تو آئندہ منگل سے پھر ایسا ہی تین دن کرے اگر پھر بھی ناکام رہے۔ آئندہ منگل کو پھر تیسری مرتبہ بدستور عمل کرے۔ مطلوب بالضرور حاضر ہوگا آیات معظمہ یہ ہے۔

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ۔ اِذْ تَمْشِیْٓ اُخْتُکَ فَتَقُوْلُ ھَلْ اَدُلُّکُمْ عَلٰی مَنْ یَّکْفُلُہٗ فَرَجَعْنٰکَ اِلٰٓی اُمِّکَ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا

فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُوْنًا۔

تسخیر اور حاجت روائی کے لئے۔ یہ عمل کبھی خطا نہیں کرتا۔ بارہا مرتبہ کا مجرب ہے اگر کسی کو مسخر کرنا مطلوب ہو۔ تو زوال آفتاب کے وقت یقین دل کے ساتھ بائیس مرتبہ تین دن تک پڑھے یقین واثق ہے۔ کہ وہ شخص مطیع و فرمانبردار آیت مکرم یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ وَ اَنَا الْمَقْدُوْرُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَقْدُوْرُ اِلَّا الْقَادِرُ يَا رَبُّ يَا رَبُّ

اگر کوئی شخص ناراض ہو کر سفر کو جانے کو تیار ہو۔ تو اس کو روکنے کے لئے جس طرف وہ جانے کا ارادہ کرتا ہو۔ اس طرف ایک پتھر اٹھائیں اور اس پر یہ آیت معہ اس شخص کے نام اور اس کی ماں کے نام کے لکھ کر کوئیں میں ڈال دے۔ جب تک وہ پتھر کوئیں میں رہے گا۔ وہ سفر کا ارادہ ہرگز نہ کرے گا۔ جب نکال لیں گے تو چلا جائے گا۔ آیت مکرم یہ ہے۔ قَالُوْا يَا مُوْسٰۤى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَاۤ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَ رَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ ۝

پیٹ کا درد رفع کرنے کیواسطے:۔ یہ عمل خاکسار کا تجربہ کردہ ہے۔ پیٹ درد کے مریض کو یہ آیت معظم لکھ کر کھلا دے۔ فوراً درد رفع ہو گا۔ نہایت غور سے اور دھیان سے اس آیت کو یاد رکھنا چاہیئے۔ آیت مکرم یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاسِطُ الْمُبْسِطُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَبْسُوْطُ اِلَّا الْبَاسِطُ اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ

حصار کرنے کا عمل۔ یہ عمل بھی منور علی صاحب مذکور سے خاکسار کو ملا۔ اگر کسی کو جابر یا ظالم کے سامنے جانا پڑے۔ تو اس حصار کو سات دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اس کے سامنے چلا جائے وہ شخص مسخر اور مطیع ہو گا۔ بہت ہی عجیب و غریب عمل ہے۔ وہ آیت معظم یہ ہے۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ يَا اِلٰهَ اِلَّا الْاَوَّلِيْنَ۔ ہر کرا بد گوید زبان بند شود۔ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ حصار موسےٰ بر جگر او۔ و آہ ربا کہ یا برتن او کردم حضرت ایوب در دہن او و مہر حضرت سلیمان بر زبان او و تیغ رجال الغیب بر جان او۔ قہر خدا بر آں مقہور یا بدوح یا بدوح یا بدوح وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ۔

یہ عمل نفاق کیلئے مجرب ہے:۔ اور پیرزادہ میر احمد علی شاہ صاحب کا عطا کیا ہوا ہے منگل کے دن غسل کر کے ننگے سر خلوت میں منہ جنوب کی طرف کر کے رائی کی اکتالیس دانے اپنے سامنے رکھ لے۔ اور ہر دانہ پر سورہ الکوثر اکتالیس مرتبہ دم کرے جب ہو الابتر پر پہنچے تو کہے کہ "فلاں ابتر" اس کے بعد خود یا کسی دوسرے آدمی کو دے کہ وہ دانے دشمن کے گھر ڈال دے

دوسرے دن پھر ایسا ہی کرے۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر دشمن تباہ ہوگا۔ اگر ایک میں کام نہ بنے تو عمل کو نہ چھوڑے۔ جو وہ چین میں دشمن تباہ ہوگا مجرب و آزمودہ ہے۔

دیگر۔ اونٹ کی ہڈی کا برادہ بنا کر اتوار یا منگل کے دن سورہ الکوثر ایک سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ تباہ و برباد ہوگا۔

اگر دو آدمیوں کے درمیان جدائی ہو۔ تو سوالابتر سے پہلے در فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں جدائی اور نفاق ہوالابتر کہے انشاء اللہ تین دن کے اندر اندر دونوں میں جدائی ہو گی۔ مگر ہڈی کا دم کردہ برادہ روزان کے گھروں میں ڈالے مجرب ہے۔

عمل سورہ القارعہ:۔ اگر دو دلی دوستوں کے درمیان جدائی اور دشمنی مطلوب ہو۔ تو سات روز تک ایک کچی مگر پاک اینٹ لیکر اس پر پاک سیاہی سے سورہ مذکور بطریق ذیل لکھ کر دن دریا میں ڈال دیا کرے۔ انشاء اللہ سات ہی دن کے اندر ایک دوسرے کے جانی دشمن ہوں گے۔ نقش یہ ہے۔

اَلْقَارِعَۃُ مَا الْقَارِعَۃُ وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَۃُ ط۔ یَوْمَ یَکُوْنُ النَّاسُ کَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ وَتَکُوْنُ الْجِبَالُ کَالْعِھْنِ الْمَنْفُوْشِ ط۔ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُہٗ فَھُوَ فِیْ عِیْشَۃٍ رَّاضِیَۃٍ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُہٗ فَاُمُّہٗ ھَاوِیَۃٌ ط وَمَا اَدْرٰىكَ مَا ھِیَہْ نَارٌ حَامِیَۃٌ اَلْبُغْضُ النِّفَاقُ وَالْعَدَاوَۃُ بَیْنَ فلاں بن فلاں بن فلاں ::

برائے نفاق رجناب شیخ نجف علی صاحب کا عطا کیا ہوا مجرب ہے۔ منگل کے دن کاغذ کی ایک پڑیا میں سات مسجدوں کی مٹی لے آیئے پھر آدھی رات کے قریب غسل کر کے پڑیہ خاک کی ہمراہ لیکر کسی شہید کی قبر پر جائے۔ اور رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی نیاز دے۔ پھر آدمیوں کے جدا کرنے یا دشمن کی تباہی کی نیت کے ساتھ دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے۔ کہ جب پہلی رکعت ادا کرے۔ تو پہلی رکعت ادا کرے۔ تو پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ انا اعطینا اور دوسری میں فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ انا انزلنا پڑھے پہلی رکعت میں ہوالابتر کے ساتھ دشمن کا نام بھی، بے نماز کے بعد قبر کے نزدیک کھڑا ہو کر سات سو مرتبہ کلمہ طیبہ حسب طریق پر ذیل میں لکھا جائے گا۔ پڑھ کر اس میں خاک کی پڑیہ پر پر دم کرے۔ اور پھر اپنے دونوں ہاتھ قبر کے اوپر ٹیک کر کہے۔ کہ فلاں کو تباہ کردے یا جدا کردے میں تمہاری نیاز دونگا پھر اس خاک کی پڑیہ کی سات پڑیہ بنائے۔ اور اپنے گھر چلا آئے۔ صبح ان پڑیوں میں سے ایک پڑیہ لے کر

خود یا کسی دوسرے آدمی کی وساطت سے دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ اور روزانہ ایک سو ایک مرتبہ کلمہ اسی طریق سے پڑھ کر دشمن کے گھر میں پھینک دے۔ اس مدت میں تباہ و برباد ہو جائیگا۔ یا دو دوستوں میں جدائی ہو جائے گی کلمہ اس طریق سے پڑھے۔

لا الٰہ لگادے الا اللّٰہ سلگادے محمد رسول اللّٰہ فلانے سے کو جلادے جلادے جلادے

خاص ہدایت۔ جدائی، نفاق اور کسی کی ہلاکت کے اعمال بغیر کسی اشد ضرورت کے جبکہ اس کے سوا اور کوئی چارہ کار ہی نہ رہ جائے، کریں۔ ورنہ اس قسم کے اعمال سے بھی خواہ وہ مشرکانہ نہ بھی ہوں قطعی پرہیز کریں۔

عمل حُب۔ نہایت مجرب اور ایک بزرگ تارک الدنیا اور کامل شخص کا عطا کیا ہوا ہے۔ اگر کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو۔ یا دشمن کو دوست بنانا ہو تو شکر پر اس دستور سے جیسے کہ لکھا گیا ہے۔ پڑھ کر دم کر کے اس کو کھلائے۔ اگر نہ کھلا سکتا ہو۔ تو چیونٹیوں کو کھلائے (یعنی چیونٹیوں کے سوراخ پر ڈالدے) عمل مذکور اپنا پورا اثر ظاہر کرے گا۔ اور شخص مطلوب مطیع ہوگا عمل یہ ہے

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ بستم خواب وخور فلاں ابن فلاں علی حب فلاں ابن فلاں فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَھُمْ بستم خواب وخور فلاں ابن فلاں علی حب فلاں ابن فلاں فِیْ تَضْلِیْلٍ وَّ اَرْسَلَ عَلَیْھِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ تَرْمِیْھِمْ بِحِجَارَۃٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ فَجَعَلَھُمْ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ بستم خواب وآرام فلاں ابن فلاں علی فلاں ابن فلاں۔

اپنی محبت میں معشوق کو مبتلا کرنے کیواسطے۔ یہ عمل مجرب ہے۔ ایک چلہ تک کرنا چاہیئے آغاز ماہ میں پہلی تاریخ کو رات کو غسل کر کے تنہائی میں بیٹھے اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر کالی مرچ کے اکتالیس دانے لے کر ہر دانہ پر بطریق ذیل کلمہ طیبہ پڑھ کر دم کر کے آگ میں اسی وقت جو پاس رکھی ہو۔ ایک ایک دانہ پر دم کر کے جلائے۔ انشاء اللہ ہفتہ بھر کے اندر ہی مطلوب فرمانبردار ہوگا۔ مگر عمل پورا ایک چلہ ہی کرے۔ کلمہ یوں پڑھے۔

لا الٰہ لیائیس الا اللّٰہ ملائیس محمد رسول فلاں بن فلاں کو چین نہ دیس چین نہ دیس"

قیدی کی رہائی کے واسطے۔ یہ عمل بھی مجرب ہے۔ ذیل کی آیت مکرم ہر نماز کے بعد سو مرتبہ ایک ہفتہ تک پڑھے۔ انشاء اللہ اسی اثناء میں قیدی رہا کر دیا جائے گا۔ آیت یہ ہے قرآن کریم سے اعراب درست کرلے۔

یَا بَنِیَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَۃٍ وَمَا اُغْنِیْ عَنْکُمْ

مِنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْئٍ اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ یَا خَالِصُ یَا مُخْلِصُ ؛

قیام حمل کے لئے - ایک عدد دھاگہ عورت کے قد کے مطابق سر سے پاؤں تک لمبا لے کر یہ آیت پڑھ کر دم دے اور گرہ دے۔ اس طرح اکتالیس بار دم کر کے اکتالیس گرہ لگائے پھر اس کو موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ حمل ٹھہر جائے گا۔ یہ عمل رحم علی صاحب کا عطا کیا ہوا ہے۔ جو کہ چوبارہ کے رہنے والے تھے۔ اس کے ساتھ ہی کسی قدر شکر پر بھی دم کر کے عورت کو دے تاکہ وہ سات دن تک شکر کھائے آیت مکرم یہ ہے۔

یَا اَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنْ نَفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا یَا حَفِیْظُ یَا حَافِظُ یَا نَصِیْرُ یَا نَاصِرُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ

تسخیر امیر و غریب کے لئے - میر محمد بخش صاحب کی عنایت کی ہوئی یہ آیت مکرم مجرب ہے تیل خوشبودار یا عطر پر دس بار پڑھ کر دم کرے۔ اور اپنے منہ پر مل کر جس کو تسخیر کرنا ہو۔ اس کے سامنے چلا جائے۔ مسخر ہو گا۔ عزت سے پیش آئے گا۔ آیت یہ ہے۔

عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ فُلَانْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً وَاللّٰہُ قَدِیْرٌ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ الرَّحِیْمُ ؛

حمل کے ٹھہرنے کیلئے - یہ آیت مکرم لکھ کر عورت کو پلائیں۔ انشاء اللہ حمل ساقط نہ ہو گا۔ آیت مکرم یہ ہے۔ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ بحق یَا ھَادِیْ یَا ھَادِیْ یَا ھَادِیْ یَا ھَادِیْ یَا ھَادِیْ یَا ھَادِیْ یَا ھَادِیْ

اگر حمل کچا ساقط ہو جاتا ہو - تو یہ آیت لکھ کر عورت کو باندھنے کے لئے دے۔ خدا کے حکم سے حمل قائم رہیگا۔ آیت مکرم یہ ہے۔ یَا حَفِیْظُ یَا مَالِکُ یَا مَالِکُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ط۔

برائے حُب - شام کے وقت نمک کی ڈالی پر سات مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھ کر آگ میں ڈالے۔ بحکم خدا مطلوب محبت میں گرفتار ہو گا۔

برائے تپ ہر قسم - دھاگے پر دم کر کے تعویذ بنا کر دے۔ اور لکھ کر بھی مریض کو پلائے انشاء اللہ ہر قسم کے تپ سے نجات ملے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ۔ الٰہی بحرمت شمس تبریزی ایں تپ بخاری بگریزی

والا نہ در گور قاضی رشوتی گرفتار شوی لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

آنکھ کی بینائی کیلئے ۔میر محمد بخش صاحب کا عطا کیا ہوا یہ عمل مجرب ہے۔ اگر بینائی کے کم ہونے کی کسی کو شکایت ہو۔ یا شب کوری ہو۔ دھند پھولا۔ جالا وغیرہ غرض آنکھ کی ہر مرض کے لئے ان آیات کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے۔ پہلے ایک دفعہ درود شریف بھی پڑھے اور پانچوں انگلیاں ملا کر ان پر دم کرے دائیں ہاتھ کی انگلیاں بائیں آنکھ پر اور بائیں ہاتھ کی دائیں آنکھ پر مل دے۔ اسی طرح تین مرتبہ بعد ہر نماز کرنے سے انشاء اللہ چند دنوں میں آنکھ کی ساری امراض دفع ہوں گی اور بصارت درست ہو گی۔ آیت مکرم یہ ہے۔

یُوْسُفُ اَیُّھَا الصِّدِّیْقُ اِذْھَبُوْا بِقَمِیْصِیْ ھٰذَا فَاَلْقُوْہُ عَلٰی وَجْہِ اَبِیْ یَاْتِ بَصِیْرًا وَّ اْتُوْنِیْ بِاَھْلِکُمْ اَجْمَعِیْنَ۔ فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ فَرَدَدْنٰہُ اِلٰٓی اُمِّہٖ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ وَّلٰکِنَّ اَکْثَرَھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَۃِ اِلَّا کَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ ھُوَ اَقْرَبُ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یا اللہ

عمل بابت مال مسروقہ ۔ اس آیت کریمہ کو معہ اسماء چاروں موکلوں کے سوا لاکھ مرتبہ پڑھے۔ مگر وقت اور جگہ مقرر پڑھے۔ پڑھتے وقت شکر لوبان اور صندل باریک کر کے دھونی دے۔ ایک چلہ میں تعداد پوری کرے۔ ترک حیوانات و لذات بھی کرے۔ عامل ہو جائیگا پھر جب مال مسروقہ کا پتہ مطلوب ہو۔ تو منگل کے دن کسی حجام سے ایک استرا لے۔ اور اس آیت کو معہ موکلوں کے سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اور تھوڑا سا شنگرف اس کی دھار پر مل کر کسی اونچی جگہ مکان کی چھت وغیرہ پر رکھدے۔ اور دوسرے دن صبح کو پھر وہی آیات سات مرتبہ دم کرے۔ پھر جن جن لوگوں پر شبہ ہو۔ ان کی باری باری نام لیکر اپنی ران کے دائیں و بائیں طرف بال تراشے۔ انشاء اللہ جو شخص چور ہو گا جب اس کا نام لے کر اپنی ران کے بال تراشے جائیں گے۔ انشاء اللہ جو چور ہو گا۔ اس کے سر کے بال خود بخود تراشے جائیں گے۔ آیت مکرم معہ موکلوں کے یہ ہے۔

علیما ملیقا ملیقا فاتقی الحرۃ ساجدین قالو منا بوب العالمین رب موسیٰ و ھارون

برائے مال مسروقہ ۔ آیت ذیل جو سورہ واقعہ میں ہے۔ کامل طہارت اور پرہیز کے ساتھ چالیس دن تک ہزار مرتبہ روز پڑھے اور پڑھتے وقت روز خوشبودار دھونی روشن کرے۔ چلہ کے بعد عامل ہو جائیگا۔ ضرورت کے موقع پر یہ آیت روغنی روٹی پر جو کامل طہارت کے ساتھ عامل خود ہی پکائے۔ سات مرتبہ لکھے اور ملیدہ کر کے مشتبہ اشخاص کو ایک ایک نوالہ ملیدہ

کا کھانے کو دے۔ انشاء اللہ چور کے حلق سے نوالہ نہ اتر سکے گا۔ چور پہچانا جائے گا۔ خاکسار کا آزمایا ہوا عمل ہے۔ بغیر ادائے زکوٰۃ کے بھی یہ عمل اثر دکھاتا ہے۔ اور دشمن کی ہلاکت کیلئے بھی یہ آیت کام آتی ہے۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ قرآن کریم سے اعراب درست کر کے پڑھے۔ فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ ۝ وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ۔ دشمن پر فتحیابی کے لئے بھی مفید ہے۔

جس عورت کا حمل نہ ٹھہرتا ہو چینی کے پیالہ پر لکھ کر اس کو پلائیں۔ اور ایک کاغذ پر لکھ کر اس کی کمر میں باندھیں۔ انشاء اللہ بچہ پیدا ہو گا۔ خاکسار کو یہ عمل ایک عابد و زاہد مدرس سے دستیاب ہوا تھا وہ یہ ہے۔ لِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ يَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَن يَشَاءُ الذُّكُورَ أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَاثًا وَيَجْعَلُ مَن يَشَاءُ عَقِيمًا إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ يَا اللّٰهُ

برائے مال مسروقہ۔ یہ آیت الٰہی چوری کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ مشتبہ لوگوں کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھ کر گولیاں بنالے۔ مگر وہ سب گولیاں وزن میں برابر ہوں ہر کاغذ کے ٹکڑے پر مشتبہ آدمی کے نام کے ساتھ یہ آیت بھی لکھ دے۔ اور پانی سے بھرے ہوئے مٹی کے پاک برتن میں سب گولیاں ڈالدے۔ جو گولی تیرتی رہے۔ وہی اٹھالے۔ جو نام اسی پر لکھا ہے۔ وہی چور ہے۔ مجرب اور آزمائش کیا ہوا عمل ہے۔ آیت یہ ہے وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

اگر کوئی عورت دردِ زہ میں گرفتار ہو۔ تو یہ آیت کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کی بائیں ران پر باندھے۔ اور ایک کاغذ پر لکھ کر شکر کے شربت میں گھول کر پلا دے۔ انشاء اللہ فوراً بچہ پیدا ہو گا۔ مجرب ہے آیات یہ ہیں۔

إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝ لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُونَ ۝ لَوْ أَنزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۝

روزی کے واسطے:۔ اگر کوئی شخص بالکل محتاج ہو تو آیت کریمہ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے گیارہ مرتبہ پڑھا کرے اور اپنا معمول بنائے۔ خدا کے حکم سے تھوڑے ہی دنوں میں اس کی محتاجی دور ہو گی۔ اور ایک بزرگ سے اس آیت کا عمل روزی کے لئے دستیاب

ہوا ہے۔جوان کے تجربہ میں آچکا ہے۔وہ یہ ہے۔کہ نوچندی اتوار کے دن علی الصبح پاک لنگی باندھ کر غسل کرے۔اور وہ بھیگی ہوئی لنگی پہنے ہوئے کھڑا ہو کر آفتاب کی ٹکیہ (آفتاب نکل رہا ہو) کی طرف دیکھے اور اکیس مرتبہ یہ آیت مکرم معہ مَاشَآءَ اللّٰہُ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کے پڑھے اور سورج کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہے کہ اے آفتاب عالمتاب جو کچھ تیرے طلوع سے ہے۔وہ مجھ کو دے انشاء اللہ خداوند کریم کی مہربانی سے چالیس ہی دنوں میں بے شک امیر کبیر ہو گا۔

اس کے بعد بھی وظیفہ جاری رکھے ورنہ دولت کم ہو جائے گی۔مجرب ہے۔آیت مکرم یہ ہے۔اعراب قرآن کریم سے دیکھ کر درست کر لے۔ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّ یَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا مَاشَآءَ اللّٰہُ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ؛

دوستی کے لئے۔اگر کسی سے دوستی اور محبت مطلوب ہو۔تو ذیل کی آیت شریف کو معہ اسماء کے روزانہ ایک ہزار مرتبہ ورد کرے۔اور چلہ کے بعد اسے خوشبو دار پھولوں پر دم کر کے سونگھنے کو دے۔یا شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے۔خدا کے حکم سے فرمانبردار ہو گا مجرب ہے۔یہ طریقہ ایک پیرزادہ صاحب سے معلوم ہوا تھا۔آیت معہ اسماء کے یہ ہے

وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ یَا رَفِیْقُ یَا شَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ ؛

دیگر۔اس باب میں سورہ الم نشرح کی صفت لکھی جا چکی ہے۔تپ لرزہ کے دفعیہ کے لئے ایک بزرگ سے اور ترکیب معلوم ہوئی تھی جو کہ مجرب ہے۔اس کو یاد کر لیں۔اور جب کسی کو تپ لرزہ کی شکایت ہو۔تو تپ چڑھنے سے پہلے جبکہ طلوع آفتاب کو ایک گھڑی گذری ہو۔ہو۔یا غروب آفتاب میں ایک گھڑی کا عرصہ باقی ہو۔تو مریض کو زمین پر کھڑا کر کے سر سے لیکر پاؤں تک اس کے سایہ کو ایک چھری کے ساتھ کاٹے اور کاٹتے وقت سورہ الم نشرح پڑھتا رہے۔جب کاٹتے کاٹتے پاؤں پہ پہنچے تو بس کر دے۔اسی طرح تین دن متواتر عمل کرے انشاء اللہ العزیز انہی تین دنوں کے عرصہ میں مریض کو صحت کامل ہو گی مجرب ہے۔

علاوہ ازیں یہ سورت اور بہت سے خواص رکھتی ہے۔اگر سورہ مذکور کو زکواۃ ادا کر کے عمل میں لائے تو فائدہ دے گی۔ورنہ کوئی فائدہ نہ ہو گا۔بغیر ادائے زکواۃ کے اس سورت شریف کا یہ عمل تاثیر رکھتا ہے۔اگر کوئی دشمنوں اور حاسدوں کی بدگوئی سے عاجز ہو گیا تو ان کی زبان بندی کے لئے گیہوں کے دانے لے کر ان پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور آخر

میں دشمنوں اور حاسدوں کے نام بھی ان کی ماں کے ناموں کے لے یعنی کہے کہ لبستم زبان فلاں بن فلاں از بدگوئی) پھر ان دانوں کو چڑیوں کے آگے پھینک دے۔ تا کہ وہ کھا جائیں اس طرح حاسدوں اور دشمنوں اور دشمن لوگ برائی سے باز آجائیں گے۔ یہ ترکیب مجرب ہے

عمل سورہ الحمد شریف۔ سورہ فاتحہ کی ترکیب۔ نقوش وغیرہ جو خاکسار کو ملے پہلے لکھے جا چکے ہیں۔ مگر اب یہ عمل دوستوں کے واسطے لکھتا ہوں۔ یہ عمل مرزا زبیر بیگ صاحب سے خاکسار کو دستیاب ہوا تھا۔ اور ان کے عمل میں آچکا ہے۔ اس عمل کی برکتیں اور صفات خاکسار نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہیں۔ یہ تسخیر کا عمل ہے۔ آغاز نوچندی اتوار یا جمعرات کو غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنے۔ خوشبویات اور بخورات حسب توفیق مہیا کرے اور دو روغنی روٹیاں آدھی رات کو خود پکائے۔ اور ان کے اوپر دو میٹھے لڈو رکھ کر عطر اور پھولوں کے ہار بھی رکھے۔ یہ سب کچھ لے کر دریا کے کنارے ایسی جگہ جا کر بیٹھے جہاں انسانی آواز نہ پہنچ سکے۔ اور نہ عمل میں ہرج واقعہ ہو سکے بخورات کو جلائے اور اپنے چاروں طرف سورہ یٰسین اور آیت الکرسی پڑھ کر حصار کرے۔ پھر حصار کے اندر بیٹھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر الحمد شریف معہ موکلات ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے۔ اگر دوران عمل میں کوئی صورت نظر آئے۔ تو ہرگز خوف نہ کرے۔ اور اگر وہ صورت کچھ مانگے تو بغیر بولے اور عمل کو چھوڑنے کے حصار کے اندر ہی بیٹھا ہوا ہاتھ سے اٹھا کر ان چیزوں میں سے جو پاس رکھی ہیں۔ کچھ دیدے۔ وظیفہ ختم کر کے باقی چیزیں روٹی۔ لڈو وغیرہ جو رہ گئی ہیں۔ اسی جگہ حصار کے اندر ہی خود کھا لے۔ انشاء اللہ آٹھویں یا ساتویں دن چار حسین عورتیں جو حسن و جمال میں بے نظیر ہوں گی۔ عامل کے پاس آ کر راز و نیاز کریں گی۔ مگر عامل بغیر وظیفہ ختم کرنے کے ان کی طرف ہرگز توجہ نہ کرے وظیفہ ختم کرنے کے بعد ان عورتوں سے گفتگو کرے۔ اور جو کچھ مطلوب ہو، ان سے کہے۔ وہ تمام عمر عامل کو پہنچاتی رہیں گی۔ اگر خدا نخواستہ سات آٹھ دن کے اندر عورتیں حاضر نہ ہوں تو عمل کو نہ چھوڑے۔ بدستور کئے جائے۔ چودہ اور حد اکیس دن میں حاضر ہوں گی۔ اگر پھر بھی نہ آئیں۔ تو چلہ کو ترک نہ کرے۔ برابر چالیس دن تک کرے۔ اس عرصے میں بالضرور حاضر ہوں گی۔ عمل ہرگز خطا نہیں کر سکتا۔ مجرب ہے عامل کو لازم ہے۔ کہ جس طرح ترکیب بتائی گئی ہے۔ اس پر عمل کرے۔ اس کی محنت ضائع نہ ہو گی۔ ترک حیوانات و لذات ضروری ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَؤُفُ یَا عَطُوْفُ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ

يَا حَكِيْمُ يَا عَلِيْمُ۔

دیگر۔ ان دو ابواب میں اسمائے الٰہی اور آیات کلام کی بابت لکھ چکا ہوں۔ صرف بسم اللہ شریف کا ذکر رہ گیا ہے۔ اب اس کو بھی حوالہ قلم کرتا ہوں۔ یہ عمل مولوی غلام مرتضیٰ خاں صاحب سے منسوب ہے۔ لازم ہے۔ آغاز ماہ میں بسم اللہ شریف کا عمل شروع کرے۔ جس مطلب کے لئے کرے گا۔ مطلب پورا ہو گا۔ طریق یہ ہے۔ کہ پہلے دو رکعت نماز ادا کرے پھر بارہ ہزار مرتبہ مع اول و آخر درود شریف چند بار ایک ہی مجلس میں پڑھے۔ انشاء اللہ العزیز اسی رات میں صبح ہونے تک اس کا مقصد حل ہو گا۔ اگر ایک دن میں پورا نہ ہو تو ایک ہفتہ تک کرے۔ بالیقین مقصد بر آئے گا۔ دنیا کے مشاغل کی وجہ سے اگر اس قدر تعداد میں نہ پڑھ سکتا ہو۔ تو ہر روز دو رکعت نماز ادا کرنے کے بعد پندرہ سو مرتبہ بسم اللہ کا ورد کرے۔ اول و آخر درود شریف بھی پڑھے۔ سات دن کی مدت میں مقصد پورا ہو گا۔

اللہ تعالےٰ کا شکر و احسان ہے۔ کہ کلام الٰہی کی آیات کا جس قدر بندہ کو یا استادوں کو تجربہ تھا۔ اس باب میں پوری تشریح اور تفصیل کے ساتھ لکھ چکا ہوں جس کو کسی عامل نے کبھی نہ دیکھا ہو گا۔ بندہ نے اس نعمت کو محض ایک دعائے خیر کے بدلے لکھ دیا ہے۔ امید ہے کہ آپ بھی دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔

تیسرا باب

تعویز علامات عملیات اور نقش پُر کرنے اور کھینچنے کا بیان

نقش کھینچنے اور پُر کرنے کیلئے جاننا چاہیئے۔

کہ اعداد کی دو قسمیں ہیں۔ عدد کامل اور عدد ناقص ان کا جاننا از حد سے زیادہ ضروری ہے۔ کیونکہ یہ فن کا موضوع ہیں۔ اشکال کا جاننا جن میں بطریق کامل ناقص فرد اور زوج اعداد رکھے گئے ہوں۔ اور یہ دریافت کرنا کہ آیا یہ شکل درست ہے یا غلط اس کے علاوہ ضلع نظر سطر۔ حواشی۔ بطنی۔ ذیلی۔ عدد عدل اور عدد طبعی کا جاننا ضروری ہے۔ شکل کامل یا نام وہ شکل ہوتی ہے۔ جس میں کوئی شکل درج ہو۔ ناقص شکل وہ ہوتی ہے جس سے کوئی دوسری شکل پیدا نہ ہو سکتی ہو۔ جیسے کہ حقیقی مربع اور مثلث کیونکہ ان میں ایک خاصیت ہوتی

ہے۔ برخلاف مخمس کے کہ اس میں مثلث اور مسدس و رنج ہے جو دو چند خاصیت رکھتی ہے مطبع اور مثمن سہ چند علیٰ ہٰذا القیاس اور شکل صحیح وہ ہوتی ہے۔ کہ ضلع ضلع کے ساتھ سطر سطر کے ساتھ قطر برابر آجائے۔

صحیح شکل اور عدد عدل کی پہچان کرنے کا طریق یہ ہے۔ کہ عدد بیوت کی ایک سطر کو اسی کی عدد ذات میں ضرب دے۔ اور حاصل ضرب پر ایک زیادہ کرے۔ تو عدد عدل برآمد ہوگا۔ عدد طبعی کے استخراج کے لئے یہ ضروری ہے۔ کہ عدد بیوت کو نصف کرکے عدد عدل اس میں ضرب کرے۔ تاکہ حاصل ضرب طبعی کے لئے وقف ہو جائے۔ اور ہر شکل کو پُر کرنے کیواسطے وقف طبعی سے کم ہرگز نہ آئے۔ اگر سات عدد کی ایک سطر کو اپنی ذات میں کرکے ان سے ایک عدد کم کرے۔ اور باقی کو نصف کرکے عدد بیوت سے ضرب دے۔ تو حاصل ضرب وہی گرے ہوئے اعداد ہوں گے۔ جن کو مجموعہ اعداد سے پہلے ہی گرا دینا چاہیئے۔ اور باقی کو اعداد بیوت کے موافق تقسیم کرکے ایک قسمت کی ایک سطر سے لکھنا شروع کرے۔ مثلاً مثلث حقیقی تین ہے۔ جو ایک سطر کا بیوت ہے۔ اور ایک سطر جو تین (۳) ہے۔ اس کو آدھا کیا تو ڈیڑھ آیا۔ اور عدد عدل کو جو دس ہے۔ ڈیڑھ میں ضرب کیا۔ تو پندرہ ہوئے۔ پس معلوم ہوا کہ مثلث حقیقی کے لئے پندرہ سے کم نہ ہوں۔ زیادہ کی حد نہیں۔ اس طور پر مربع حقیقی جس کی تعداد چار سطر ہے۔ اس کو چار میں ضرب دیا تو سولہ ہوئے۔ عدل کا ایک عدد زیادہ کیا۔ تو سترہ ہوئے اور چار کو جو اصل عدد ہے۔ نصف کرکے سترہ میں ضرب دی۔ تو چونتیس آئے۔ پس یہ چونتیس وقف طبعی ہے۔ جیسے کہ مثلث کے وقف طبعی پندرہ ہیں۔ (مترجم) مربع حقیقی میں چونتیس سے کم اعداد نہ ہوں۔ زیادہ کی حد نہیں ہے۔

عدد مطروحہ کے لئے مثلث کو باہم ضرب کیا۔ یعنی ۳ × ۳ = ۹ اس میں سے ایک کم کیا تو آٹھ باقی رہ گئے۔ آٹھ کو مثلث کے نصف سے ضرب کیا۔ تو ۸ × $1\frac{1}{2}$ = ۱۲ ہوئے۔ یہ اعداد مسطروحہ ہیں۔ اس طرح مربع میں باہم ۴ × ۴ = ۱۶ ہوئے۔ ایک کم کیا تو پندرہ رہ گئے۔ جس کو مربع کے نصف یعنی ۲ سے ضرب دیا۔ تو ۱۵ × ۲ = ۳۰ ہوئے۔ اس سے معلوم ہوا۔ کہ مثلث میں بارہ اور مربع میں تیس کو مجموعہ کے اعداد سے منہا کرکے جو کچھ باقی رہے مثلث کی صورت میں تین پر اور مربع کی حالت میں چار پر تقسیم کرکے نقش کو تقسیم کرکے نقش کو پُر کرنا چاہیئے۔ اگر تقسیم پوری نہ ہو۔ تو مثلث کے نقش میں اگر ایک باقی بچتا ہے

توساتویں خانہ میں اگر دو باقی بچیں تو چوتھے خانے میں عدد زیادہ کرے۔ نقش مربع میں بصورت تقسیم پوری نہ ہونے کے اگر تین کی کسر ہے۔ تو پانچویں خانے میں دو کی کسر ہے۔ تو نویں خانے میں اگر ایک کی کسر ہے۔ تو تیرھویں خانہ میں کسر کے عدد زائد شامل کر دیئے۔

اشکال تین قسم کی ہوتی ہیں۔ فرد۔ زوج الفرد اور زوج الزوج پس فرد وہ شکل ہے۔ کہ عدد بیوت آدھی سطر صحیح نہ رکھتا ہو۔ مثلاً لنصف کا تگنا ڈیڑھ اور پانچ کا نصف اڑھائی ہوتا ہے۔ پس ایسے اعداد کی شکل کو فرد کہتے ہیں۔ اگر نصف صحیح اور بغیر کسر کے ہے تو یہ دیکھو کہ نصف فرد ہے۔ یا زوج یعنی طاق ہے۔ یا جفت اگر طاق ہے۔ تو شکل فرد الزوج ہے۔ اگر نصف جفت ہے۔ تو شکل زوج الزوج مثلاً دو۔ چار۔ چھ اور آٹھ میں دو اور چھ کے اعداد فرد الزوج ہیں۔ کیونکہ ان کے نصف دو اور چار بھی جفت ہیں اس طرح بیان کرنے کے بعد اب شکل مرتب کر کے ضلع۔ قط۔ حواشی اور بطعی وغیرہ کا اشارہ خالی نقاط سے دیتا ہوں۔ تاکہ معلوم ہو جائے اور جس اسم کی تکسیر مطلوب ہو۔ اس صورت سے

ضلع :	:	: ضلع
نقطہ چہارم	سطر آٹھ	نقطہ سوم

کرلے۔ اب فرد۔ مجرد کامل ناقص کی اشکال میں سے پہلے مثلث حقیقی کی شکل ظاہر کرتا ہوں۔ مثلث کی ایک سطر کے خانوں کو دوسری کے خانوں سے کہ دونوں طرف تین تین ہیں۔ ضرب کیا تو نو بنے۔ قاعدہ کے مطابق ایک عدد زیادہ کیا تو دس بن گئے۔ جو عدل کے ہیں۔ ان اعداد عدل کو اعداد بیوت (بیوت جمع بیت کی جس کے معنی گھر یا خانہ کے ہیں۔ مثلث تین خانے ہونے کی وجہ سے تین عدد بیوت ہے۔ (مترجم) کے نصف یعنی ½ اسے ضرب کیا تو پندرہ آئے جو وقف طبعی ہیں۔ پس ان پندرہ میں سے بارہ عدد سطر وحہ منہا کئے۔ تو باقی تین رہ گئے جن کو تقسیم کیا۔ تو ایک حاصل ہوا۔ اور نقش یوں پر کیا۔

آتشی

۷۸۶

(۱۵)	۶	۱	۸	(۱۵)
(۱۵)	۷	۵	۳	(۱۵)
(۱۵)	۲	۹	۴	(۱۵)
	(۱۵)	(۱۵)	(۱۵)	

خاکی

۷۸۶

(۱۵)	۲	۹	۴	(۱۵)
(۱۵)	۷	۵	۳	(۱۵)
(۱۵)	۶	۱	۸	(۱۵)
	(۱۵)	(۱۵)	(۱۵)	

دوسرے نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

بادی

۷۸۶

(۱۵)	۴	۳	۸	(۱۵)
(۱۵)	۹	۵	۱	(۱۵)
(۱۵)	۲	۷	۶	(۱۵)
	(۱۵)	(۱۵)	(۱۵)	

آبی

۷۸۶

(۱۵)	۸	۳	۴	(۱۵)
(۱۵)	۱	۵	۹	(۱۵)
(۱۵)	۶	۷	۲	(۱۵)
	(۱۵)	(۱۵)	(۱۵)	

چاروں قسم کے نقش قطروں کو چھوڑ کر ضلعوں سے پر کرنا شروع کرے۔ جیسے کہ بتایا گیا ہے جس قسم کا نقش ہو۔ اعداد نکال کر اس ترتیب سے پُر کرے (طریق ایک شعر میں بھی کسی سے بتایا ہے۔ جو یہ ہے۔ (شعر)

دو اسپ و رخ دو فرزیں با رُخ گیر　　　شدہ آخر مثلث راست تدبیر۔

پہلا خانہ پُر کرنے کے وقت اطططھیال ایک مرتبہ دوسرا خانہ پُر کرنے کے وقت بططھیال دو مرتبہ۔ تیسرے تین تین مرتبہ حططھیال چوتھے خانہ میں لکھنے کے وقت حططھیال اور پانچویں پانچ مرتبہ مططھیال۔ چھٹا لکھتے وقت چھ مرتبہ وططھیال۔ ساتویں سات مرتبہ زططھیال آٹھویں خانہ کو پُر کرنے کے وقت حططھیال آٹھ مرتبہ اور نویں خانہ کو پُر کرتے وقت نو مرتبہ ططھیال کہا کرے۔ ان قواعد کی پابندی پورے طور پر پُر کرے۔ تاکہ نقوش اپنا اثر ظاہر کریں۔ اور اس طور پر روز پینتالیس مرتبہ نقش لکھے۔ اور پینتالیس دنوں تک لکھتا رہے۔ ان کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ شاہ مغرب کا بھی دستور یہی تھا۔

نقش مربع کو پُر کرنے کے لئے جیسے کہ پہلے بتایا گیا۔ چار کو چار میں ضرب دی سولہ ہوئے عدل اعداد حاصل کرنے کے لئے ایک زیادہ کیا۔ تو سترہ بن گئے۔ ان کو اعداد بیوت کے نصف یعنی دو میں ضرب دی۔ تو چونتیس حاصل ہوئے۔ یہ وفق طبعی ہے۔ ان میں سے مربع کے عدد مطروحہ تیس منہا کئے۔ یعنی ۔۴ × ۴ = ۱۶ - ۱ = ۱۵۔ اب ان کو بیوت کے نصف سے ضرب دی یعنی ۱۵ × ۲ = ۳۰ ہوئے۔ یہ اعداد مطروحہ ہیں ان کو چونتیس میں سے تفریق کیا۔ تو باقی چار رہے۔ ان کو چار پر تقسیم کیا۔ تو ایک حاصل ہوا جس سے نقش پُر کیا۔ آپ کی سہولت کے لئے ذیل میں وضاحت کر دی گئی ہے۔ امید ہے کہ اس وضاحت سے آپ پوری طرح سمجھ جائینگے۔

عدد عدل جاننے کا طریق نقش کے ایک طرف خانوں (بیوت) کو دوسری طرف کے خانوں (بیوت) سے ضرب دے کر ایک جمع کر دو۔ عدد عدل برآمد ہوگا۔

مثلاً مثلث نقش میں ۳ × ۳ = ۹ + ۱ = ۱۰

مربع " " ۴ × ۴ = ۱۶ + ۱ = ۱۷

مخمس " " ۵ × ۵ = ۲۵ + ۱ = ۲۶

مسدس " " ۶ × ۶ = ۳۶ + ۱ = ۳۷

ان کے روبرو کام کرنے سے نیتجہ الٹ نکلتا ہے۔ اگر دوستی کے لئے کرے گا تو دشمنی پیدا ہوگی۔ شکار کو جائے تو زخمی ہو۔ بادشاہ کے سامنے جائے۔ تو قہر و غضب سلطانی میں گرفتار ہو۔ پس ان کا خیال رکھنا اشد ضروری ہے۔ اور ان قواعد کو جن کو مفصل طور پر لکھ دیا گیا۔ تاکہ تحریر کے مطابق عمل کریں۔ ذیل کے شعر میں استادوں نے جملہ جہات کا اشارہ کر دیا ہے۔ ہر حرف ایک سمت سے متعلق ہے۔

چنانچہ شعر یہ ہے۔

گنجع یا مشں کنجع بمش   کنجع بامشں گنجع امش

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵ ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰

اس شعر کا حل یہ ہے۔ کہ ہر حرف ایک طرف سے منسوب ہے۔ اور کل آٹھ اطراف ہیں۔ مشرق، مغرب، جنوب شمال، اگنی، نیرت، بائب، ایسان، اب تفصیل شعر مندرجہ بالا کی اس طرح پر ہے۔ کہ ک اول اگنی سے ن نیرت سے ج جنوب سے غ مغرب سے ب بائب سے الف ایسان سے م مشرق سے اور ش شمال سے اس طور پر اس ترتیب سے اگلے حروف کا حساب کریں۔ پہلی تاریخ سے آخر ماہ تک پورا مہینہ انہی تیس حروف سے نسبت رکھتا ہے۔ اور دائرہ چکر جوگنی یہ ہے۔ اس طرح عمل کریں۔

اگنی ۳-۱۰-۱۷-۲۴ [illegible] سوار عداوت کے واسطے	مشرق ۷-۱۴-۲۴-۲۹ قبل سوار خواب ہندی کیواسطے	ایسان ۶-۲۱-۲۸ روز آخر سوار تجارت کے [illegible]
جنوب ۱۳-۱۴-۱۸-۲۳ سوار عداوت کے واسطے	چکر جوگنی	جنوب ۸-۱۵-۲۰-۲۳ [illegible]
نیرت ۱۵-۱۸-۲۵-۳۴ [illegible]	[illegible] ۸ - ۱۱ - ۱۸ - ۱۸ [illegible]	[illegible]

ابیات رجال الغیب

اگر قیام نمائے بقول اہل کمال	بدیں طریق اشناسے جواب ابدال

بہ اول نہم [19] وشانزدہ [16] ولبست [20] چہارم [4] — میان شرق وجنوب اندائے نجستہ خصال

بدوم [2] دہم وہفتدہ [17] ولبست [20] و پنج [5] — میان غرب وجنوب اندائے نکو افعال

سوم [3] یازدہ [11] وہیزدہ [18] ولبست وششش [6] — سوئے جنوب بقول صحیح در ہمہ حال

بچہارم ودہم ونوزدہ [19] دبست وہفت [17] — چو ماہ نو بدر مغرب اند حلقہ مثال

بہ پنج وسیزدہ دبست [20] وکرنشاں طلبی — میان غرب وشمال اند مردم افعال

بہ ششش [6] دلبست ویک ولبست وہشت گرجوئی — مقام مردم غیبی میان شرق وشمال

بہ ہفت [17] وچاردہ ولبست [20] ونہ چو میخواتی — بسوئے شرق نشست نہ روئے استقبال

بہ ہشت وپانزدہ [15] ولبست [20] دسی یاسند — سوئے شمال چو صبح دوام صبح وصال

اے بھائی تین طریقوں سے رجال الغیب کے معلوم کرنے کی ترکیب بیان کردی ہے اگر کچھ عقل رکھتا ہے۔ تو اس کی تقسیم سمجھ گیا ہوگا۔ اس قدر حال معلوم کرنے کے بعد اب قمر در عقرب" کا حال معلوم کرنا ضروری ہے۔ دیگر سبع سیارگان کے دورے کا حال جاننا چنداں ضروری نہیں۔ اور علاوہ ازیں کتاب کی طوالت کا بھی خیال ہے۔ اگر عامل سمجھ لے تو اچھا ورنہ ان کی چنداں ضرورت نہیں۔ اور عملیات میں کوئی ہرج یا نقص واقع نہیں ہوتا البتہ اگر جان لے تو فائدہ ضرور ہے۔ یہ عملیات کی کتاب ہے۔ اور عامل کے لئے کافی عملیات لکھ دیئے ہیں۔

جب قمر برج عقرب میں ہو۔ اس وقت عمل کرنے سے نقصان ہوتا ہے۔ اس لئے اس کا حال لکھنا ضروری ہے۔ برج عقرب میں دوسرے برج کی طرح دو دن اور چند ساعات قیام کرتا ہے۔ جب قمر در عقرب کا بیان بغیر جاننے فارسی اور ہندی مہینوں کے ممکن نہیں ہے۔ کسی شاعر نے ایک نظم میں اس کی تفصیل بیان کردی ہے۔ اور وہ شعر یہ ہیں۔

عقرب آمد ہر مہے دونیم روز آرہ گراں — ہر کہ کارے میکنی وردے بروآر ذریاں

یازدہ اندر اساڑھ وہشت اندر ساون سب — ششش بہ بھادوں سہ [3] باسوخ یک کاتک امتحان

لبست وہشت آمد بہ اگھن لبست وششش آمد بہ پوں — لبست وسہ در ماگھ باشد لبست ویک پھاگن بدال

ہیزدہ [18] در چیت لشمر شانزدہ بیساکھ داں — سیزدہ در جیٹھ باشد گر تمے دانی بدال

مطلب یہ کہ مہینہ کی گیارہ تاریخ کو جو کہ ماہ اساڑھ میں ہوگا۔ قمر در عقرب ہوگا۔ اس طرح عربی مہینہ کی آٹھویں تاریخ کو جو کہ ساون کے مہینہ میں ہوگا۔ قمر در عقرب ہوگا۔
باقی اشعار سمجھ لیں۔

طالع جاننے کا قاعدہ

جاننا چاہیئے۔ کہ عملیات کے عالم کو طالع معلوم کرنے کا علم ہونا اشد ضروری ہے۔ بغیر طالع معلوم کرنے کے کوئی کام درست نہیں آسکتا۔ ہر قسم کے عملیات اگر وہ ظاہری نام پر کرے گا۔ تو بسا اوقات ناموافق ہوں گے۔ کیونکہ کئی آدمی اپنے نام تبدیل کر لیا کرتے ہیں۔ اور ظاہر نام کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا۔ بعض دفعہ اصلی نام کے عوض میں دب جاتے ہیں۔ بالعموم عورتوں کا نام ضرور تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس لئے عامل کو بطور خود طالع کا استخراج کرنا ضروری ہے۔

قاعدہ یہ ہے۔ صحیح طور پر اصلی نام جو ماں یا باپ نے رکھا ہوا ہے۔ دریافت کرکے بحساب ابجد اس کے اعداد نکالے۔ اور بارہ پر تقسیم کرے۔ باقی ماندہ کو بروج پر تقسیم کرے جس برج پر عدد ختم ہو جائیں گے۔ وہ ہی اس کا طالع ہوگا۔

مثلاً ایک شخص کا طالع سرطان نکلا۔ اس کا مزاج آبی ہے۔ پس مزاج والے سے اس کو پوری محبت ہوگی۔ اور حب کا عمل اثر کرے گا۔ کیونکہ آب و خاک میں باہم موافقت ہے۔ اور نقش خانہ خانہ خاکی سے لکھے۔ اور ستارے کی ساعت خاکی یا آبی کا بھی خیال رکھے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے۔ کہ جو شخص جس ستارے کی ساعت میں پیدا ہوا۔ وہی ستارہ برج میں سکون پر ہوگا۔ اور وہی اس کا طالع ہوگا۔ یہ بات بزرگوں سے معلوم ہو سکتی ہے۔ یا زائچہ اور جنم کنڈلی سے دریافت کی جا سکتی ہے۔ اگر وقت معلوم نہ ہو سکے تو اس کی ماں کے نام کے اعداد نکال کر جمع کرکے سات پر تقسیم کرے۔ اور باقی کو کواکب ہفتگانہ پر تقسیم کرکے جس ستارے پر اعداد ختم ہوں اس ستارے کو اس کے طالع کا ستارہ خیال کریں یہ طریق "طریق کواکب" کہلاتا ہے۔ اس طرح معلوم کرنے کے بعد جو دعوت یا عمل اس ساعت میں مزاج کے موافق کرے گا۔ درست آئے گا۔ مطلوب کے نام کے اعداد نکال کر اس کے طالع کا استخراج بھی کرلے۔ اور دونوں کے مزاج کو دیکھ کر عمل کرے۔

اگر ایک کا مزاج آبی اور دوسرے کا آتشی ہے۔ تو بغض و جدائی کا عمل جلدی اثر کرے

گا۔ کیونکہ دونوں کے مزاج ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔

تیسرا طریقہ یہ ہے۔ کہ مشہور عام نام کے لحاظ سے اس کے نام کی راس کو دیکھے جو راس کے نام سے منسوب ہو گئی ہو گی۔ وہی اس کا طالع ہو گا۔ ہندوستان کے لوگ طالع کو راس کہتے ہیں۔ اس کے حروف بروج کے مطابق نجوم کے قاعدہ سے کئے ہوئے۔ چنانچہ دائرہ راس تشریح کے ساتھ لکھتا ہوں۔ تاکہ عامل کو کوئی دقت محسوس نہ ہو۔ نام کے پہلے حروف کے مطابق راس کو نکچھر معلوم کرے۔

نقشہ اگلے صفحے پر دیا گیا ہے۔

راس یا طالع	حرف چرن	نچھتر
برج حمل یا میکھ راس		اسی
		بھرنی
		کرتکا
برج ثوریا برکھ راس		روہنی
		مرگسرا
برج جوزا یا متھن راس		اردرا
		پنربس
برج سرطان یا کرک راس		پکھ
		اشلیکھا
برج اسد یا سنگھ راس		مگھا
برج سنبلہ یا کنیا راس		اترا
		ہست
		چترا
برج میزان یا تلا راس		سورتی
		بساکھ
برج عقرب یا برچھک راس		انرادھا
		جیشٹھا
برج قوس یا دھن راس		مول
		پورباکھاد
برج جدی یا مکر راس		اتراکھاد
		سرون
برج دلو یا کنبھ راس		دھنشٹا
برج حوت یا مین راس		ست بکھا
		پوربابھادرپدر
		اترابھادرپدر
		ریوتی

اصل الفاظ کے علاوہ ذیل کے الفاظ الامیکھ راس - بابرکھ راس - دھاکرک راس چھاکرک راس - تانی سنگھ راس - بابھا تھاکنیاں راس بھا - دھا - دھن راس بھاتھی میں راس میں ضرورتاً زائد تحریر کئے گئے ہیں ۔

عامل کو لازم ہے - کہ بغیر طالع دریافت کرنے کے کسی کو کوئی تعویذ نہ لکھ کر دے اور نہ کسی کام کا آغاز کرے (مثلاً اگر دشمن کو مارنے کے لئے اگر اس کا طالع زحل ہے - تو عمل سیفی اور سورہ معکوس ہیں - اگر دوستی کا عمل کرنا ہو - اور طالع زحل ہو - تو زہرہ کی ساعت میں عمل کریں - کیونکہ زہرہ اور زحل باہم دوست ہیں - لوگوں میں جو دوستی اور دشمنی ظہور پذیر ہوتی ہے اس میں کواکب کا دخل ضرور ہوتا ہے - دو آدمیوں میں دوستی ہونے پر ممکن ہے - کہ ان کی پیدائش وقت کواکب کا اتفاق ہو - مخالف کواکب میں دوستی ناپائیدار رہے - دنیوی معاملات میں کواکب کی مخالفت کے باعث یقیناً ناموافقت ہو جاتی ہے ۔

اگر کسی وقت ساتوں ستارے ایک ہی برج میں جمع ہو جائیں - یا ان کی سیر اکٹھی ہو جائے - تو اس سال دنیا میں قحط - آفت - وبا اور جنگ و جدال کا ظہور ہوتا ہے - خلق خدا امراء وزراء اور بادشاہ باہم لڑ لڑ کر خلقت کے لئے بموجب پریشانی اور تباہی ہوتے ہیں - بھونچال آتے ہیں بالخصوص زحل اور مریخ کے ایک برج آجانے سے ہر طرف ہر کام معاملہ میں تباہی اور خطرہ جان کا موجب بنتے ہیں - زحل اور مریخ کا ذیل کے چھ بروج میں باہم ملنا نہایت ہی منحوس ہے - سنبلہ، حوت، اسد، قوس، ثور اور عقرب پانی کا قران اس قدر موجب تباہی و بربادی نہیں ہوتا ۔

پس ان تمام باتوں کا عامل کو لحاظ رکھنا ضروری ہے - علاوہ ازیں پرہیز جلالی و جمالی بھی جیسے کہ صورت ہو - اختیار کریں - اور پوری شرائط کے ساتھ عمل کریں - اب میں جلالی و جمالی پرہیز کی تشریح کرتا ہوں - تاکہ عامل فائدہ اٹھائے - اور کسی کا دست نگر نہ ہو - اور کہ عاجز کو دعائے خیر سے یاد کرے - اور انصاف کرے ۔

پرہیز جلالی (ترک حیوانات کا بیان

اگر عامل جلالی آیات و عملیات کرے - تو لازم ہے - کہ وہ ہر قسم کا گوشت، مچھلی، انڈا شہد اور مشک کا استعمال نہ کرے - اونی اور ریشمی کپڑا - چرمی ڈول کا پانی اور ہر اس چیز

سے جو جانور سے پیدا ہوتی ہے۔ مکمل پرہیز کرے۔ جوں تک نہ مارے۔ دانت اور سینگ کے دستہ والے چاقو یا چھری بھی استعمال نہ کرے۔ جوتی اور موزہ تک نہ پہنے دوران عمل اپنی حجامت نہ کرائے۔ اور نہ ہی ناخن تراشے عورت کے نزدیک بھی نہ جائے۔ بعض عامل مسور کی دال اور باقی کے علاوہ لہسن اور پیاز اور دیگر بو دانی سبزی مثلاً مولی وغیرہ کے استعمال سے بھی منع کرتے ہیں۔ دوسرے کے بستر پر نہ سوئے۔ ہر وقت باوضو رہے۔ کسی دوسرے آدمی کے ساتھ بھی نہ لگے۔ اگر طاقت ہو تو روزہ رکھے۔ کسی قسم کا میوہ وغیرہ نہ کھائے۔ دودھ، گھی، لسی وغیرہ استعمال نہ کرے۔ اور نہ کسی قسم کی مٹھائی استعمال کرے تل اور سرسوں کا تیل بھی منع ہے۔ البتہ اپنے سامنے کسی مسلمان تیلی سے نہایت صفائی اور احتیاط کے ساتھ تیل نکلوا کر لے تو تیل کا استعمال کر سکتا ہے۔ اور تیل نکلوانے سے پیشتر تلوں یا سرسوں کو جس کا تیل نکلوانا ہے۔ صاف کر کے کسی پانی کے برتن میں ڈال دے۔ جو دانے اوپر تیرتے رہیں۔ ان کو الگ کر دیں۔ اور باقی جو دانے ڈوب گئے ہوں تیل نکلوا لے۔ دوران عمل میں اگر کسی کو ساتھی بنانا ہو۔ تو وہ پرہیز گار متقی اور صالح ہو۔ جس نے کبھی کوئی حرام کام نہ کیا ہو کپڑا وہ پہنے جو سیا نہ گیا ہو۔ روز غسل کرے۔ کسی وقت جسم سے خون تک نہ نکلنے دے کسی ایسے درخت کا پتہ نہ توڑے جس سے دودھ نکلتا ہو۔ پھول کی شاخ اور میوہ بھی نہ توڑے۔ کسی قسم کی جاندار سواری استعمال نہ کرے۔ بعض عامل بغل موئے زیر ناف موئے لب اور ناخن تراشنے کی اجازت دیتے ہیں۔

پرہیز جمالی

مچھلی، ہر قسم کا گوشت سرکہ پیاز، لہسن ترک کر دے۔ جماع نہ کرے۔ دودھ دہی بھی استعمال نہ کرے۔ لباس پاک وصاف ہر وقت رکھے۔ باوضو رہے۔ تیل کا استعمال کر سکتا ہے۔ مگر اپنے سامنے نکلوا کر جیسے کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔ ہلکی غذا استعمال کرے۔ حجامت کرا سکتا ہے۔ سیا ہوا کپڑا پہنے اور سواری بھی رکھے۔

تسخیر کواکب

اب تسخیر کواکب کا ذکر کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ ان کی ساعت ہر روز آتی ہے۔ عمل سے پہلے ان کو تسخیر کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ تسخیر کواکب بھی اعمال کی ایک شرط ہے۔ اور بغیر شرائط کو پورا کئے عمل پورا نہیں ہو سکتا۔ عامل کو لازم ہے۔ کہ پہلے ان تمام شرائط کا پابند ہو۔ پھر عملیات کا شوق اختیار کرے۔ تسخیر کواکب کا چلہ اس طرح کہ سات دنوں تک پرہیز جمالی وجلالی کے ساتھ کواکب کے نام معہ موکل اور آیات کے بطریق ذیل پڑھے۔

آیات یہ ہیں۔ جمعہ کے دن شروع کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ان ربکم اللہ الذی خلق السموٰت والارض فی ستۃ ایام ثم استویٰ علی العرش یغشی الیل النہار یطلبہ حثیثا والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ الا لہ الخلق والامر تبارک اللہ رب العالمین۔ روز جمعہ کو شروع کرے۔ ہر دن کو روزہ رکھا کرے۔ عمل بعد نماز عشا غسل کرکے شروع کرے۔ پہلے دن یعنی جمعہ کو اول ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پھر ایک ہزار مرتبہ آیات بالا معہ السلام علیک یا زہرہ یا خطنج یا اسھومائیل پھر اکیس مرتبہ درود شریف اور پھر ایک ہزار بار آیات بالا معہ السلام علیک یا زحل یا ارقائیل یا اطنج" پھر اکیس مرتبہ درود شریف اتوار کو پھر زندہ اور بدستور درود شریف کے بعد ہزار مرتبہ آیات معہ السلام علیک یا شمس یا کلیائیل یا طغشب پھر اکیس مرتبہ درود شریف پھر سوموار کو اسی ترکیب کے ساتھ ہر ایک مندرجہ بالا تعداد میں السلام علیک یا قمر یا لقوائیل یا ثعذر پھر درود شریف۔ منگل کو اسی اسی طرح السلام علیک یا مریخ یا تھیائیل یا ھھرد" بدھ کو السلام علیک یا عطارد یا اشکائیل یا ذکوت" جمعرات کو السلام علیک یا مشتری یا نجرائیل یا علیم یا کریم۔

ان ساتوں دنوں میں کواکب کی تسخیر ہو جائے گی۔ روزہ ساتوں دن رکھے۔ عمل ختم کرنے کے بعد کسی چیز پر جناب رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم اور تمام موکلوں کی معہ کواکب نیاز دے۔ بعد ازاں جو عمل اور دعوت وغیرہ کرے گا۔ پورا اثر ظاہر ہوگا۔

اعمال کی شرائط عداوت

ہلاکت دشمن، زبان بندی، تباہی و بربادی، دشمنی، بغض و نفاق، مقابلہ، دفعہ آسیب اور ہر بدی سے تعلق رکھنے والے عمل کو زحل اور مریخ کی ساعت میں کریں کیونکہ ان کے حاکم یہی دونوں ہیں۔ زحل خاک گور ہے۔ زحل نفاق پیدا کرتا ہے۔ مریخ جلاد ہے۔ قتل و تباہی غارت گری خونریزی جدائی وغیرہ کے لئے ہے۔ ہر قسم کی آفات ارضی و سمائی انہی دونوں سے متعلق ہیں۔ ایسے اعمال کے واسطے پہلے آفتاب کو دیکھے۔ کہ کس برج میں ہے۔ سائل و مسئول کے طالع پر نظر کرے۔ بروج کی دوستی و دشمنی کا لحاظ رکھے بخورات مہیا کرے۔ عامل اپنا لباس پاکیزہ اور سیاہ اختیار کرے۔ منہ میں کوئی کڑوی چیز رکھے۔ قمری تاریخ کا بھی لحاظ کرے زحل یا مریخ کے موکل کی نیاز و غذا ادا کرے۔ جلالی و جمالی مہینے کا خیال کرے۔ رجال الغیب کی طرف منہ کرے۔ قمر در عقرب ہو تو اور بہتر ہے۔

پس تمام شرائط پوری کر کے زحل و مریخ کو مسخر کرنے کے بعد عمل استخارہ کر کے ایسے کام کرے تیر بہدف ہوگا۔ اگر ان شرائط کی پابندی نہ کی جائے گی۔ اور نتیجہ حسب دلخواہ نہ ہونے پر عمل کو بدنام کرنا بے سود ہے۔ عامل کی خرابی ہے۔ عمل کی نہیں۔

محبت و تسخیر کی شرائط

آفتاب ذوجسدین کے بروج میں ہو۔ ساعات اور کواکب کا قران دوستی کے خانوں میں ہو۔ زحل اور مریخ کا دورہ کسی اچھی جگہ پر ہو۔ اگر زہرہ قمر یا عطارد و شرف میں ہوں۔ تو اور بھی اچھا ہے۔ آفتاب کی لگن چڑھ ہو۔ جمعہ، بدھ یا جمعرات کا دن ہو تو اچھا ہے۔ (منگل اور سنیچر نہ ہو۔) عربی مہینوں کی کوئی تاریخ سعید ہو۔ اور عروج ماہ ہو۔ رجال الغیب سیدھے ہاتھ پر نہ ہو۔ مہینہ جلالی ہو تو اچھا ہے۔ قمر در عقرب ہرگز نہ ہو۔ کواکب اور موکلات کی نیاز اور بخورات وغیرہ سب کچھ مہیا کرے۔

عطارد و زہرہ اور قمر کی تسخیر کرنے کا عمل پڑھے۔ استخارہ کرے۔ پورا اثر ہوگا۔ منہ میں کوئی چیز میٹھی رکھے۔ اگر بغیر شرط کے عمل کرے کا ناکام رہے گا۔

علو درجات، کشائش رزق اور تسخیر امرا کی شرائط۔

کشائش رزق، علو درجات اور تسخیر امرا و سلاطین کے وظائف اعمال اور نقوش کے واسطے لازم ہے۔ کہ آفتاب کا دورہ دیکھے۔ کس برج میں ہے۔ اگر برج ثابت میں ہو۔ جلالی مہینہ ہو۔ آفتاب و مشتری اپنے طالع اور حبس کو مطیع کرنا ہے۔ اس کے طالع سے پانچویں نویں اور گیارھویں میں ہوں۔ زحل و مریخ دوستی کے خانوں میں ہوں۔ آفتاب و مشتری شرف میں ہوں۔ لگن پھر ساعت مشتری یا شمس میں تاریخ سعد ہو۔ رجال الغیب سامنے نہ ہوں پوشاک پاکیزہ اور جا نماز صندلی رنگ ہو۔ اگر لباس کا رنگ بھی یہی ہو۔ تو افضل ہے۔ بخورات اور موکلات کی غذا وغیرہ مہیا کرے۔ آفتاب و مشتری کی تسخیر کے عمل پڑھے۔ استخارہ کر کے عمل کرے۔ کامیاب ہوگا۔

طالبوں کے لئے حتی الامکان تشریح کر دی ہے۔ اگر بموجب تحریر کے عمل کریں گے تو محنت برباد نہ ہوگی۔ اگر ان شرائط کے خلاف کیا جائے گا۔ تو نقصان اٹھائیں گے۔

عامل عمل کے جاننے اور راس کے علم کا محتاج ہے۔ اگر حب کا عمل زحل یا مریخ کی ساعت میں کریں گے۔ تو بجائے حب کے عداوت پیدا ہوگی۔ تسخیر کی بجائے ذلت نصیب ہوگی۔ جو کچھ میں نے لکھ دیا ہے۔ اس میں کسی کی شاگردی کی ضرورت باقی نہیں ہے صرف کتاب کو اپنا استاد بنائیں۔ راس و ذنب کا ذکر میں نے کتاب میں نہیں کیا۔ کیونکہ منجمین نے ان کو کواکب میں شمار نہیں کیا۔ بلکہ وہ مریخ و زحل کے تابع ہیں۔ ان کے خواص زحل و مریخ کے خواص ہیں۔ بغض و نفاق اور ہلاکت کے کام آتے ہیں۔

" واللہ عالم بالصواب علی کل حال "

چھٹا باب

حروف وکواکب سے عملیات کی تکسیر کے نتائج صحیحہ

در بارہ حُب وبغض

فصل اوّل

تسخیر امراء وسلاطین

اگر کوئی بادشاہ کے دل کو مسخر کرنا چاہے۔ تو لازم ہے۔ کہ سونے کی ایک تختی مہیا کرے جو مربع ہو۔ جب مشتری اور زہرہ کی نظر تثلیث ہو تو آیت کریمہ

وَالٰھکم اِلٰہ لا الٰہ اِلّا ھو الرّحمٰن الرّحیم

کے اعداد نکال کر حسب دستور نقش مربع پر کرے۔ چنانچہ نقش آیت مذکور کا جس کے اعداد (۹۲۰) ہیں۔ طالب کو آسانی کے لئے لکھ دیا ہے وہ یہ ہے۔

پس وقت مقررہ پر جو اوپر بتایا گیا ہے۔ یہ نقش اس تختی پر کندہ کرے۔

جب مشتری ایک برج میں ہو یعنی اس برج سے تیسرے برج میں ہو یا نویں یا پانچویں برج میں ہو۔ تو اس کو نظر تثلیث کہتے ہیں۔ علیٰ ہٰذالقیاس باقی سمجھ لے۔ ایک سے دوسرا چہارم میں ہو۔ تو نظر تربیع کہتے ہیں۔ اگر ایک سے دوسرا چھٹے میں ہو۔ تو نظر تسدیس کہلاتی ہے۔ اگر ایک سے دوسرا ساتویں میں ہو۔ تو مقابلہ کی نظر ہوگی اگر دوم میں ہو۔ تو مقارنہ کی نظر اگر آٹھویں میں ہو۔ تو ساقط ہے۔ تثلیث کے خانہ جات یہ ہیں۔

تثلیث کے خانے	تربیع کے خانے	مقابلہ کا خانہ
طالع از طالع ۳ ۔ ۵ ۔ ۹	از طالع ۴ از مقابلہ ۱۰	از طالع ۷
سریش کے خانہ	ساقط کا خانہ	مقابلہ کا خانہ
۶ ۔ ۱۱ ۔ از مقابلہ	۸ از طالع ۱۲ از مقابلہ	از طالع ۲

اس حساب کے مطابق وقت مقررہ پر تختی کندہ کرے یا کرائے۔ اس تختی کی پشت پر اپنا نام معہ ماں کے نام کے اور بادشاہ کا نام معہ اس کی ماں کے نام کے کندہ کرے۔ مگر بطریق ذیل۔ ان ناموں کے ساتھ اللہ تعالےٰ کے اسماء کو ملائے۔

یا طہال یا کیال یا ودود یا احیا دُث یا احیا یا بدوح

کندہ کرنے کے وقت منہ میں شیرینی رکھ لے۔ اور جب تک تختی مکمل نہ ہو جائے کسی سے کلام نہ کرے پھر اس تختی کو اپنے پاس رکھے۔ بادشاہ مسخر ہو گا۔ مجرب ہے۔

دیگر:۔ بادشاہ کو تسخیر کے واسطے اور اس کی نظر میں اپنا وقار قائم کرنے کے لئے سونے کی ایک تختی بنا کر اس پر آیت معظم

اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء بغیر حساب

کے اعداد نکال کر معہ اپنے نام کے اعداد کے جمع کرے۔ نقش مربع ساعت آفتاب میں پُر کر کے کندہ کرے اور آیت کو اپنے نام کے ساتھ ملا دے۔ سب کے اوپر "یا کبتول" کہے۔ اور سب سے نیچے "یا علیقا" کندہ کرے۔ مثلاً ایک سائل کا نام حامد ہے۔ اس کو اس طرح آیت کے ساتھ ملایا۔ اس کے حروف یہ ہیں۔ ح ا م د

اس کو آیت کے حروف سے ملایا۔ جو یوں ہے۔ ا ح ل ا ل م ہ و ل ط ی ف ب ع ب ا د ہ ی ر ز ق م ن ی ش ا ب غ ی ر ح س ۔ اب پھر اس کے اعداد نکالے ۲۳۹۴ آئے۔ حسب دستور تیس حذف کر کے باقی کو چار پر تقسیم کیا۔ تو ۵۹۱ آئے۔ اب فرض کرو کہ وہ ماہ جیٹھ میں عمل کرتا ہے۔ تو آفتاب برج ثور ہے۔ ثابت ماہ ہے اسی ماہ میں اتوار کے دن پہلی ساعت آفتاب کی ہے۔ وہ دن بھی آفتاب سے منسوب ہے چنانچہ آفتاب کا بخور جلایا۔ اور موکل کی غذا مہیا کر کے نیاز دی۔ رجال الغیب کو پس پشت کیا تاریخ سعد دیکھی اور تختی پر نام کھودو۔ اس کے بعد حروف تکسیر کو کھودو۔ اور پھر نقش کو کھود کر نیچے مندرجہ بالا نام کھود دیا۔

تختی مکمل ہوگئی اس کو پاس رکھے۔ کامیابی ہوگی۔ آسانی کے لئے نقش لکھ دیا ہے جو یہ ہے۔

دیگر۔ سلاطین کے غضب وغصہ سے محفوظ رہنے کے واسطے جمعرات کے دن روزہ رکھے۔ دو ساعتیں گزر جانے کے بعد سفید کاغذ کی ایک تختی پر آب زر سے نقش مربع کھینچے اور ذیل کا نقش پُر کرکے اپنے پاس رکھے۔ اگر اس نے کبھی کیا ہوگا تو اس کا گناہ معاف ہوگا جب واپس آئے تو نقش مکرم کو قرآن کریم میں وہاں رکھ دیا کرے جہاں سورہ تبارک الذی ہو۔ اپنے پاس نہ رکھے۔

۷۸۶

۵۹۸	۶۰۱	۶۰۴	۵۹۱
۶۰۳	۵۹۲	۵۹۷	۶۰۲
۵۹۳	۶۰۶	۵۹۱	۵۹۶
۶۰۱	۵۹۵	۵۹۴	۶۰۵

نقش آیت مکرم یہ ہے۔ ←

۱۴۸۶	۱۴۸۹	۱۴۹۳	۱۴۷۹
۱۴۹۲	۱۴۸۰	۱۴۸۵	۱۴۹۰
۱۴۸۱	۱۴۹۵	۱۴۸۷	۱۴۸۴
۱۴۸۸	۱۴۸۳	۱۴۵۲	۱۴۹۴

دیگر۔ اگر کسی کے قتل کا حکم ہو جائے۔ تو لازم ہے۔ کہ ذیل کا نقش سونے کی ایک تختی پر اس وقت تیار کرے۔ جبکہ قمر نحوست سے خالی ہو۔ اور کسی قدر مٹھائی صدقہ کرے۔ اور منہ میں بھی رکھے اور تختی مذکور پاس رکھ کر بادشاہ یا حاکم کے پاس جائے۔ خون معاف کیا جائے گا۔ اور عزت حاصل ہوگی۔ ایسے نقوش کو پہلے ہی جبکہ موقع ہو تیار کر رکھنا چاہیئے کیونکہ ممکن ہے ایسے وقت ضرورت پیش آئے جبکہ قمر نحوست میں ہو۔ اور تختی تیار نہ ہو سکے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ نقش یہ ہے

۸۶۹	۸۷۲	۸۷۶	۸۶۲
۸۷۵	۸۶۳	۸۶۸	۸۷۳
۸۶۴	۸۷۸	۸۷۰	۸۶۷
۸۷۱	۸۶۶	۸۶۵	۸۷۷

اگر کسی تختی کو جنگل میں لے کر جائے۔ تو کامیاب واپس آئے۔

دیگر۔ بادشاہوں اور حکام کا غصہ فرو کرنے کے واسطے ذیل کے نقش میں اپنے نام کے عدد نکال کر شامل کرے۔ اور نقش پُر کرکے بجوزے اور اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ بادشاہ کا غصہ فرو ہوگا۔ نقش مکرم اگلے صفحہ پر ہے۔

اس میں اپنے نام کے اعداد موقع پر ایزاد کر کے نقش بھرے۔

۳۲۰۶	۳۲۰۹	۳۲۱۲	۳۱۹۹
۳۲۱۱	۳۲۰۰	۳۲۰۵	۳۲۱۰
۳۲۰۱	۳۲۱۴	۳۲۰۷	۳۲۰۴
۳۲۰۸	۳۲۰۳	۳۲۰۲	۳۲۱۳

دیگر۔ بادشاہ کے غضب اور شرارت سے محفوظ رہنے کے لئے اتوار کے دن آفتاب کی ساعت میں جب کہ قمر نحوست سے خالی ہو۔ آیت سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ ------ رَبِّ الْعَالَمِيْن تک کے اعداد نکال کر اس نقش کے اعداد میں شامل کر کے چاندی کی تختی پر کھدوا کر بخورات کی دھونی دے کر اپنے بازو پر باندھ لے بادشاہ یا حاکم کے قہر و غضب سے محفوظ رہے گا رخواہ کتنا ہی قصور وار کیوں نہ ہو نقش مکرم جس میں اپنے نام کے اعداد شامل کرے۔ یہ ہے۔

۳۲۰۸	۳۲۱۱	۳۲۱۴	۳۱۹۸
۳۲۱۳	۳۱۹۹	۳۲۰۷	۳۲۱۲
۳۲۰۰	۳۲۱۶	۳۲۰۹	۳۲۰۶
۳۲۰۱	۳۲۰۵	۳۲۰۱	۳۲۱۵

دیگر ظالم اور جابر لوگوں بادشاہوں یا حاکموں کے دلوں کو مطیع و مسخر کرنے کے واسطے کسی سعید ساعت میں جبکہ قمر نحوست سے خالی ہو۔ اور ماہ بھی ثابت ہو۔ ایک سونے کی تختی پر آیت مکرم "صراط علی حق مسکہ" کے اعداد نکال کر نقش مربع کے اعداد نکال کر نقش مربع کھودے۔ اور اپنے پاس رکھ کر ظالم یا جابر کے سامنے چلا جائے جانے سے پہلے بخور مناسب جلا کر اپنے آپ اور تختی کے نقش کو دھونی دے۔ اور ذیل کی آیت شریف کو سترہ مرتبہ پڑھ کر اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔

پہلی صورت کا نقش

۲۶۰	۲۶۳	۲۶۷	۲۵۳
۲۶۶	۲۵۴	۲۵۹	۲۶۴
۲۵۵	۲۶۹	۲۶۱	۲۵۸
۲۶۲	۲۵۷	۲۵۶	۲۶۸

اس عمل کی دوسری ترکیب یہ ہے۔ کہ آیت مکرم

یَا اِلٰهُ اِلَّا اللّٰهُ اَلرَّفِيْعُ جَلَالُهٗ

دوسری صورت کا نقش کے اعداد نکال کر مذکورہ بالا آیت کریم کے اعداد میں کرے اور نقش مربع بنا کر ساعت مذکورہ میں سونے کی تختی پر کندہ کرے

۵۰۳	۵۰۸	۵۱۱	۴۹۶
۵۱۰	۴۹۷	۵۰۲	۵۰۹
۴۹۸	۵۱۳	۵۰۶	۵۰۱
۵۰۷	۵۰۰	۴۹۹	۵۱۲

اور بادشاہ حاکم کے پاس جانے سے پہلے بدستور دھونی دے۔ اور آیت مذکورہ کو پڑھ کر دم کرے۔ دونوں صورتوں کے نقوش آسانی کے واسطے لکھ دیئے ہیں۔ جو مناسب سمجھے عمل میں لائے۔

دیگر:۔ قلوب سلاطین کو مسخر کرنے کے واسطے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ جب آفتاب شرف میں ہو۔ تو ذیل کا نقش مخمس سونے کی تختی پر کندہ کرے۔ اور تختی کے اوپر کندے۔ بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پھر دائیں بازو پر باندھے۔ اگر اس میں آیت شریف لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین کے اعداد نکال کر بھی شامل کریں تو اور اچھا ہوگا۔ نقش مکرمہ یہ ہے۔ دونوں صورتوں میں نفع دے گا۔

۷۷۵	۷۶۷	۷۸۰	۷۷۱	۷۵۸
۷۶۹	۷۶۱	۷۷۳	۷۶۵	۷۸۳
۷۶۳	۷۷۴	۷۷۲	۷۵۹	۷۷۶
۷۶۲	۷۸۱	۷۶۶	۷۷۹	۷۷۰
۷۸۲	۷۶۸	۷۶۰	۷۷۷	۷۶۴

دیگر:۔ تسخیر سلاطین کے واسطے جب آفتاب برج مشرف میں ہو۔ تو مبارک ساعت میں ہرن یا شیر کی کھال پر یہ حروف لکھ کر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھے۔ اور وہ انگوٹھی اپنی انگل میں پہن لے۔ انشاء اللہ بادشاہ مسخر ہوگا۔ جو کچھ کہے گا کرے گا۔ حروف یہ ہیں۔

ا ا ح د ر س ص ط ع ک ل م

و ہ لا

۱۸۵	۱۹۲	۱۹۸	۲۰۴	۱۷۹
۱۹۹	۲۰۰	۱۸۰	۱۸۶	۱۹۳
۱۸۱	۱۸۷	۱۹۴	۱۹۵	۲۰۱
۱۸۹	۱۹۶	۲۰۲	۱۸۲	۱۸۸
۲۰۳	۱۸۳	۱۸۴	۱۹۱	۱۹۷

دیگر۔ تسخیر سلاطین اور ان کی مرضی کے موافق رکھنے کیواسطے۔

جب زہرہ شرف میں ہو تو زہرہ کا بخور جلائے۔ اور آیت شریف لفضل اللہ ما یشاء ویحکم ما یرید کے اعداد نکال کر تانبے کی تختی پر نقش مخمس کندہ کرے۔ تختی کی پشت پر یہ الفاظ کندہ کرے۔ یا خود لائیل موکیائیل" تیار کر کے اس تختی کو اپنے پاس رکھ لے۔ انشاءاللہ اس کی برکت سے امرا و سلاطین کی نظروں میں عزت حاصل ہو گی۔ سہولت کی غرض سے نقش بنا دیا ہے۔ جو یہ ہے۔

دیگر:۔ امرا اور سلاطین کی تسخیر کے لئے اتوار کے دن پہلی ساعت میں سونے کی ایک تختی مہیا کر کے ذیل کا نقش مربع جو سولھویں خانہ سے ہے۔ یا دمنو کندہ کرے اور موتیوں کی قسم کی کوئی چیز جو سوراخ دار ہو۔ منہ میں رکھ کے کسی سے کوئی بات چیت یا اشارہ نہ کرے۔ اگر سوراخ دار یاقوت مل جائے۔ تو اچھا ہے۔ تختی کے حاشیہ پر وکفٰی باللہ شہیداً محمد رسول اللہ کندہ کرے۔ تختی تیار ہونے پر کچھ صدقہ دے کر تختی کو بازو پر باندھے بادشاہوں اور امرا کے دل مسخر ہونگے نقش مکرم یہ ہے۔ ←--------

۷۸۶

۲۳۹	۲۴۲	۲۴۵	۲۳۲
۲۴۴	۲۳۳	۲۳۸	۲۴۳
۲۳۴	۲۴۷	۲۴۰	۲۳۷
۲۴۱	۲۳۶	۲۳۵	۲۴۶

اس نقش کو سولھویں خانہ سے شروع کرو یعنی الٹا بھرو۔

دیگر:۔ تسخیر کے واسطے مولانا حسین بخش تبریزی کا عمل ہے۔ ساعت زہرہ میں ایک تانبے کی تختی تیار کر کے نقش ذوالکتابت کو جیسے کہ میں پہلے لکھ چکا ہوں کندہ کرے۔ اور ذیل کا نقش بھی کھودے یعنی کندہ کرے۔ پہلے نقش ذوالکتابت پہلے کسی باب میں لکھ آیا ہوں۔ نقش یہ ہے۔

۹۷ ۱۴	۸۰۲	۲۸ ۱۸	۱۲	۱۵
عظیماً	فَسَیُؤْتِیْہِ اَجْرًا	عَلٰی نَفْسِہٖ مَنْ اَوْفٰی بِمَا عٰھَدَ عَلَیْہُ اللّٰہ	یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ فَمَنْ نَّکَثَ فَاِنَّمَا یَنْکُثُ	اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہ
	۲۷ ۱۸	۱۹ ۱۳	۹۷ ۱۷	۳ ۸۰
	۲۰ ۱۳	۳۰ ۱۸	۸۰۰	۵ ۹۰ ۱۷
	۸۰۰۱	۱۷۹۴	۲۱ ۱۳	۲۹ ۱۸

اور چاروں طرف " قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ " چاروں طرف کھود دے۔ پھر اس تختی کو کافوری موم پر اس طرح ثبت کرے۔ کہ نقش نیچے آ جائے۔ جب کسی کو مسخر کرنا چاہیئے۔ تو اس موم کے نقش کو کپڑے میں لپیٹ کر بغل میں دبا کر اس کے سامنے چلا جائے۔ بحکم خداوند کلام کرنے کے ساتھ ہی موم ہو جائے گا۔ اور مطیع ہو گا۔ خواہ کیسا ہی قومی جرم کیوں نہ ہو یا مطلب ہو۔ کامیابی ہو گی۔ دشمن پر فتح پائے۔

اگر دشمن کو ایذا دینا مطلوب ہو۔ تو اس تختی سے موم پر بدستور نشان قائم کر کے پھر اس موم کی شکل بشکل دشمن تیار کر کے اس شکل کو سزا دے۔ اور جو کچھ تختی میں لکھا ہوا ہے۔ اس کو تختی کے حاشیہ پر الٹا لکھے۔ اگر گدھے کی کھال میں ذیل کا نقش مثلث لکھ کر اس صورت کے پیٹ میں رکھدے۔ اور جس طرح سے چاہے۔ اس صورت کو سزا دے۔ اگر زخم لگائے گا۔ دشمن کے زخم لگے گا۔ اگر قتل کرے گا۔ دشمن قتل ہو گا۔ غرض جیسی سزا تصویر کو دے گا۔ وہی دشمن کو ملے گی۔ نقش مثلث جو پیٹ میں رکھنا ہے وہ یہ ہے۔

دیگر

دشمن پر قابو پانے کے لئے

سوموار کے دن ذیل کی دونوں صورتیں لکھیں۔ اور کھول کر کسی محفوظ جگہ رکھدیں اور اس وقت تک رکھیں جب تک کہ دشمن مر نہ جائے۔ یا وہ قطعی طور پر مطیع نہ ہو جائے۔ خدا کے حکم سے کامیابی نصیب ہو گی۔ انشاء اللہ بدھوار کے روز فتح ہو گی۔ اور دونوں صورتیں اس طرح بناؤ۔

دوسری فصل

دربیان محبت دربارہ مرد وعورت

اگر کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہو۔ تو زہرہ اور مشتری کی تثلیث میں لوہے کی مربع تختی بنا کر قبلہ رو باوضو بیٹھے۔ اور طالب ومطلوب کے نام مع ان کی ماں کے ناموں کے لے کر ان کے اعداد نکال کر اس نقش کے اعداد میں جمع کر کے نقش مربع تیار کرے۔ مگر منہ میں شیریں چیز ڈال کر یہ سب کام کرے۔ پھر اس کاغذ کو لوہے کی تختی کے گرد اگرد لپیٹ کر آگ میں ڈال دے۔ اور اکیس مرتبہ ذیل کی عزیمت کو توجہ کے ساتھ پڑھے۔ مطلب حاصل ہوگا۔ یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اور مولانا حسین تبریزی کا ہے۔ نقش کو تختی پر بھی کندہ کرے چنانچہ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۷۲	۲۳۷۵	۲۳۷۸	۴۳۶۲
۲۳۷۷	۲۳۶۶	۲۳۷۱	۲۳۷۶
۲۳۶۷	۲۳۸۰	۲۳۷۳	۲۳۷۰
۲۳۷۴	۲۳۶۹	۲۳۶۸	۲۳۷۹

جس میں طالب ومطلوب کے نام کے اعداد شامل کرنے ہوں گے۔ پڑھنے کی عزیمت یہ ہے۔

ھجت الجن علے الشیاطین وھجت الشیاطین علے الجن وھجت الشیاطین علے الابلیس سید الشیاطین وھجت الشیاطین علے الناس وھجت الابلیس علے اولادہ وھجت الجن والشیاطین واولادہ فلاں بن فلاں لمحبتہ والفتہ ومودتہ وعشق فلاں بن فلاں بحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام ان تجلبوا وتحرقوا قلب وجمیع جوارح البدن والجسد فلاں بن فلاں بمحبتہ والفتہ مودتہ فلاں الی القلب الایام ومنعت الطعام وقلعت النوم حتی الحیعوفی وتحرقوا قلبھا وجسدھا وفوادھا الساعۃ بحق والطور وکتاب مسطور فی رق منشور والبیت المعمور وسقف المرفوع والبحر المسجور الساعۃ یاابلیس یاسید الشیاطین الحیوتی فی ھذہ الساعۃ وادخل وجیھا فلاں بنت فلاں

متوجہو :- یہ عمل بھی شیطانی ہے۔ خدا اس سے بچائے۔ اور مسلمانوں کے ایمان کو سلامت رکھے۔ اور مصنف کی روح کو بخشے۔ جس نے ایسے اعمال کتاب میں دوسروں کے ایمان کو ضائع کرنے کے لئے لکھدیئے۔

دیگر:- زیادتی محبت کے لئے مولانا حسین افلاطی کا عمل ہے۔ ساعت آفتاب میں موم کی ایک شکل بشابہ شکل محبوب بنائے۔ بعدازاں حروف وصوامت مطلوب اور اس کی ماں کے نام کے اعداد نکال کر نقش مثلث تیار کریں۔ اور اس کو ایک تختی مربع پر لکھ کر موم کی تصویر کے منہ کے اندر رکھ دیں۔ پھر اس تصویر کو کسی اندھیری جگہ یا قبر کے اندر میت کے کلہ کی جگہ پر رکھ دیں۔ مطلب حاصل ہوگا۔

اگر زیادتی محبت کسی گروہ یا بہت سے مرد و عورت سے مطلوب ہو۔ تو ان سب کے ناموں کے اعداد وغیرہ کو اکٹھا کر کے دو نقش مثلث مذکور پڑ کرے۔ ایک نقش زیزہ زیزہ کر کے مردہ کی خاک میں ملا کر اس جماعت یا گروہ میں ڈالے۔ اور دوسرے کو مردہ کے کلہ میں رکھ دے۔ اور ایک اور تیسرا نقش لکھ کر سرکہ میں حل کر کے اس میں گلاب یا عرق بہار ملا کر یا کوئی اور خوشبودار چیز ملائے۔ اور مطلوب اور اس کے اہل پر چھڑک دے۔ مطلب ہر حال میں حل ہوگا۔

حروف وصوامت یہ ہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ل م و ہ ک

نقش مثلث مذکورہ یہ ہے :-

۶۷۲	۶۶۷	۶۷۴
۶۷۳	۶۷۱	۶۶۹
۶۶۸	۶۷۵	۶۷۰

دیگر:- زبان بندی کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ جب قمر در عقرب ہو۔ اس وقت حروف صوامت کو جن کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ جس کی زبان بندی مطلوب ہے۔ اس کے نام کے حروف کے ساتھ تکسیر دے۔ زبان نکل آنے پر ان حروف کو معرب کر کے ایک پیسے کی تختی پر کھود دے۔ اور تختی کو اندھیری جگہ پتھر کے نیچے رکھ دے۔ جب تختی کا نقش کھود رہا ہو۔ تو موم منہ میں رکھے۔ اور کسی سے کلام نہ کرے۔ انشاءاللہ اس کی زبان بندی ہوگی۔ تختی کے حاشیہ کے اوپر یہ لکھ دے۔

بستم عقل و ہوش و لبطن و احساس ظاہری و باطنی فلاں بن فلاں فی عرض وحق فلاں بن فلاں

اس عمل کی ترکیب بھی مولانا حسین افلاطی کی ہے۔ حروف صوامت اور جس کی زبان بندی مطلوب ہو۔ اس کے نام کے اعداد اور اس کی ماں کے نام کے اعداد نکال کر نقش مثلث کے اعداد میں اضافہ کر کے نقش مثلث کے اعداد میں اضافہ نقش مثلث پر کریں۔ نقش مثلث کے اعداد میں اضافہ کر کے نقش مثلث پر کریں۔ نقش مثلث اس سے پہلے عمل میں دیا گیا ہے۔ اگر نقش کسی پتلے کاغذ پر تحریر کریں۔ اور اندھیری جگہ میں وزنی پتھر کے نیچے رکھ دیں۔ جب نقش لکھے تو قمر در عقرب ہونا چاہیئے۔ اور منہ میں موم رکھے۔

تکسیر کا طریق جو میں نے اوپر کرنے کو کہا ہے۔ فرض کرو۔ جس کی زبان بندی کرنی ہے۔ اس کا نام احمد علی ہے۔ اس نئے نام کے حروف کو الگ الگ لکھا۔ اس کے بعد دفعہ دے کر حروف صوامت کو لکھ کر امتزاج کیا۔ اور تکسیر کی جیسے کہ مثال سے ظاہر ہے۔

نام	حروف صوامت
ا ح م د ع ل ی	ا ح د ر س ص ط ع ل م و ہ ک

ان کو باہم ملایا تو یہ اس صورت میں بن گئے۔

ا ا ح ح م د د ر ع س ل ص ی ط ل م و ہ ک

ان کو تکسیر کیا۔ یہاں تک کہ پھر پہلی سطر برآمد ہو جائے۔

(۱) ا ک ا ہ ح د ح م م ل د ع و ط ع ی ع ص س ل

(۲) ا ل ک س ا ص ہ ع ح ی د ر ح ط م د م ع ل د

(۳) ا د ل ل ک ع س م ا د ص م ہ ط ع ح ح د ی و

(۴) ا د ی ل ر ل ح ک ح ع ح س ط م ہ ا م د ص

(۵) ا ص د ر د م ی ا ل ہ ع م ل ط خ س ک ع ح ع

(۶) ا ع ص ح و ع د ک د س م ح ی ط ا ل ل م ہ ر

(۷) ا ع ع ہ ص م ح ل د ل ع ا د ط ک ی د ح س م

(۸) ام اس ع ح ہ د ص ی م ک ح ط د و ال ع

(۹) اع م ل ء ط د ح ص ک ی م

(۱۰) ام ع م ک ل ص ع ح ا د س ط و ہ ع ل د ح

(۱۱) ا ح م د ع ل ی ح م ہ ک د ل ط ص س ر د ح ا

(۱۲) ا ا ح ح م د و د ع س ل ص ی ط ع ل م و ہ ک

بعد ازاں تکسیر مذکور کی بارہ سطروں کے حروف کو دو تین، تین یا چار حروف کی صورت میں اکٹھا کر کے لفظ بنائے۔ مثلاً پہلی سطر کے لفظ یہ ہیں۔

اَ گا ہُ حوحم ملد غُ وطویٔ عَصَلُ

اسی طرح ہر سطر کے حروف بنا کر ان کو تختی پر کندہ کیا۔

دیگر زیادتی محبت کے واسطے زہرہ کی سعد ساعت میں تانبہ کی تختی پر چاروں طرف آیت کریمہ :۔

لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ ...... رَءُوۡفٌ الرَّحِیۡمٌ

تک کندہ کرے اور طالب و مطلوب نام بطریق جفر تکسیر کر کے فلیتے بنائے اور ان فلیتوں کو اسی تانبہ کی تختی کے اوپر چراغ میں رکھ کر روشن کرے۔ علاوہ ازیں ذیل کے الفاظ کے اعداد نکال کر تین عدد نقش مربع تیار کرے۔ الفاظ یہ ہیں۔

یستطیع النور شمعولی یا دبّاہ یا سیّداہ یا مولاہُ اَحیَا ذُف اَحیَا ھُوَ الحیُّ القیّوم یا باقی العظمۃ اللہ السلطان اللہ یا اللہ لسھتہ الرفیع جلالہٗ ::

اور نقش کو آٹے میں لپیٹ کر اگر عورت سے محبت ہو۔ تو گدھی کو کھلائے اگر محبت مرد سے ہو۔ تو گدھے کو کھلائے۔ فلیتہ جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔ شہد اور مکھن میں روشن کرے۔ مطلوب بے قرار ہوگا۔

اگر ادائے قرض کے لئے اسی تکسیر کو عمل میں کرنا ہو۔ تو محاسب کا نام بطریق اول تکسیر کر کے اس کے عدد لے کر اس میں الفاظ بالا کے اعداد جمع کر کے نقش مربع پُر کرے اور حاشیہ پر آیت متذکرہ درج کر کے نیچے اپنا نام اور ماں کا نام لکھ کر حساب کے دفتر میں دفن کر دے۔

یہ عمل بھی مولانا حسین افلاطی کا ہے۔ اور نقش مذکور یہ ہے۔

دیگر: مطلوب کے دل میں محبت کو زیادہ اور استوار کرنے کے واسطے زہرہ اور مشتری کی تثلیث میں ایک تختی تانبے کی تیار کر کے اس پر یہ نقش کندہ کرے۔ اور جب قمر نحوست سے خالی ہو اس وقت آیت شریف:-

۶۴۷	۶۶۵	۶۵۸	۶۵۴
۶۵۹	۶۵۳	۶۴۸	۶۶۴
۶۵۲	۶۵۶	۶۶۷	۶۴۹
۶۶۶	۶۴۰	۶۵۱	۶۵۷

کحب اللہ والذین اٰمنوا اشد حبًّ اللہ

کے حروف اور اعداد نکال کر معہ اپنے اور اپنی ماں کے نام کے حروف کے امتزاج کر کے تکسیر کریں۔ عدد موخر کے بعد اس کے چاروں طرف نقش مربع لکھ کر شہد و روغن کا فلیتہ بنا کر روشن کرے۔ مطلوب حاضر ہو گا۔

یہ عمل مولانا عبد اللطیف صاحب گیلانی کا ہے۔ تختی پر کندہ کرنے کا نقش یہ ہے۔ بعد ازاں تختی کو دائیں بازو پر باندھ لیں:

۲۳۶۵	۲۳۷۸	۲۳۷۵	۲۳۷۲
۲۳۷۶	۲۳۷۱	۲۳۶۶	۲۳۷۷
۲۳۷۰	۲۳۷۳	۲۳۸۰	۲۳۶۷
۲۳۷۹	۲۳۶۸	۲۳۶۹	۲۳۷۴

دیگر:- زیادتی محبت اور مطلوب کو بیقرار کرنے کے واسطے اتوار کے دن سونے کی تختی پر یہ نقش کھود دے۔ اسی ساعت میں طالب و مطلوب اور ان کی ماں کے حروف نکال کر تکسیر کرے۔ مگر صدر موخر کے بعد صدر موخر کو پھر تکسیر کرے۔ اور پھر دونوں ناموں کے ساتھ ان کے حروف کو آگے پیچھے کر کے مقدم و موخر کو پھر تکسیر کریں تاکہ تین دفعہ تکسیر ہو جائے۔ پھر اسی ساعت میں مرکب بنا کر فلیتہ لکھیں اور کسی نیک ساعت میں تانبے کے چراغ دان میں اس فلیتہ کو روشن کر دے۔ اور خود اس کے برابر بیٹھ کر اکیس مرتبہ عزیمت ذیل کی پڑھے۔ عزیمت یہ ہے۔

عزمت علیکم واقسمت بکم یا ایھا الارواح الموکل بھذا الحروف وبحق میططرون یا اللہ الا لھۃ الرفیع جلالہ وبحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام احو التقلب والجسد والفواد وجمیع جوارح البدن فلاں بن فلاں بمحبت ومودۃ الفقہ فلاں بن فلاں الساعۃ الساعۃ العجل العجل الطیحوفی

واحضرونی بحق یا ایتھا النفس المطمئنہ ارجعی وبحق کھیعص وبحق حمعسق وبحق
ن والقلم وما یسطرون وبحق احیا اشراھیا اذونی مباؤن ما ملکہ یھذا
الحروف والکلمات المرکب من ھذا الحروف والتکسیر احرق القلب والفواد
وجمیع جوارح البدن فلان بن فلان بمحبتہ والقلم ومودۃ فلان بن فلان
الحق وبحق جاءکم رسولٌ من
انفسکم عزیزٌ علیہ ما عنتم
حریصٌ علیکم بالمومنین روفٌ
الرحیم"۔

۱۰۳۴	۱۰۴۸	۱۰۴۴	۱۰۴۱
۱۰۴۵	۱۰۴۰	۱۰۳۵	۱۰۴۷
۱۰۳۹	۱۰۴۲	۱۰۵۰	۱۰۳۶
۱۰۴۹	۱۰۳۷	۱۰۳۸	۱۰۴۳

یہ عمل مجرب ہے۔ اور حکیم ارسطو
کا تختی پر کندہ کیا جانے والا نقش مکرم یہ ہے۔

دیگر۔ اگر کسی کے دل کسی دوسری طرف سے پھیر دیتا ہو۔ اور اس کو مسخر کرنا مطلوب ہو۔ تو قلعی یا ہفت جوش کی دو تصویریں اس طور پر بنائے جیسے کہ ذیل میں دیا گیا ہے۔ ایک طرف ایک تصویر کتے کی ہے۔ اور دوسری طرف عورت کی تصویر ہو۔ مگر یہ کام اس دن کرے۔ جس دن قمر اور عقرب در آفتاب برج ذوجسدین میں ہو۔ تصویر اس طور پر بنائے۔ جیسے کہ یہاں دی گئی ہے۔

اور نقش ذیل عورت کے پیٹ میں نقش کرے۔ اس کے گرداگرد لوح مشتری کے حروف لکھے۔ یعنی دائیں طرف عورت کے سر سمہ ۱۱۱ بائیں پہلو پر ل ۷ ۹ ×م ۱ سر پر ھو سم × ۷ اور دائیں پاطیال بائیں پاؤں پر یا اسطیطال" پھر حرف لوح مربع کتے کے پیٹ میں لکھے۔ یعنی یہ حروف یا کفتمال یا متطیال یا جعھال لا صہ یا عیلیطال احطہ سال" پھر کتے کے سر کے اوپر کفتمال" دائیں پہلو پر" یا منطیال" بائیں پہلو پر یا" جعھتیال" اور نیچے پر جو کتے کے ہاتھ میں ہے۔ ایک طرف ل ۷ لا صہ لکھے۔ اور نیچے کے ایک طرف غیلیطال اور دوسری طرف" احطہ سیال" مگر تختی کے حاشیہ پر یہ تمام الواح باہم مل جائیں۔ پھر جس کے متعلق لکھا ہو۔ اس کے نام کے حروف صوامت کے ساتھ تکسیر کریں۔ اور ان کے اعداد نکال کر نقش مثلث کے اعداد میں اضافہ کرکے تمام اعداد کا ایک نقش تختی پہ کندہ کرے۔ اس تختی کو اس کے گھر میں دفن کر دے۔ جس کے لئے نقش بنایا گیا ہو۔ اگر دفن نہ کر سکے۔ تو اس کے پڑوس ہی میں دفن کر دے۔ بعد ازاں کتے اور عورت کی تصویر اس طریق پر کسی بلند اور محفوظ جگہ میں رکھیں۔ خدا کے حکم سے جس کے لئے لکھا گیا ہے۔ اس کا دل عامل کے دام تسخیر میں آجائے گا۔ نقش مثلث جس کا ذکر کیا گیا ہے۔ وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴۸	۳۴۳	۳۵۰
۳۴۹	۳۴۷	۳۴۵
۳۴۴	۳۵۱	۳۴۶

اور جو نقش پیٹ میں لکھا جائے گا۔ وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۶۵۵	۶۵۸	۶۶۳	۶۴۸
۶۶۲	۶۴۹	۶۵۴	۶۵۹
۶۵۰	۶۶۵	۶۵۶	۶۵۱
۶۵۷	۶۵۲	۶۵۱	۶۶۴

دیگر

اگر کسی کے دل کو دوسری طرف سے ہٹا کر اپنی طرف متوجہ کرنا ہو۔ تو مطلوب مرد ہونے کی حالت میں ساعت شرف مشتری میں تین دھاتوں، چاندی۔ تانبہ اور سیسہ کو پگھلا کر ایک تختی بنائے اور اس پہ نقش پڑ کر کے گرد خط مشتری کی یہ علامت

کندہ کرے۔

حسد ائیل کنکائیل

نوزائیل عمدائیل ھمدائیل

بعد ازاں اس تختی کو مشتری کا بخور دے کر اپنے دائیں بازو پر باندھ دے۔ خدا کے حکم سے مطلوب اپنے محب سے لوٹ کر جس نے عمل کیا ہے۔ یا جس کے واسطے عمل کیا گیا ہے۔ اس کی طرف متوجہ ہوگا۔ وہ نقش مربع جس کے گرد اگرد علامت مشتری لکھی جائے گی۔ یہ ہے۔

۶۵۵	۶۵۸	۶۶۳	۵۴۷
۶۶۲	۶۴۹	۶۵۴	۶۵۹
۶۵۰	۶۶۵	۶۵۶	۶۵۳
۶۵۷	۶۵۲	۶۵۱	۶۶۴

دیگر۔ اگر مطلوب عورت ہو

ساعت سعید میں ذیل کے نمونے کی یہ صورتیں ایک مرد اور ایک عورت بمشابہ عاشق و معشوق بنائے۔ کہ آپس میں بغل گیر ہو رہے ہوں۔

صورت مرد صورت عورت

پھر جمعرات کے دن زہرہ اور مشتری کی حب نظر تثلیث ہو ساعت سعیا میں ذیل کا

نقش مرد کے پیٹ پر لکھے جو یہ ہے۔
پھر عورت کے پیٹ پر یہ نقش لکھے
اور دونوں نقوش کو ایک دوسرے
کے اوپر رکھ کر اس طرح چپکا دے
کہ عورت مرد کے ہر عضو ٹھیک طور
پر باہم مل جائیں۔

۷۶۳	۷۶۶	۷۶۹	۷۵۶
۷۶۸	۷۵۷	۷۶۲	۷۶۷
۷۵۸	۷۷۱	۷۶۴	۷۶۱
۷۶۵	۷۶۰	۷۵۹	۷۷۰

عورت کے پیٹ کا نقش

۳۴۵۶	۲۴۵۹	۳۴۶۵	۳۴۴۹
۳۴۶۴	۳۴۵۰	۳۴۵۵	۳۴۶۰
۳۴۵۱	۳۴۶۷	۳۴۵۷	۳۴۵۴
۳۴۵۸	۲۴۵۲	۲۴۵۲	۳۴۶۶

پھر ان کو کسی ایسی جگہ رکھ دے
جہاں آگ ہو۔ خدا کے حکم سے مطلوب
بیقرار اور بے تاب ہو جائے گا۔
مجرب ہے۔

دیگر مطلوب کو اپنا بنانے کے
لئے لازم ہے۔ کہ جب زہرہ اور مشتری کی نظر تثلیث ہو۔ تو ذیل کا نقش
ہرن کی کھال پر جمعرات کے روز
مشتری کی ساعت اول میں لکھے
اور کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر
اپنے سر میں رکھ دے۔ اور
مطلوب کے سامنے جائے۔ اور
سات مرتبہ اس کے سامنے یہ پڑھے۔
احیب یا طمطائیل نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۷۵۳۸	۷۵۴۱	۷۵۴۴	۷۵۳۱
۷۵۴۳	۷۵۳۲	۷۵۳۷	۷۵۴۲
۷۵۳۳	۷۵۴۶	۷۵۳۹	۷۵۳۶
۷۵۴۰	۷۵۳۵	۷۵۳۴	۷۵۴۵

دیگر مطلوب کو مطیع اور بے
قرار کرنے کے واسطے شرف
آفتاب میں سونے کی ایک تختی بنا کر اس
پر ذیل کا نقش کھود دے۔ اور اپنا نام
اور مطلوب کا نام بھی حسب دستور
لکھے۔ پھر آگ میں ڈال دے۔ جب مطلوب حاضر ہو جائے تو تختی کو آگ میں نکال کر

۲۷۴	۲۷۷	۲۸۰	۲۶۷
۲۷۹	۲۶۸	۲۷۳	۲۷۸
۲۶۹	۲۸۶	۲۷۵	۲۷۲
۲۷۶	۲۷۱	۲۷۰	۲۸۰

بائیں بازو پر باندھے۔ عامل کو لازم ہے۔ کہ ان عملیات کے ذریعے حرام کا قصد
ہرگز نہ کرے۔

دیگر۔ قمر کا عمل محبت:۔

قمر کا عمل محبت نادرات زمانہ میں سے ہے اور اکسیر ہے۔ بڑھ کر اور نایاب چیز ہے رجب قمر
ایسے خانہ میں ہو۔ جہاں اس کو کوئی نحوست نہ ہو۔ اور اگر مقام شرف میں ہو۔ تو اور بھی
اچھا ہے۔ پس ایسے وقت اور عروج ماہ میں ایک تختی ہفت دھات کی بنائے اور
اس پر نقش ذیل میں اسم مطلوب کے اعداد اضافہ کر کے کندہ کرے۔ اور پھر نقش مذکور
قرآن کریم میں ایسی جگہ رکھے جہاں سورہ فجر ہے۔ خدا کے حکم سے مطلوب جلدی مطیع
و فرمانبردار ہو گا۔ نقش مکرم یہ ہے۔ جس میں اسم مطلوب کے اعداد اضافہ کر کے
لکھا جائے گا۔

۷۸۶

۱۰۸۴	۱۰۴۸	۱۰۴۷	۱۰۴۳	۱۰۸۲	۱۰۸۳	۱۰۴۴
۱۰۷۹	۱۰۷۱	۱۰۷۱	۱۰۵۳	۱۰۷۰	۱۰۵۵	۱۰۴۵
۱۰۸۰	۱۰۶۸	۱۰۶۸	۱۰۵۶	۱۰۶۰	۱۰۵۴	۱۰۴۳
۱۰۳۷	۱۰۴۹	۱۰۴۹	۱۰۶۱	۱۰۶۵	۱۰۷۳	۱۰۸۷
۱۰۳۸	۱۰۵۰	۱۰۵۰	۱۰۶۳	۱۰۵۸	۱۰۷۲	۱۰۸۶
۱۰۳۹	۱۰۶۷	۱۰۶۷	۱۰۶۹	۱۰۵۲	۱۰۵۱	۱۰۸۵
۱۰۷۸	۱۰۷۶	۱۰۷۶	۱۰۸۱	۱۰۴۲	۱۰۴۴	۱۰۴۱

دیگر

اگر اس نقش عمل کو سات مرتبہ کاغذ ابری پر اس طرح لکھے کہ قمر کی ساعت
پر ایک عدد کا اضافہ کرتا جائے۔ تو سات ہی دن کے اندر اندر مطلوب حاضر
ہو گا۔ لیکن نقش کے حاشیہ پر ذیل کے اسمائے بھی ضرور لکھے۔

"ولعل" ونهش بیقه سنة عسی بمتریوه سطح اول مها عفی فهاهود
بیم مجوا حافظ"۔

دیگر:۔ اگر اس نقش قمر کو تختی پر سات جوش کرے۔ تو بہت اثر ہوگا۔ جب قمر خوب روشن ہو۔ تو اس نقش کو لکھ کر قاصد کو دے۔ جب منشا واپس آئے۔ مگر عمل کو سوموار یا جمعرات کے دن کرے۔ اور پھر غسل کرے۔ قمر کی طرف پشت کر کے لکھے۔ جب پہلا خانہ لکھے تو کہے۔ "والقمر حسبانا ذالک تقدیر العزیز العلیم" دوسرا خانہ لکھتے وقت کہے۔ "والقمر قدرناہ منازل حتی عاد کالعرجون القدیم" تیسرے خانہ پر لکھے "لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم" ہر عمل کی تسخیر کے واسطے یہ عمل پورا اثر رکھے گا۔

واضح ہو کہ قمر کا تسخیر کرنا سخت مشکل ہے۔ قمر کے اعمال تیر بہدف ہوتے ہیں۔ کبھی خطا نہیں کرتے۔ اگر قمر مسخر ہو جائے۔ تو اس کے عامل کو بادشاہی کی بھی ضرورت نہیں رہتی کیونکہ اس کی تسخیر بواسطہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہوتی ہے۔

دیگر اگر کوئی شخص کسی پر عاشق ہو اور معشوق کہیں جانا چاہتا ہو۔ اور عاشق کو سفر ناگوار ہو۔ تو لازم ہے۔ کہ قمر کی شعاعوں میں بیٹھ کر ذیل کا نقش مثلث گیدڑ کی کھال پر تحریر کر کے جنگلی چوہے کے منہ میں رکھ کر سی دیں۔ اور آب رواں میں ڈال دیں تو معشوق سفر سے باز رہیگا۔ اگر کسی گئے ہوئے شخص کے لئے کیا جائے تو فوراً واپس ہو۔ معشوق سنگدل کے لئے کیا جائے تو خواہ ہزاروں میل کی مسافت ہو فوراً پہنچے نقش یہ ہے۔

۳۴۷	۳۴۲	۳۴۹
۳۲۸	۳۴۶	۳۴۴
۳۴۳	۳۵۰	۳۲۵

دیگر:۔ اگر کوئی چاہے۔ کہ میرا معشوق کہیں باہر نہ جائے۔ تو معشوق کا نام اور اس کی ماں کے نام کے اعداد نکال کر ذیل کے نقش مثلث پر زیادہ کر کے نقش پر کریں۔ مگر نقش چاندی میں شعاعوں کے نیچے بیٹھ کر لکھے۔ حاشیہ پر معشوق کا اور اس کی ماں کا نام لکھدے۔ اور پھر اس نقش کو شہر کے کسی دروازے میں دفن کر دے۔ کبھی بھی مطلوب اس جگہ سے باہر نہ جا سکے گا۔

۲۷۹	۲۸۴	۲۸۱
۲۸۰	۲۷۸	۲۷۶
۲۷۵	۲۸۲	۲۷۷

نقش مکرم و معظم یہ ہے۔

دیگر عمل زہرہ: محبت کو زیادہ کرنے کے واسطے ہے۔ شرف زہرہ میں ایک تختی بنا کر ذیل کا نقش بنا کر اس پر کھودیں اور تختی کو ہر وقت پاس رکھیں مطلوب مطیع و مسخر ہوگا۔ علاوہ ازیں اگر اس نقش کو شرف آفتاب میں تانبے کی تختی پر کھود کر کسی قدر گرمی پہنچائے، تو مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہو۔ یہ بھی ضروری ہے۔ کہ جس ستارے کا عمل ہو۔ اس کا بخور بھی جلائے۔ اور دیگر بھی اور دیگر شرائط جو اوپر بیان کی جا چکی ہیں۔ ان کو عمل میں لا کر کام کرے۔ تاکہ عامل کامیاب ہو کر اس عاجز کو دعائے خیر سے یاد کرے۔ میں نے مومن بھائیوں کی خاطر ہر بات آسان طریق سے سمجھائی ہے غرض نقش جس کا اوپر ذکر کیا ہے۔ وہ یہ ہے۔ اس کو نہایت عزیز رکھے نہایت مجرب ہے۔

۷۸۶

۳۶۲	۳۷۵	۳۵۸	۳۶۶	۳۸۱
۳۶۸	۳۷۸	۲۶۴	۳۷۲	۳۶۰
۳۷۴	۳۵۷	۳۷۰	۳۸۰	۳۶۱
۳۸۲	۳۶۳	۳۷۱	۳۵۹	۳۶۷
۳۵۶	۳۶۹	۳۷۹	۳۶۵	۳۷۳

تیسری فصل

علو درجات اور دولت کی کشایش کے اعمال

اگر دولت کی زیادتی اور بلندی مرتبہ کی خواہش ہو۔ شرف آفتاب میں سونے کی ایک تختی بنائے۔ اور سورۃ والشمس کے اعداد صحت کے ساتھ نکالے اور تختی مذکور پر نقش مخمس پُر کر کے اپنے سیدھے بازو پہ پہن لے۔ جب دوسرے دن صبح صادق کا وقت ہو۔ تو بعد از نماز مشرق کی طرف منہ کر کے سورہ مذکور کی تلاوت سورج کے نکلنے تک کرتا رہے۔ (نماز صبح اول وقت ادا کرے) سورج کے نکل آنے پر اس

نقش کی طرف دیکھے۔ جو طلائی تختی پر لکھ رکھا ہوا ہے۔ اس عمل کی برکت سے چند ہی دنوں میں انشاء اللہ درجہ شاہی تک پہنچ جائے گا۔ بادشاہ کو مزید ملک و دولت حاصل ہوگی۔ عمر دراز اور سرکش مطیع ہوں گے۔ اور لوگوں کے دل میں اس کی عزت اور وقار ہوگا۔ اور اس کو عزیز سمجھیں گے۔

دیگر تسخیر امیر و فقیر اور زیادتی مرتبہ کے واسطے شرف آفتاب میں اتوار کے روز سونے کی ایک تختی تیار کر کے اس پر نقش مربع پُر کرے۔ اور چاروں طرف ذیل کے الفاظ

"ابوصا - صبوصا - سادسا - سودسا"

لکھ کر تختی مذکور گلاب میں جو شیشے کے برتن میں ہو۔ رکھ دے۔ اور جہاں چاہے۔ جائے کامیاب ہوگا۔

اگر اس تختی کو سرخ ریشم میں لپیٹ کر بازو دائیں پر باندھے اور اسمائے مذکور کو پچاس مرتبہ پڑھ کر سورج کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو جائے۔ اور کہے۔ کہ میرا مقصد یہ ہے کہ مجھ کو مقصد تک پہنچا۔ لوبان کی دھونی عمل کے وقت رکھے۔ اور سورہ والشمس پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ چنداں ہی ایسا کرنے سے مرتبہ اعلیٰ تک پہنچ جائے گا۔ جب کبھی بیٹھے اس امر کی احتیاط رکھے۔ کہ سورج اس کی دائیں جانب رہے۔ اور بجز نماز کے وقت کے کہیں سورج کی طرف پشت نہ کرے۔ قبل از طلوع آفتاب بیدار ہو کر سورج کی طرف منہ کر کے زور زور سے سورہ والشمس پڑھا کرے۔ چند ہی دنوں میں مرتبہ اور عزت حاصل ہوگی۔ نقش مذکور یہ ہے۔

ابوصا ٤٨٦ صبوصا

٨١	٩٤	٩١	٨٨
٩٢	٨٧	٨٥	٩٣
٨٢	٨٩	٩٦	٨٣
٩٦	٨٤	٨٦	٩٠

سادسا سودسا

دیگر دولت و بلندی مرتبہ کے واسطے ذیل کے اسماء پیغمبران کے عدد

نکالے۔ آدمؑ۔ شیثؑ۔ ادریسؑ۔ خضرؑ۔ یونسؑ۔ داؤدؑ۔ ایوبؑ۔ ذکریاؑ
یحییٰؑ۔ عیسےٰؑ۔ ذوالکفلؑ۔ اشموئیلؑ۔ عزیزؑ۔ ہودؑ۔ صالحؑ۔ ابراھیمؑ۔ اسمٰعیلؑ
یعقوبؑ۔ یوسفؑ۔ اسحٰقؑ۔ موسےٰؑ۔ لوطؑ۔ شعیبؑ۔ ھارونؑ۔ یوشعؑ علیہم
الصلوٰۃ والسلام

بعدازاں طالب کے بادشاہوں کے نام کے اعداد نکالے۔ تیمور۔ چنگیز۔ خسرو
جمشید۔ فریدوں۔ نوشیرواں۔ بعدازاں طالب کے نام کے اعداد لے۔ پھر طالب کے
نام کا حرف اول چھوڑ کر باقی کی تکسیر کرے۔ بعد تکسیر کے دیکھے کہ ان حروف کو علیحدہ
کرکے نورانی حروف علیحدہ لکھے۔ اور امتزاج ایک ان کی تکسیر کرے۔ نام پر آکر
تکسیر اول اور تکسیر شمس کو اکٹھا کرے۔ اور جو اعداد کے پہلے لیئے جاچکے ہیں۔ ان کا نقش
مربع ساعت آفتاب میں سونے کی تختی پہ کندہ کرے۔ اور بخور جلائے۔ اس کے حاشیہ
پر سرکب تکسیر کندہ کرے۔ اور اس لوح کو ہمیشہ پاس رکھے۔ طالب کی سہولت کے لئے
ہر ستارے کے حروف تحریر کرتا ہوں۔

ا ب ج د	ھ و ز ح	ط ی ک ل	م ن س ع
زحل	مشتری	مریخ	شمس
ف ص ق ر	ش ت ث خ	ذ ض ظ غ	
زہرہ	عطارد	قمر	

آبی۔ آتشی۔ بادی اور خاکی تفصیل کتاب کے آغاز میں دی گئی ہے اور حرف
نورانی یہ ہیں۔ م۔ ج۔ ف۔ ح۔ ب۔ ع۔ ق۔ و۔ ی۔ ا۔ ل۔ ن

پس جیسا کہ اوپر تحریر کیا گیا ہے۔ عمل کریں۔ تاکہ مقصد حاصل ہو۔

دیگر بلندی مراتب اور دولت و نعمت کے لئے سونے کی ایک تختی تیار کرکے
شرف آفتاب میں آیت کریم والشمس تجری لمستقر لہا ذٰلک تقدیر
العزیز العلیم سورۃ والشمس در طالب کے نام کے اعداد نکال کر جمع کرے (یاد رہے
کہ تختی کا وزن تین مثقال سے ہرگز کم نہ ہو) اور پھر نقش مربع ساعت سعید میں شرف
آفتاب کی حالت میں اس تختی پر کھود کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں اسکی برکت

سے بلند رتبہ پر پہنچے گا۔ اور باعزت اور بزرگ بن جائے گا۔

دیگر: بلندی مرتبہ اور سلاطین کے دربار میں عزت و وقار حاصل کرنے کے واسطے مرف آفتاب اور ساعت آفتاب میں ایک سونے کی تختی تیار کرکے ذیل کے نقش کے اعداد میں معظم قل اللّٰھم مالک الملک کے عدد نکال کر شامل کر نقش مربع پُر کرکے تختی کو پاس رکھے۔ خدا کے حکم سے باعزت اور صاحب رسوخ ہو جائے گا۔
نقش مذکور جس پر آیت مذکور کے اعداد شامل کرنے ہیں یہ ہے۔

۴۴۱۴	۴۴۲۷	۴۴۲۴	۴۴۲۱
۴۴۲۵	۴۴۲۰	۴۴۱۵	۴۴۲۶
۴۴۱۹	۴۴۲۲	۴۴۲۹	۴۴۱۶
۴۴۲۸	۴۴۱۷	۴۴۱۸	۴۴۲۳

دیگر۔ شمسی و قمری انگشتری کا عمل

بادشاہوں۔ شاہزادوں اور امیروں کی نظر میں عزت قائم کرنے اور حسب مرضی ان سے کام کرانے کے لئے لازم ہے۔ کہ پہلے ایک ایسی انگوٹھی تیار کرائی جائے۔ جس کے ایک طرف چاندی اور دوسری طرف سونا ہو۔ اور پشت پر ایک بادشاہ اور ایک شاہزادی کی تصویر بنوائی اور ان دونوں تصویروں کے درمیان اپنی تصویر بنائے۔ اپنی صورت کے حاشیہ پر " لقد جاءکم رسول من ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ رءوف الرحیم" کے اعداد کا نقش مربع تحریر کرائے۔ چاندی کی تختی شمسی اور سونے کے حصے پر نقش قمری کندہ کروا کر ہاتھ میں پہنے۔

نقش شمسی۔

۳۵۷	۳۷۰	۳۶۷	۳۶۴
۳۶۸	۳۶۳	۳۵۸	۳۶۹
۳۶۲	۳۶۵	۳۷۲	۳۵۹
۳۷۱	۳۶۰	۳۶۱	۳۶۶

نقش ۷۸۶ قمری

۲۵۵	۲۵۸	۲۶۱	۲۴۸
۲۶۰	۲۴۹	۲۵۴	۲۵۹
۲۵۰	۲۶۳	۲۵۶	۲۵۳
۲۵۷	۲۵۲	۲۵۱	۲۶۲

۲۷۶

۳۵۲	۳۵۵	۳۶۱	۳۴۵
۳۶۰	۳۴۶	۳۵۱	۳۵۶
۳۴۷	۳۶۳	۳۵۳	۳۵۰
۳۵۴	۳۴۰	۳۴۸	۳۶۲

اپنی صورت کی پشت پر نقش کندہ کرے۔ اور دونوں تصویروں کے درمیان اپنی تصویر اس طرح ہو۔ کہ وہ دونوں تصاویر چھپی ہوئی نظر آئیں۔ اور نقش دونوں کے اوپر ہو۔ اور نقش شمسی کے اوپر۔

ابرصا۔ صبرصا۔ سادسا۔ سودسا

لکھے جنابت یا خانہ یا پیشاب کے وقت انگوٹھی کو علیحدہ رکھے۔ جب کسی امیر بادشاہ سے واسطہ ہو تو انگوٹھی کا سونے والا رخ اوپر کرکے سورہ والشمس پڑھیں۔ اور اگر کسی عورت سے معاملہ ہو۔ تو چاندی کا رخ اوپر کرکے اور آیات جو قمر سے منسوب ہیں۔ پڑھے۔ اور سات مرتبہ انگوٹھی کو ہاتھ میں پورے طور پر پھرائیں۔ ہر چکر میں چاندی کا رخ اوپر آئے۔ اور جب تک مطلب پورا نہ ہو۔ انگوٹھی کو نہ اتاریں۔

یہ انگوٹھی اور کام بھی آتی ہے۔ مریض کو دھوکر پلائیں۔ تو شفا ہوگی۔ دردزہ کے واسطے عورت کو دھوکر پانی پلائیں۔ بچہ آسانی سے جلدی پیدا ہوگا۔ یا عورت کے سر اوپر انگوٹھی کو رکھدے۔ مطلوب کے واسطے انگوٹھی کے نقوش کی مہر موم پر لگا کر اس موم سے معشوق کی تصویر بنائے۔ اور سات سوئیاں اس کے سات اعضا میں چبھو دیں۔ اور ذیل کا نقش سرنج کا غذ یا موم پر لکھ کر اس تصویر کے پیٹ کے اوپر چپکا دیں۔ اور اپنے سر کے بال میں اس تصویر کو لٹکا دے۔ خدا کے حکم سے مطلوب بے قرار

ہو کر حاضر ہوگا ر نقش تصویر کے پیٹ میں چسپاں کرنے کا یہ ہے ۔

۵۸۹	۵۹۲	۵۹۵	۵۸۲
۵۹۴	۵۸۳	۵۸۸	۵۹۳
۵۸۴	۵۹۷	۵۹۰	۵۸۷
۵۹۱	۵۸۶	۵۸۵	۵۹۶

چوتھی فصل

ہلاکی و تباہی دشمن اور بغض و نفاق کے عملیات

دشمن کی ہلاکت کے لئے شرف آفتاب میں ایک تختی تیار کرکے اس پر سورہ العصر اور الم ترکیف" کے عدد نکالے۔ پھر دشمن اور اس کی ماں کے نام کے اعداد نکال کر جمع کرکے نقش مثلث تیار کرے ۔ اور تختی کو مشرق کی طرف منہ کرکے رکھدے۔ مگر جب آفتاب طلوع ہو، تو تختی کا رخ پھیر کر مغرب کی طرف کر دے۔ اور جب بعد دوپہر آفتاب مغرب کی طرف ہو۔ تو تختی کا رخ مشرق کو کر دے ۔ چند دن اسی طرح کرنے سے خدا کے حکم سے دشمن ذلیل و خوار اور آوارہ ہوگا۔ مگر اتوار کے دن کسی قدر مٹھائی تقسیم کر دیا کرے یہ عمل حکیم جالینوس کا ہے۔

دیگر اگر دشمن کی تباہی اور ملک کی فتح کے لئے جو عموماً بادشاہوں کو درکار ہے لازم ہے ۔ کہ شرف زحل میں ورنہ ہفتہ کے دن قبل از طلوع آفتاب کانسی کی ایک تختی تیار کرے ۔ اور اس پر آیت مکرم نصرٌ من الله و فتح قریب انا فتحنا لك فتحا مبینا ربنا افتح بیننا و بین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین سورہ الم ترکیف اور سورہ والعصر سب کے اعداد نکال کر دشمن کے نام کے اعداد اسمیں جمع کرکے

نقش مربع تیار کرے۔ اور اس کانسی کی تختی پر کندہ کرے۔ تختی کے حاشیہ پر سورہ فاتحہ معکوس تحریر کرے۔ اور علاوہ ازیں ذیل کے الفاظ بھی لکھدیں۔ آدام اھو حجا ابلیہ ملیکہ املیہ ادابد اھمابہ وادریتا اسمنکا فجزا وومتکا دشکلے داری اوریا اھوا مکدماملو کا اشبعین کنا مہ بھا ته" پھر تختی مذکور کو دشمنی کے قلعہ یا مکان یا ملک کے دروازے کے نیچے دفن کر دے خدا کے حکم سے بہت جلد دشمن مغلوب ہوگا۔

دیگر عمل زحل مکرم ہونے کے واسطے بہت مجرب ہے۔ شرف زحل میں سنگ یشب کی ایک تختی تیار کر کے اس پر لمن الملك اليوم لله الواحد القهار" کے عدد نکال کر نقش مربع پڑ کرے۔ لیکن دو طرفہ قلم سے اس طرح تحریر کرے کہ ایک عدد قلم کے سر سے اور دوسرا قلم کے پاؤں سے تحریر کرے۔ لکھنے کے وقت کالی مرچ منہ میں رکھے اور اس تختی کو ہر دم اپنے پاس رکھے انشاء اللہ ملک و قوم کی نظروں میں مکرم و محترم ہو جائے گا۔ اس کے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔ ہر شخص اس کی اطاعت پر مجبور ہوگا۔

دیگر یہ بھی زحل کا عمل ہے۔ جو بزرگی حاصل کرنے اور دشمن کو مطیع کرنے کے لئے ہے۔ اور نہایت مجرب ہے۔ ہفتہ کے دن کانسی کی ایک تختی بنائے اگر شرف زحل کا وقت ہو۔ تو نہایت ہی بہتر۔ اور قیر کا لباس پہنے۔ جب قمر برج جدی میں داخل ہو۔ اور اتوار کی رات اور ہفتہ کا دن ہو۔ تو ایک بلند اور وسیع مکان کی چھت پر جا کر ننگے سر ہو کر ٹاٹ سر پر رکھے۔ اور کہے۔ کہ اے کیوان میری خواہش ہے۔ کہ اپنی قوم میں بزرگ بنوں۔ اور سب کو مطیع کر دوں۔ بعد ازاں سات چیزیں اپنے پاس مہیا کر کے سب کو کوٹ کر بخور روشن کرے۔ یعنی کالی مرچ۔ کالا پتھر سپستان قیر حصیتہ الثعلب کالی قند سنگدانہ اور اس وقت آبنوس کی لکڑی کی سہ پائی پر بیٹھ کر انیس مرتبہ یہ عزیمت پڑھے۔

عزمت عليكم ايها الكواكب المعظم بالنور الساطع النظاهر وني بحق هذالحروف آلم المص كهيعص طه طسم يس حم حم حم حم حم حمعسق فاني اسئلك باسمائك العظيم ان يكفني هذا المهم وبحق هذا الاسما المعظم سمحيائيل وسطرائيل وعدحمائيل بحق الحق وبني المطلق

پھر جب ہفتہ کا دن آئے۔ تو قبل از نماز صبح غسل کرے۔ اور قلم سے سنگ یشب کی تختی پہ دونوں طرف ذیل کا نقش مربع پڑ کرے۔ مگر ایک عدد قلم کے سر سے اور دوسرا عدد پاؤں سے تحریر کرے۔ پھر وہ تختی ریشم میں لپیٹ کر کسی اندھیری کوٹھڑی میں رکھ دے۔ جب کوئی مشکل کام آئے۔ تو لوح مذکور کو نکال کر پاس رکھے۔ اور کام پورا ہوجائے گا۔ بعدہٗ اس تختی کو وہیں اندھیرے میں رکھ دے۔ خدا کے فضل سے اس عمل کی برکت کے ساتھ وہ شخص قوم کا بزرگ ہوگا۔ اور دشمن ذلیل وخوار ہوں گے۔
نقش مربع یہ ہے۔

۷۸۶

۸۳	۹۷	۹۴	۹۰
۹۵	۸۹	عــہ ۸	۹۶
۸۸	۹۲	۹۹	۸۵
۹۸	۸۶	۸۷	۹۳
عــہ ۳۶			کثرہ ۲

دیگر

تباہی وبربادی دشمن کے واسطے اور اس کو ہلاک کرنے کے لئے جب قمر اور زحل کا مقابلہ ہو۔ اور دونوں خانہ نحس میں تقسیم ہوں اور نحس ہی کی طرف دیکھتے ہوں۔ تب سیاہ ریشمی یا نیلے رنگ کے کپڑے پہ ذیل کا نقش مثلث لکھ کر ویران اور غیر آباد مسجد میں محراب کے نزدیک دفن کردے۔ اور سورہ "لایلٰف" بارہ سو مرتبہ تلاوت کرے۔ دشمن ذلیل وخوار ہوگا۔ یہ عمل شرف زحل میں کرنا چاہیئے۔ تاکہ جلدی اثر ہو۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۰۲	۶۹۴	۷۰۰
۶۹۶	۶۹۹	۷۰۱
۶۹۸	۷۰۳	۶۹۵

دشمن کے نام کے اعداد کا نقش کے اعداد میں اضافہ کر لیا جائے۔ اگر اس نقش کو بدھ کے دن ساعت اول میں نقش مربع کی صورت میں لکھ کر اپنے سر میں رکھے تو قوم میں عزت دوقار پیدا ہو۔ نقش مربع کی صورت یہ ہے

۵۱۶	۵۳۰	۵۲۷	۵۲۳
۵۲۸	۵۲۲	۵۱۷	۵۲۹
۵۲۱	۵۲۵	۵۳۲	۵۱۸
۵۳۱	۵۱۹	۵۲۰	۵۲۶

دیگر:۔ اگر کسی نے عداوت کے باعث کسی کا روزگار بند کر دیا ہو۔ تو اس روزگار یا ملازمت پر بحالی کے واسطے ذیل کے عمل کرے۔ ہفتے کے دن جب کہ زحل ہر لحاظ سے اچھے خانہ میں ہو۔ خلوت میں قلعی کی دو صورتیں بنائے۔ مگر ان صورتوں کے پیٹ خالی رکھے۔ یعنی اندر سے کھوکھلے ہوں۔ اور ہرن کی کھال پر یہ نقش مربع لکھ کر ان تصویروں کے پیٹ میں رکھ دے۔ دو نقش لکھے۔ تاکہ ایک ایک نقش ایک ایک تصویر میں رکھا جا سکے۔ اس کے بعد ان صورتوں کو اپنی منشا کے مطابق کسی محفوظ جگہ پر بٹھائے۔ یعنی عزت و وقار اور حکم کی ملازمت یا روزگار کا طالب ہے۔ تو تخت پر بٹھائے۔ اگر محرر یا منشی کی ملازمت چاہیئے تو تصویروں کے سامنے دوات اور کاغذ رکھ دے۔ اور قلم کمر میں رکھ دے اسی طرح اپنے روزگار کی مناسبت سے ان کو بٹھائے۔ ہر روز ایک مرتبہ ان کے سامنے جائے۔ اور ایک دفعہ دیکھ آئے۔ پانچ چراغ ان کے سامنے روشن کرے۔ یہاں تک کہ مقصد بر آئے۔ نقش جو تصویروں کے پیٹ میں رکھنا ہے۔ وہ یہ ہے۔

۲۳۰	۲۲۴	۲۲۷	۲۱۳
۲۲۶	۲۱۴	۲۱۹	۲۲۵
۲۱۵	۲۲۹	۲۲۲	۲۱۸
۲۲۳	۲۱۷	۲۱۷	۲۲۸

دشمن کی ہلاکت کے واسطے بھی عمل اس طرح کیا جاتا ہے۔ کہ سنیچر کے دن پہلی ساعت میں کانسی کی دو صورتیں بنائے۔ ایک کا نام ہابیل اور دوسرے کا نام قابیل رکھے۔ تب دشمن کے نام کے اعداد نکال کر ذیل کے نقش مثلث میں اضافہ کر کے نقش مکمل کرے۔ اور ہابیل کی صورت کو قابیل کے ہاتھ سے مغلوب کرے۔ جس قسم کے عذاب سے دشمن کو ہلاک کرنا مطلوب ہے۔ وہی صورت اختیار کریں۔ قابیل کے ہاتھ میں خنجر یا کوئی اور جنگی ہتھیار دے۔ اور ہابیل کو مغلوب بنؤ [illegible]۔ قابیل کی شکل کے اوپر سید الشیاطین ابلیس کا نام تحریر کرے۔ پھر ان صورتوں کو تاریک جگہ یا قبر

۲۹۶	۲۹۰	۲۹۸
۲۹۷	۲۹۵	۲۹۲
۲۹۱	۲۹۹	۲۹۴

میں رکھدے۔ خدا کے حکم سے دشمن مغلوب ہو کر جلدی مرجائے گا۔

نقش مثلث جس کا ذکر کیا گیا ہے، پچھلے صفحہ پہ دیا گیا ہے۔ اس میں اعداد جمع کر کے نقش مکمل کر کے استعمال کریں۔

دیگر:- کشتی میں فتح حاصل کرنے کے واسطے دونوں کشتی کرنے والوں کے نام کے اعداد نکال کر اس میں آیت شریف یداللہ فوق ایدیھم فمن نکث فانما ینکث علیٰ نفسہ ومن اوفیٰ بما عاھد علیہ اللہ فسیوتیہ اجراً عظیما اور یاقہار ودزو البطش الشدید لا یلحاق انتقامہ کے اعداد نکال کر جمع کریں، اور نقش مثلث پُر کر کے کشتی کی جگہ یعنی اکھاڑے میں دفن کرے۔ خدا کے حکم سے ایسا عمل کرنے والا ہر لحاظ سے اسے حریف پر فتح پائے گا۔

دیگر:- ہلاکی دشمن کے لئے سورہ اذا زلزلت الارض اور سورہ الم ترکیف اور آیت فزادھم اللہ مرضاً کے اعداد نکال کر سب کو جمع کر کے نقش مثلث پُر کرے۔ مگر مردہ کے کفن پہ لکھ کر کسی مقتول یا شہید کی قبر میں دفن کر دے۔

دیگر:- ہلاک کرنے کے واسطے یاقہار کے اعداد نکالے اور دشمن کے نام کے اس میں جمع کر کے نقش مربع پُر کرے۔ پھر وہ نقش روز ایک کچی اینٹ پر لکھ کر قمری ماہ کی پہلی تاریخ سے لے کر آخری تاریخ تک دریا میں ڈالتا رہے۔ خدا نے چاہا تو اسی مدت میں ہلاک ہوگا۔ اور اگر دشمن کو ہلاک کرنا ہوگا، تو آٹھویں اگر تباہ و برباد کرنا ہو تو چھٹے خانہ سے نقش کو شروع کرے نقش یہ ہے۔

۹۱۲	۹۱۵	۹۱۸	۹۰۴
۹۱۷	۹۰۵	۹۱۱	۹۱۶
۹۰۶	۹۲۰	۹۱۳	۹۱۰
۹۱۴	۹۰۹	۹۰۷	۹۱۹

دیگر:- ہلاکت دشمن کے لئے دشمن کے نام کے اعداد نکال کر نقش ذیل میں اضافہ کرے۔ اور نقش مثلث بنائے۔ دشمن کی تصویر کسی مردے کے کفن پہ سیاہی میں سرکہ نمک اور نوشادر ملا کر بنائے۔ اور نقش تحریر کرتے کے وقت ہر خانہ لکھ کر ایک آیت آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے۔ کیونکہ یہ عمل ننگی تلوار کے مشابہ ہے۔ پھر دو صورتیں موم کی بنائے۔ ایک کے ہاتھ میں کمان ہو اور

دوسری اس کے روبرو ہو۔ اور ایک کو دوسری کا مقابل تصور کر کے پہلی صورت کے جسم میں تیر چبھو دے۔ اور کمان کی پشت پر یہ نقش مثلث لکھے۔ اور خون کے چار قطرے بھی گرا دے

"اَلَم تَرَ کَیفَ" کے اعداد نکال کر مذکورہ بالا مثلث میں شامل کر کے اس کو دشمن کی تصویر کے پیٹ میں رکھ دے۔ اور سورہ "الم ترکیف" کا دم کرے۔ جب "ترمیہم" پر پہنچے شاہت الوجوہ شاہت الوجوہ کہہ کر اس صورت کی طرف اشارہ کر دے اگر دعائے علوی مصری یاد ہو۔ تو اس کو بھی پڑھے۔ خدا کے حکم سے دشمن عذاب کے ساتھ ہلاک ہو گا۔ نقش اول جس پر اضافہ کرنا ہو وہ یہ ہے۔

۹۴۳	۹۳۸	۹۴۵
۹۴۴	۹۴۲	۹۴۰
۹۳۹	۹۴۲	۹۴۱

کمان پر لکھنے کا نقش یہ ہے

۲۷۶	۲۷۰	۲۷۸
۲۷۷	۲۷۵	۲۷۲
۲۷۰	۲۷۹	۲۷۴

دیگر: ہلاکت دشمن کے واسطے جب قمر در عقرب ہو۔ دشمن اور ہاروت اور ماروت کے اعداد نکال کر ذیل کے نقش معظم میں اضافہ کر کے سب کا ایک نقش بنائے۔ پھر نیلے رنگ کے کپڑے میں قلعی پیاز، نمک اور تیل ڈال کر اور نقش کو پیاز میں رکھ کر ہندوؤں کے مرگھٹ میں دفن کر دے۔ یا کسی یہودی کی قبر میں دفن کرے۔ انشاء اللہ دشمن بہت جلد ہلاک و تباہ ہوگا

۶۳۹	۶۳۴	۶۴۱
۶۴۰	۶۳۸	۶۳۶
۶۳۵	۶۴۲	۶۳۷

نقش مکرم جس میں دشمن وغیرہ کے اعداد کا پر کرنا یہ ہے۔

دیگر: دو دوستوں میں عداوت اور جدائی کے واسطے لازم ہے۔ کہ حرف اول برج کے طالع وقت عمل برج آفتاب (جس میں کہ سورج اس وقت مریخ کے برج کا حرف اور دونوں دوستوں کے ناموں کے برج کے حروف لے کر سب کو تکسیر کریں۔ جب زمام نکل آئے۔ تو اس میں سے

ظلماتی اور مواکیل کے حروف کو الگ کر لیں۔ اور عدد نکالیں۔ اور ذیل کے نقش مثلث کے اعداد میں ان کو جمع کریں۔ اور ایک مثلث کی صورت میں پانی۔ نیل۔ نیل اور سیندور سے لکھیں۔ پھر نورانی حروف کو ترک کر کے باقی حروف کی تکسیر کر کے اس نقش مثلث کی پشت پر تحریر کریں۔ بعدازاں سب کو مرتب کر کے معرب کر لیں۔ اور ہر خانہ کے مقابلے میں ہر اعداد کے موافق ان کلمات کو لائیں۔ اور عدد کل خانہ پنجم میں لائیں۔ اگر اعداد موافق نہ ہوں تو اسم اجیلوۃ یا قہار یا منزول یا ضاد کے اعداد کا اضافہ کر دیں۔ اور اعداد کو موافق کر لیں۔ پھر اس مثلث کو نیلے کپڑے میں لپیٹ کر قلعی۔ ہڑتال۔ تیل۔ کالا لوہا۔ نمک اور پیاز کے ہمراہ کالی رسی کے ساتھ باندھیں۔ اور مرگھٹ یا یہودی کے قبرستان میں دفن کر دیں۔ منگل کے دن یہ عمل کریں بہت مجرب ہے۔ اور حکیم ارسطو کا طریقہ ہے۔

طالع کے وقت کے برج کے ہر حرف کا مطلب یہ ہے۔ کہ فرض کرو۔ منگل کے دن ساعت مریخ میں عمل شروع کیا گیا۔ تو دیکھو۔ کہ اس وقت لگن کس برج میں ہے جس میں ہو۔ اس کا حرف لے لیا۔ پھر دیکھو۔ کہ عمل کے وقت آفتاب کس برج میں ہے پس جس برج میں آفتاب ہو۔ اس برج کا حرف بھی لے لو۔ جب مریخ برج حمل و عقرب میں ہو تو دونوں کے حروف لینگے۔ پھر دشمن اور اس کی ماں کے بروج کے حرف لئے طالع اور بروج کا طریقہ معلوم کرنے کا پہلے لکھا گیا ہے۔ مگر تاہم دریافت کرتا ہوں۔ اس کے اور اس کی ماں کے اعداد کو بارہ پر تقسیم کر کے باقی کو عمل سے بروج پر تقسیم کرو۔ جہاں باقی ختم ہو جائے۔ وہی طالع ہو گا۔ فرض کرو۔ کہ پانچواں نمبر اسد پر ختم ہوا۔ تو اسد ہی طالع ہو گا۔

اس قدر کرنے کے بعد بروج کے مواکیل سے مناسبت رکھنے والے حروف کو لیا اور سب کو بطریق مذکور تکسیر کیا۔ موکلوں کے حروف کی تکسیر الگ کی ظلماتی حروف کو الگ کر کے سب کے اعداد لے کر نقش مثلث لکھیں۔ مزید تفصیل کے واسطے بروج کے مواکیل کا دائرہ درج کیا جاتا ہے۔

۱۔ حمل اجومن حروف بنائی غیر بنائی ا ھ ظ	۲۔ ثور غیر بنائی حروف بنائی د ح ل	۳۔ جوزا دمناج حروف بنائی غیر بنائی ب د ی
۴۔ سرطان مناجہ حروف بنائی غیر بنائی ی ۔ ن ۔ ص	۵ رسد ناجرم حروف بنائی غیر بنائی ک یں ۔ ق	۶۔ سنبلہ غیر بنائی حروف بنائی ن ۔ ش ۔ د
جدی غیر بنائی حروف بنائی غیر بنائی د ح	دلو منا7. غیر بنائی ف بنائی ص ۔ ط ۔ ص	حوت مناجر غیر بنائی بنائی ف ۔ ث ۔ ط

آتشی ۔ آبی ۔ بادی ۔ خاکی ۔ مشرقی ۔ معزبی ۔ شمالی اور جنوبی حروف کی تفصیل پہلے شروع کتاب میں دی جا چکی ہے ۔ البتہ بروج کے موکل بہ تفصیل ذیل ہیں ۔

دائرہ بروج

۱۔ حمل سراخیل	۲۔ ثور عزرائیل	۳۔ جوزا سراسیل
۴ سرطان قہقائیل	۵۔ ثور سرائیل	۶ جوزا شکھیل

۷۔ میزان	۸۔ عقرب	۹۔ قوس
سحراکیل	سرصائیل	سرطائیل
۱۰۔ جدی	۱۱۔ دلو	۱۲۔ حوت
شمکائیل	صحمکائیل	فقائیل

اس قدر تفصیل کے بعد ظلماتی اور نورانی حروف کے تفصیل ضروری ہے۔ آتشی حروف نورانی حروف کہلاتے ہیں۔ اور خاکی کو ظلماتی حروف۔ حروف صوامت وہ حروف ہیں۔ جن کے اوپر نقطہ ہو۔ اگر نقطہ اوپر ہے۔ تو فوقی ہے۔ اگر نیچے ہے۔ تو تحتی۔ ابجد کی پہلی سطر کے حروف علوی اور باقی سفلی کہلاتے ہیں۔ جو حروف منسوب بکواکب جاری ہیں۔ جن کو اوپر حروف کواکب میں درج کیا جاچکا ہے۔ وہ ثقیل ہیں۔ اور باقی خفیف۔ متفق العناصر حروف متساوی اور باقی غیر متساوی کہلاتے ہیں۔ اور کواکب کے حروف اور نحس کواکب کے حروف منحوس کہلاتے ہیں۔ غالب العناصر حروف کو جلالی اور باقی کو جمالی کہتے ہیں۔

اس قدر تفصیل بیان کرنے کے بعد اب وہ مثلث نقش تحریر کیا جاتا ہے۔ جس میں حروف تکسیر کا اضافہ کرنا چاہیئے۔

اور وہ مثلث یہ ہے ۔۔۔۔۔

۶۳۵	۶۴۰	۶۳۹
۶۴۲	۶۳۸	۶۴۳
۶۳۷	۶۳۶	۶۴۱

حروف نورانی کے سوا باقی تمام حروف تکسیر مرکب و معرب کرنا چاہیئے۔ جس کا طریقہ پہلے ایک مثال میں واضح کیا جاچکا ہے۔ پھر تیار شدہ کلمہ کے اعداد کو دیکھے۔ کہ خانہ نقش میں وہ عدد کہاں ہیں۔ جہاں وہ عدد ہوں۔ اسی جگہ وہ کلمہ لکھ دے۔ اگر کلمہ نقش کے اعداد کے موافق نہ ہو۔ تو اسمائے جباری کا اضافہ کو موافق کر لیں

دیگر: ہلاکت دشمن کے لئے بنگالہ کا عمل یہ ہے۔ ان اعداد بنگالہ کو دشمن کے اعداد میں جمع کریں۔ اور کسی مردہ کے کفن پر نقش لکھیں۔ اور اسی مردہ کی قبر کے سامنے دفن کردیں۔ دشمن برباد ہوگا۔ اعداد بنگالہ حسب ذیل ہیں۔

لا ھ ٥ × ١٨ ٣ ٣ × اب لہ ھ

ان کو شروع سے دہائی تک شمار کریں۔ اور حساب کرکے جمع کریں اور کام کریں اس عمل کی زیادہ تشریح نہیں کروں گا۔ کیونکہ مجھ کو قسم کے ساتھ تشریح سے منع کیا گیا ہے۔ یہ نقش میری یادگار رہے۔ اس لئے لکھ دیا۔ کہ شاید کوئی اس ترکیب کو سمجھ لے اور عاجز کو دعائے خیر سے یاد کرے۔ بہت مجرب ہے۔

دیگر، بکری کا عمل: یہ عمل صرف اس وقت کرے۔ جب کہ اس عمل کا یقین ہوجائے۔ کہ اگر دشمن زندہ رہا۔ تو مجھ کو زندہ نہ رہنے دے گا۔ عمل پہلے بھی درگاہ الٰہی میں اپنی مجبوری کو فریاد کرے۔ اور بعد عمل بھی توبہ و استغفار سے کام لے۔ اور اپنی بخشش چاہے۔ ترکیب یہ ہے۔ کہ کالے رنگ کی بکری لے کر اس کو قبرستان میں یا کسی ایسی جگہ لے جائے۔ اور ہر سوئی پر ایک مرتبہ سورہ "الم ترکیف" پڑھ کر دم کرے۔ اور اس بکری میں سے گزارے اور نیت کرے۔ کہ دشمن کے جسم میں گزار رہا ہوں۔ ازاں بعد ایک بڑا سا چراغ جس کی بتی بھی بڑی ہو۔ لے کر روشن کرے۔ اور ایک لوہے کے برتن میں رکھ کر برتن کے نیچے ذیل کے نقش کو مٹی میں دبا کر چراغ روشن کرے۔ اور دشمن کی صورت بنا کر اس چراغ میں رکھے اور چراغ کے اوپر بکری کو کھڑا کرے۔ تاکہ چراغ کی لو سے بکری کے جسم کی چربی ڈھل کر چراغ میں پڑتی رہے۔ جوں جوں بکری کا خون خشک ہوگا۔ دشمن بیمار ہوتا جائے گا۔ اور جب چراغ جل چکے گا۔ دشمن بھی مرجائے گا۔ نقش مثلث یہ ہے۔ اس میں مندرجہ بالا عمل بنگالہ کے اعداد بھی شامل کرلیں۔

۱۱۲	۱۰۸	۱۱۵
۱۱۴	۱۱۲	۱۱۰
۱۰۹	۱۱۶	۱۱۱

دیگر دشمن کو ایذا کے لئے یہ سفلی عمل ہے۔ مگر عورت دشمن ہو۔ پہلے اس عمل کو زکوٰۃ گیارہ دنوں میں ادا کرے۔ یعنی جنگل میں کسی کوئیں کے کنارے پر ذیل کا منتر ایک سو ایک بار

شام کے وقت پڑھے۔ ازاں بعد جب کسی دشمن عورت کو تکلیف دینی منظور ہو تو عمل کرے۔ منتر یہ ہے۔

جبل کر منڈی دریا جائے۔ کھول کھال لہو بہائے۔ راجن سرجن بھون ترجن نار ڈہ ٹوٹے فلانی کا پیر چھوٹے۔

دیگر عداوت کیواسطے:۔

لیموں کی لکڑی کی قلم اور تیل کی سیاہی بنائے اور کالی مرچ منہ میں رکھ کر منگل کے دن ان دونوں کے نام معہ ان کی ماں کے ناموں کے جن کے درمیان نفاق منظور ہو ذیل کے نقش میں لکھ کر بائیس دن تک جلائے۔ انشاء اللہ ان دونوں کے اندر اندر ان میں بغض و عداوت پیدا ہوگی۔ یہ عمل بنگالہ سے منسوب ہے۔ اور یہ ہے۔

ت ۰

<	7	(	عجح ٨ 7 ٦	عـہ	(
عجح ٠٦ عجح 3 ٨	٦	١ ٨	صـ	5 عـہ	(
٣	٦ 7 ٨ 7		ے	عج	
	١٠	٦٠	٥	و ٧ ٤ ٦	
عجح ٨ ...	بین فلاں بن فلاں دائماً ابداً اقتد		فلاں بن فلاں البغض والعداوت	١ ٥ ...	...

دیگر بغض و عداوت

ذیل کے اسماء سیارگان کو جن میں سے ایک روحانی اور ایک جسمانی ہے۔ لکھ کر کسی یہودی نصرانی یا مجوسی کی قبر میں دفن کر دے۔ فوراً اثر ہوگا۔ اسمائے سیارگان ہر کام میں مجرب ہیں۔ جن کو لکھ دیتا ہوں۔

اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

اسمائے روحانی سیارگان

نام سیارہ	اسمائے روحانی
زحل	یدیھاسن طوسی حروش میوش ورنوش طاطیش زرنوش طاطیش زروش طاھنطروش
مشتری	زھاھوش زرماش ھبطش مطش ازرش ھبطیش فروش دھنداش
مریخ	وعذلوش ھاذلغیش عندوش، ہیمواش اوزوعرش ھیدیئیش مھیراش دھندعاش
شمس	بنولوش متدلاش وھنفاش دھنعاش الھیعاش مفتوش عاریش لھبیمیعادیش
زہرہ	اذھرش دھطادش اباش. سمھورش عنقاش انفاش
عطارد	توھوناش امیراش ھبطش شاھیلش درانیس ملبش دھلوش ملحودیش انیس
قمر	غذنوش ھازلیش مراونوش ھیلطاش طیمارش راتانیش میانوش زغانوش

اسمائے جسمانی سیارگان	نام سیارگان
اشراغات خیلانا لاش تا لاش تاھا نوراش کطوا طلباش در غاطابات درغاھویش کناھونوشا	زحل
طمتاشیل کیساضکاث دیدادا نیا شفوزتا ھالیش سبوم کتشا یاثو نورایا احزار ھطالھوما	مشتری
اوروثاری کصامات کشبفز طور باشیاثا ھلوبساقا قیقی کبوکرادفیا	مریخ
ھیھا کاموتو ثیایی ماثا بوراطیو طیوزقشا بنوردیو دچنا چنا کاما لاکی کی مشا بنورہ	شمس
اھواھیروطی ھیطیشاثا رھیطوطو سمیطوقامو طھاتی۔	زہرہ
دھناھی ما لا ما لا ثیا نبوداکیشیا طاھلاطافو طوش مھلیشا ماسا املبطی طو	عطارد
ھیا میرا طوکنکو ماادموھی ھابن ثشا ماتبنی قوستوھو مھطامشا شیرو کاما طاث نزانین فرماطوھاسا	قمر

ان دونوں قسم کے اسمائے مکرم کو حب و لبغض کے اعمال کے لئے استعمال کرے مجرب پائے گا۔ اگر سحر زدہ۔ وسواس اور سودا کے مریض کے لئے عمل کرتا ہو، تو

سنگ رخام یا شیشہ پر لکھ کر مریض کو دے۔ تاکہ وہ اس کو غور سے دیکھے۔ پھر دھو کر سات گھونٹ روزانہ پلائے۔ جو پانی بچے۔ اس کو سر پر مل دے۔ اور کسی قدر پانی دروازے پر ڈال دے۔ مگر بائیں طرف ڈالے۔ انشاءاللہ سات دن ایسا کرنے سے مریض تندرست ہوگا۔ اگر کسی پر جادو کر دیا گیا ہو۔ تو مشک و زعفران سے لکھ کر پلائے۔ تپ کے لئے بھی ایسا کرے۔

دو شخصوں میں صلح کرانے کے واسطے مشک و زعفران کی لکھ کر دھونی دے اور جب تک ان میں صلح نہ ہو جائے۔ اس طرح کرتا رہے۔ بادشاہ اور حاکموں کے دل نرم کرنے کے واسطے تانبے کی تختی پر لوہے کی قلم سے لکھ کر تختی کو گلے میں ڈالے۔ مگر چھپا رکھے۔ اور سامنے چلا جائے۔ انشاءاللہ مطیع و مسخر ہوں گے۔ اور عزت کریں گے۔ زبان بندی کے واسطے سونے یا قلعی یا تانبہ کی تختی پر مشک و زعفران سے لکھ کر تختی کو حقہ میں رکھ کر کچے موم کی مہر کر دے۔ اور حقہ پاس رکھے۔ جب تک پاس رہے گا۔ لوگ عزت کریں گے۔ اس کے حق میں کوئی شخص بدگوئی نہ کر سکے گا۔ اگر حب مطلوب ہو۔ تو مذبوح کی کھال کر لکھے۔ طالب و مطلوب کے نام بھی حسب دستور لکھ کر اس کو آگ میں دفن کر دے۔ بہت جلد اثر ہوگا۔ اب یہاں بیان ختم کرتا ہوں۔ اور ناظرین سے دعائے خیر کی طمع رکھتا ہوں۔

انشاءتعالے۔

ساتواں باب

کیمیا کے نسخے

جو کبھی تو تجربہ میں درست نکلے اور بعض وقت غلطی واقعہ ہونیکی وجہ سے غلط

یہ کتاب گنجینۂ اسرار اور آبدار موتیوں کا خزانہ ہے۔ جس میں بہت ہی قیمتی راز درج کئے گئے ہیں۔ بے مثل نسخے بغیر ہچکچاہٹ کے اب کیمیا کے نسخے بھی لکھتا ہوں تاکہ مومن بھائی ان سے بھی فائدہ اٹھا سکیں۔ چنانچہ نسخہ جات حسب ذیل ہیں۔

۱۔ یہ ایک مجرب نسخہ ہے۔ ایک امیر آدمی نے پانچ ہزار روپیہ خرچ کر کے یہ نسخہ حاصل کیا تھا۔ ایک دفعہ بندہ نے بھی اس کا تجزیہ کیا۔ مگر بدقسمتی سے کامیاب نہ ہوا۔ اس خیال سے کہ ممکن ہے۔ کسی اور کی قسمت سدھر جائے۔ نسخہ لکھتا ہوں۔

نسخہ:- ہڑتال طبقی دو تولہ۔ سیماب دو تولہ

پہلے عرق گوبھی میں جو گندم کے کھیت میں ہوتا ہے۔ جس کو طوطے کھاتے ہیں پھول زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ اور پتے خاردار ہوتے ہیں۔ عرق مانند گوگرد کے ہوتا ہے۔ دونوں چیزیں ایک پہر تک کھرل کرے۔ پھر اس میں ایک عدد شاہی پیسہ بند کر کے گلگلہ کی طرح کر دے۔ اور دو کوزوں میں جو اوپر نیچے رکھے گئے ہوں۔ ڈال کر گل حکمت کرے۔ اور ہانڈی میں رکھ کر بیس سیر اپلوں کی آگ دے۔ بعد ازاں ان کو کھرل کر دیکھے۔ اگر سب جل کر راکھ ہو گئے ہوں۔ تو بہتر ورنہ اسی طرح کر کے پھر مناسب آگ دیدے۔ زیادہ سے زیادہ تین دفعہ آگ دینے میں راکھ ہو جاوے گی۔ اگر ایسا نہ ہو

تو سمجھو کہ تدبیر میں کوئی فرق ہو گیا ہے۔ دوبارہ از سر نو نسخہ تیار کرے۔ اگر تقدیر میں ہے تو اکسیر ہو جاوے گی۔ اور تمام عمر دہی اکسیر کافی ہو گی۔ چھ ماشہ تانبہ پہ ایک رتی اکسیر ڈالنے سے تانبہ سونا اعلیٰ درجہ کا بن جائے گا۔

۲۔ اکسیر اعظم:۔ جس کو میں نے اپنے ہاتھ سے تیار کیا تین مرتبہ درست ثابت ہوا مگر پھر صحیح ثابت نہ ہوا۔ اگر کوئی شخص کامیاب نہ ہو۔ تو سمجھو کہ اس کی قسمت کا پھیر ہے۔ ایک تولہ ۱۶ تولہ سار گندھک۔ ایک لوہے کی کڑاہی ایک لوہے کا پیالہ جو کڑاہی کے اوپر بالکل ٹھیک آجائے۔ اور ذرہ بھی فرق نہ رہے۔ اگر کہیں فرق ہو تو ریتی سے رگڑ کہ درست کرے۔ پھر کڑاہی میں گندھک ڈال کر اوپر سے عرق اونٹ کٹارہ اس قدر ڈالے۔ کہ گندھک ڈھک جائے۔ اور لوہے کے پیالے کو سر پوش بنا کر ڈھک دیں۔ اور لوہار سے اس کے گرداگرد قلعی لگوادیں۔ تاکہ کسی طرف سے بھی ہوا نہ نکل سکے۔ نہ داخل ہو سکے۔ پھر نیچے ہلکی ہلکی آگ دے۔ اور خود باوضو رہے۔ نجس کا سایہ تک اوپر نہ پڑے۔ جب معلوم کرے۔ کہ عرق جل چکا ہو گا۔ تو اتار کر پیالے کو کڑاہی پر سے جدا کرے۔ اگر قسمت درست ہے۔ تو کڑاہی میں گندھک تیل ہو گیا ہو گا جس کا رنگ کبوتر کے خون کے مانند ہو گا۔ سنبھال کر رکھے۔ اور سولہ تانبے کے ٹکڑے پر ایک تولہ تیل ڈال دے گا۔ اور گرم کرے گا۔ تو سونا بن جائے گا۔

ایک دفعہ اکسیر تیار ہونے پر ہمت نہ چھوڑے۔ بلکہ دو چار بار کرے۔ اگر قسمت ہے تو بن جائے گا۔

۳۔ یہ نسخہ میں نے آزما کر دیکھا۔ جو درست نکلا۔ جنگلی چمگادڑ جو رات کو پھلدار درختوں پر آتا ہے۔ لے کر اس کے منہ میں ایک تولہ پارہ بھر کر منہ کو مضبوطی کے ساتھ سی دے۔ اور اس کی بیٹ کے سوراخ کو بند کر کے گل حکمت کرے۔ اور پانچ سیر جنگلی سرکنڈے کی آگ دے دے۔ صبح اس کو نکال کر دیکھے تو وہ اکسیر ہو گیا ہو گا۔ تانبہ پگھلا کر مناسب وزن میں اکسیر ڈال دے۔ سونا بن جائے گا میرا مجرب ہے۔

(۴) اگر دوستوں نے اس نسخہ کا تجربہ کیا۔ بعض سے درست آیا۔ بعض سے غلط مگر مسلمانوں کے لئے اس کا کرنا حرام ہے۔ اس لئے ہرگز نہ کرے۔ ترکیب یہ ہے

کر ایک تولہ پارہ اور چھ ماشہ چاندی دونوں کو کڑاہی میں ڈال کر سوا سیر پانی ڈالے۔ اور چولھے پر رکھ کر آگ روشن کرے۔ خود پاس بیٹھا رہے۔ اور ایک تولہ طوطیا پیس کر پاس رکھ لے اور گاہے گاہے تھوڑا تھوڑا کر کے کڑاہی میں چھڑکتا جائے اور چمچہ سے ہلاتا رہے۔ یہاں تک کہ پانی تھوڑا سا باقی رہ جائے۔ تب پانی کو صاف کرے۔ اور اس کی زردی کو دور کر دے۔ بعد ازاں ایک کوزہ میں برادہ جست دو تولہ اوپر ڈال دے۔ اور دوسرا کوزہ اوپر اندھا رکھ کر سر پوش بنائے۔ اور گل حکمت کر کے دو سیر یا سیر یا کم و بیش جنگلی سرکنڈے کی آگ دیدے۔ تاکہ جست راکھ بن جائے۔ جست جل کر راکھ ہو جائے گا۔ اور باقی اصل چیت کی گولی بن جائے گی۔ اور اس کو تپا کر دو تین مرتبہ دہی کے پانی میں بجھائے۔ اور پھر اسی طرح نوشادر اور شورے کے پانی میں سرد کرے۔ اکسیر تیار ہے۔ جو چیز چاہے بنا کر بازار میں فروخت کرے۔ مگر زیور وغیرہ سانچہ میں بنے گا۔ اور ایسا کرنا مطلق حرام ہے۔

(۵) یہ نسخہ اکسیر میر شیر علی صاحب کا آزمایا ہوا ہے۔ انہوں نے تین بار آزمایا اگر اس پر محنت کی جائے۔ تو حلف اٹھائی کہ ہرگز خطا نہیں کرتا۔ ایک تولہ گندھک آنولہ سار لے کر ایسے جنگل میں جائے۔ جہاں آک کے درخت بہت ہوں۔ ہر روز علی الصباح رکھ کر نماز ادا کرے۔ خدا سے دعا مانگ کر پیالی میں گندھک ڈال کر اس میں آک کے درختوں کا دودھ نکال کر ڈالے۔ یہاں تک کہ ساری گندھک دودھ میں ڈھک جائے۔ اور واپس آ جائے۔ اگلے دن پھر اسی طرح سے کرے۔ اور اسی طرح چالیس دنوں تک ان کے اوپر روز تازہ دودھ ڈالتا رہے۔ چالیس دن کے بعد کسی خلوت کے مکان میں بیٹھ کر آتشی شیشہ میں گندھک کے ٹکڑے ڈال دے۔ اور جھاڑو کی تیلی سے اس کو بند کر دے۔ جس قدر تیلیاں سما سکتی ہوں۔ داخل کر کے شیشہ کے گرداگرد تہ بہ تہ کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کرے۔ اور خشک ہو جانے پر بسم اللہ پڑھ کر ایک ہانڈی میں جس کے نیچے ذرا سا سوراخ ہو۔ اس کو رکھ دے۔ اس کے نیچے ایک چینی کا پیالہ رکھ دے۔ ہانڈی جنگلی سرکنڈوں سے بھر دے۔ پھر اس کو ایک سہ پائی پر رکھ کر آگ دیدے۔ خود وہیں

موجود رہے ۔ ہرگز اٹھ کر نہ جائے ۔ نہ اس پر کسی کا سایہ پڑے۔ پہلے اس میں سے زرد پانی ٹپکے گا ۔ اس کو پھینک دے ۔ پھر سرخ رنگ کا پانی نکلے گا ۔ اس کو حفاظت سے رکھ دے ۔ وہی اکسیر ہے ۔ ضرورت کے وقت تانبے کے پترے کو گرم کرکے وہ سرخ عرق ذرا سا مل دو خالص سونا بن جائے گا ۔ مجرب ہے ۔ اے عزیز ایسے قیمتی نسخہ جات کو کیمیا گر اپنے دل میں پوشیدہ رکھتے ہیں ۔ محض مسلمان بھائیوں کے فائدے کے لئے محض دعائے خیر کے لالچ میں سب کچھ بے دریغ لکھ دیا ہے ۔ اگر کوئی بھائی ان سے فائدہ اٹھائے تو خاکسار کو دعائے خیر اور فاتحہ سے یاد کرے ۔

(۶) جو کچھ میں نے معتبر آدمیوں سے حاصل کیا ، وہ سب کچھ لکھ دیتا ہوں ۔ تاکہ دوستوں کے کام آئے ۔ ایک سانپ سفید رنگ مکمل مار کر خشک کرے ۔ ضرورت کے وقت دو تولہ تانبہ پگھلا کر ایک سرخ یعنی رتی کے برابر وہی خشک سانپ اس پر ڈالدے فوراً اور یقیناً سونا بن جائے گا ۔ نسخہ بہت مفید اور عجیب و غریب ہے جس شخص نے اس کو تجربہ کرکے درست پایا ۔ اس نے مجھ سے بیان کیا ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں مگر سفید سانپ کا ملنا بہت مشکل ہے ۔

(۷) مسکہ سیماب :- دوستوں کا آزمودہ ہے ۔ بہت پاکیزہ اور صاف ہے طوطیا ایک ماشہ ۔ نوشادر ایک ماشہ ۔ شب یمانی ۔ ایک ماشہ ۔ نمک ایک ماشہ چاروں کو باریک پیس کر پاس رکھ لے ۔ اور ایک تولہ پارہ لے کر مٹی کے برتن میں ڈالدے ۔ اور اوپر سے پانی ڈال دے ۔ اور پارہ چھپ جائے ۔ اور تھوڑا تھوڑا مذکورہ بالا ہر چہار ادویہ کا سفوف چھڑک چھڑک کر ہلاتا جائے ۔ پارے کی گولی بن جائے گی ۔ اور کام آئے گی ۔

(۸) سنکھیا شگفتہ کرنا :- ایک تولہ سنکھیا دودھ میں ڈالدے ۔ دودھ (۲) دو تولہ ہو اور ایک پہر تک کھرل کرے بعد ازاں ٹکیہ بنا کر مٹی کی ٹھلیا میں جس میں آدھے حصے تک ریت بھری ہوئی ہو ۔ اور اس کے اوپر ڈھاک کی راکھ ہو ، راکھ کے اوپر دو ٹکیہ رکھ دے ۔ اوپر راکھ مذکور اور ڈال کر ٹھلیا کو ریت سے بھر دے ۔ اور پھر ٹھلیا کا منہ بند کر دے ۔ بعد ازاں دس سیر لکڑی لے کر ایک ایک کرکے جلائے ۔ لکڑی ختم ہونے پر ٹھلیا کو اتار کر اس

کا منہ کھولے۔ اور رات بھر سرد ہونے دے۔ صبح ونکال کر احتیاط سے رکھے۔
تانبہ پگھلا کر اس پہ ایک رتی ڈال دیں۔ تو خالص چاندی بن جائے گی۔ اگر قلعی پہ ڈالیں
تو خالص سونا بن جائے گا۔

(۹) چاندی پر سونے کا رنگ:۔ یہ نسخہ ایک تجربہ کار بزرگ کا آزمودہ ہے
ڈیڑھ تولہ شنگرف ایک آنولہ کے میں
نگدہ میں رکھ کر ایک تہ کی کپڑ وٹی کر کے جنگلی سرکنڈے کی آگ دے۔ خدا کے حکم سے
شگفتہ ہو جائے گی۔ چاندی پگھلا کر اس کے اوپر ذراسی ڈال دو۔ سونا ہو جائے گا۔ اور
پا پنچ دفعہ چیرخ دینے میں اس کا رنگ سرخ ہو جائے گا۔ وہ خاک بھی مفید ہے۔

۱۰ نسخہ اکسیر جو مجرب ہے۔ یہ ایک کامل استاد سے ملا تھا۔ ایک درخت جو
بال ہر یار کے نام سے منسوب ہے۔ پتے اس کے کاسنی کے
پتوں کے برابر یا تمباکو کے چھوٹے پتوں کے برابر ہوتے ہیں۔ اس کے پتے کے
نیچے سفید مخمل کی طرح بال سے ہوتے ہیں۔ ماہ بھادوں میں ترائی میں پیدا ہوتا ہے زمیندار
لوگ خشک کر کے کالی مرچ ملا کر تپ لرزہ کے دغیرہ کے واسطے استعمال کرتے
ہیں۔ چراگاہ میں گائے بیل اس کو کھاتے ہیں۔ اگر خوش قسمتی سے ہاتھ آجائے
تو بے انتہا مالدار ہو جائے۔ درخت مذکور کے پتوں کو باریک کر کے نغدہ تیار
کرے۔ اس میں ایک عدد شاہی پیسہ رکھ کر بند کر دے۔ اور ایک برتن میں ڈال
کر گل حکمت کرے۔ اور جنگلی سرکنڈے کی آگ دیدے۔ آگ پندرہ سیر سرکنڈے
کی دیدے۔ پیسہ جل کر خاک ہو جائے گا۔ وہی خاک اکسیر مطلق ہے۔ ضرورت
کے وقت تانبہ پگھلا کر جب چرخ آئے۔ تو تکی کے سر کے برابر وہی خاک ڈال دو
چاندی بن جائے گی۔

(۱۱) ایک فقیر سے یہ نسخہ اس ناچیز کو ملا۔ بہت تعریف سنی ہے۔ امید ہے۔ کہ صحیح ہو
گی۔ سیاہ دھتورہ کا ایک درخت جو تروتازہ ہو۔ اور سال بھر سے زیادہ عرصے کا
ہو۔ حاصل کرے۔ معہ جڑ اور پتوں پھل وغیرہ کے لائے۔ پھر ایک اور درخت بھٹکٹیا معہ
اس کے پھل اور پتوں کے مہیا کرے۔ پہلے ہر ایک کو جدا جدا ہاون دستہ میں کوٹے۔
بعد ازاں سل بٹہ پہ باریک کرے۔ اور سرمے کے مانند کرے۔ اور با ہم ملا دے اور

نگدہ تیار کر کے اس میں نہایت اعلےٰ قسم کا چار تولہ سنکھیا رکھ کر گولہ بنا کر سات دفعہ اس پر گل حکمت کرے۔ اور دھوپ میں خشک کرے۔ رات کو باغیچہ جا کر اس پر آگ دے دے۔ خود پاس ہی ٹھہرے۔ صبح اٹھ کر جب وہ گولہ بالکل سرد ہو گیا ہو۔ گولہ توڑ کر نگدہ نکالے۔ سنکھیا نکالے۔ سنکھیا اکسیر بن چکا ہو گا۔ پاؤ سیر قلعی پر پگھلا کر ڈالو۔ چاندی خالص بن جائے گی۔

(۱۲) ایک کامل سے یہ نسخہ دستیاب ہوا تھا۔ ہرگز خطا نہیں کرتا۔ جنگلی سویا جس کی پتیاں بالکل باغ کے سوئے جیسی ہوتی ہیں۔ مگر شاخیں سیاہی مائل اور پتیاں زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہیں۔ بہت سبز رنگ اور ذائقہ میں سخت کڑوی ہوتی ہیں۔ لائے۔ طریق مذکورہ بالا پر قلعی گرم کر کے اس کا عرق لائیں۔ چاندی بن جائے گی۔ مجرب ہے۔

(۱۳) اگر میسر ہو سکے تو یہ نسخہ نہایت اعلےٰ ہے۔ دو انڈے مرغ لے کر ان کو ایک طرف سوراخ کر کے خالی کرے۔ اور ایک میں جنگلی گوبھی کا عرق بھر کر دوسرا انڈا بطور خول کے اس کے اوپر چڑھا دے۔ پھر اس کے اوپر ماش کا آٹا لگا دے۔ اور پھر سات بار مٹی سے گل حکمت کرے۔ خشک ہو جانے پر جنگلی سرکنڈے کی تین پاؤ آگ دے۔ تاکہ خاکستر ہو جائے۔ خاک اکسیر ہو گی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

(۱۴) مجرب ہے۔ جو ایک بادیہ نشین بزرگ کامل سے ملا تھا۔ ہڑتال طبقی اور ابرک دونوں ایک مٹی کے برتن میں ڈالیں۔ اور کسی قدر شورے کا پانی قطرہ قطرہ کر کے ڈالیں پھر آگ دیں۔ اگر قسمت سے ہڑتال قائم رہی۔ تو اس کا رنگ سبز ہو جائے گا۔ اٹھا کر رکھ لے اکسیر ہے۔ قدرے مدد شاہی پیشہ پر مل کر آگ میں ڈال دیں۔ سدھ ہو جائے گا۔

۱۵۔ ایک مہوس عورت سے جو بڑی کامل تھی۔ یہ نسخہ ملا۔ پہلے تانبے کا ایک پیالہ بنوائے بعد ازاں اس شخص کے پاس جا کر جس نے سوریاں رکھے ہو۔ دو تولہ دودھ خنزیر کا مانگے۔ اگر وہ نہ دے۔ تو خود خنزیر کا بچہ خرید کر اس کو اس کی ماں کا دودھ پلا کر فوراً اس کا پیٹ چاک کر کے دودھ حاصل کرے۔ اور پیالی تانبے کی آگ پر گرم کر کے جب سرخ ہونے کے قریب ہو۔ دفعتہً ایک بارگی دودھ اور پارہ اس میں ڈال دے۔ تاکہ دونوں گھل کر یک جان ہو جائیں۔ امید کہ پارہ پگھل کر کھیل ہو جائے گا۔ اور آخر میں راکھ بن جائے گا۔ بس عمر بھر کے لئے وہ راکھ کافی ہے۔ ضرورت کے وقت تانبہ

پگھلا کر ذرہ بھر اس میں وہ راکھ ڈال دو۔ فوراً خالص سونا بن جائے گا۔

۱۶۔ اکسیر۔ گھونگچی سفید ایک تولہ آنولہ خشک ایک تولہ بڑی ہڑڑ ایک تولہ کسی قدر نیم کی پتی کا نگدہ بنائے۔ اور اس میں تھوڑا سا گھر بنا کر گھونگچی کو باریک پیسکر بچھاوے۔ اور دھوپ میں رکھ دے۔ ذرا خشک ہونے پر پارہ ایک چمچے میں ڈال کر نرم آگ پر رکھے۔ اور ذرا ذرا نیم کا عرق اس پر ڈالتا جائے۔ دو تولہ عرق جلائے کے بعد اس پارے کو نگدہ کے گھر میں جہاں گھونگچی باریک پیس کر بچھائی گئی تھی ڈال دے۔ اور اوپر کسی قدر نگدہ ڈال دے۔ پھر باقی تینوں چیزیں اوپر ڈال کر بند کر کے اوپر ٹاٹ لپیٹ کر گڑھے میں جو ایک ہاتھ کے قریب گہرا ہو۔ ایک سیر جنگلی سرکنڈے کی آگ دے۔ تمام رات اسی طرح رہنے دے۔ صبح نکال لے۔ وہ پارہ یا تو اکسیر ہوگا۔ یا چاندی ::

۱۷۔ اکسیر۔ یہ نسخہ مشہور عالم ہے۔ اگر تیار کرے۔ تو ممکن ہے، درست کرے۔ دو عدد بڑی رہو مچھلیاں لائے۔ اور کسی قدر خنزیر کا گوشت جو مچھلیوں کے وزن کے برابر ہو۔ سب کے ٹکڑے کر کے ایک ٹھلیا میں ڈال دے اور پڑا رہنے دے۔ یہاں تک کہ اس میں کیڑے پڑ جائیں۔ اس بات کا خیال رکھے کہ کوئی کیڑا باہر نہ جانے پائے۔ وہ کیڑے ایک دوسرے کو کھانے لگیں گے۔ یہاں تک کہ آخر دو تین کیڑے رہ جائیں گے۔ تب ان کیڑوں کو لے کر کسی شیشے میں ڈال دے۔ اور اس کا منہ آٹے سے بند کر دے۔ اور کھچڑی یا پلاؤ میں اس شیشی کو دم کر دے۔ جب باہر نکالے گا۔ تو کیڑوں کا روغن زر بن گیا ہوگا۔ وہ روغن سنبھال کر رکھے۔ ضرورت کے وقت تانبہ پگھلا کر اس پر روغن ذرا سا مل دیں۔ سونا بن جائے گا۔

اگر سونا نہ بنے۔ تو کسی قدر پارہ ملا کر پھر نگدہ بنائے۔ اور جنگلی سرکنڈے کی آگ دے دے۔ پارہ راکھ ہو کر اکسیر بن جائے گا۔ اگر یہ بھی نہ ہو۔ تو وہ روغن نامرد آدمی کے لئے اکسیر ہوگا۔

(۱۸) معلوم ہوا ہے۔ کہ اکسیر کا یہ نسخہ مجرب ہے۔ شنگرف گندھک ہڑتال سنکھیا منسل سب چیزیں بوزن برابر لے کر رکھ لیں پہلے سنکھیا کوٹ کر کڑچھے میں ڈالے پھر ہڑتال منسل گندھک اور شنگرف تہ بہ تہ رکھدے۔ اور اس کے کل وزن کے مطابق

روغن سیاہ یعنی تیل ڈال دے۔ اور گھوڑے کی لید کی آگ دے۔ اور ایک ماشہ طوطیا ڈال دے۔ جب جوش ختم ہو جائے۔ تو چیزیں جل جانے کے بعد سوٹی سے لگا کر دیکھے۔ رنگ سرخ ہوا ہے۔ یا نہیں۔ جب خون کی مانند سرخ ہو جائے۔ تو شیشی میں ڈال کر رکھ لے۔ اگر نہ ہو۔ تو پھر دوبارہ یا سہ بار تیار کرے۔ اگر پھر بھی نہ ہو۔ تو قسمت کا پھیر سمجھیں۔ لیکن تاہم اگر طوطیا کو نہ ملایا جائے۔ تو تیل مجلوق کے واسطے اکسیر ہوگا۔ صرف تین دن کے عرصے میں مجلوق تندرست ہوگا۔ مل کر پان کا پتہ باندھیں۔

۱۹۔ اکسیر :- یہ نسخہ بھی بنا ہوا ہے۔ مگر ہے بڑا مجرب۔ ایک بڑی اور پرانی لکڑی تلاش کر کے ایک ڈبیہ میں رکھ دے۔ مگر اس ڈبیہ میں کسی قدر پارہ بھی ڈال دے اور ڈھکنا بند کر کے رکھے۔ تین یا پانچ دن کے عرصے میں لکڑی وہ پارہ کھا جائے گی پھر اس کو گھڑیا میں رکھ کر نگدہ بنائیں۔ اور گل حکمت کر کے ایک پاؤ جنگلی سرکنڈے کی آگ دیں۔ اکسیر قائم الوزن نکلے گی۔ کسی قدر تانبے کو چرخ دے کر ڈال دو۔ سونا بن جائے گا۔

(۲۰)۔ سورج مکھی کے چند پودے لائے۔ اور ان کا آدھ پاؤ عرق نکالے۔ پھر اس میں ایک تولہ شنگرف کی ایک ہی ڈلی ڈال دے۔ تین روز تک پڑی رہے۔ تین دن کے بعد نکال کر تین عدد بادنجان میں سوراخ کر کے دفن کرے۔ اور تین جنگلی سرکنڈے کی طرح آگ میں بھرتہ کی طرح پکائے۔ اس طرح تین مرتبہ کرے۔ بعد ازاں دیکھے کہ شنگرف کی ڈلی خستہ ہو گئی ہے یا نہیں۔ اگر ہو گئی ہو۔ تو اس کا رنگ قلعی جیسا ہو گیا ہوگا۔ اور ابرق کی طرح انگلیوں میں لگ کر چمکے گی۔ پھر اس کو ابرق کے اوپر رکھ کر آگ پر رکھ دے۔ اور اوپر سے عرق نفناع ٹپکا تا جائے۔ اور تقریباً دو تولہ عرق خشک کرے۔ پھر ایک تولہ چاندی کو پگھلا کر اس میں ایک رتی وہ شنگرف ملا دے۔ سونا بن جائے گا۔ اگر رنگ اچھا نہ ہو تو کسیس۔ سون مکھی اور منسل کو مچھلی کے پتہ میں کھرل کر کے اس ٹکڑے پر مل دے۔ اور تاؤ دے کر ٹھنڈا کرے۔ تین دفعہ کرنے سے خالص سونا اور ویسا ہی رنگ ہوگا۔

(۲۱) اکسیر :- مجرب ہے۔ ہڑتال طبقی چھ ماشہ۔ چھوچھیا گندھک ۶ ماشہ۔ نمک

سرخ چھ ماشہ پارہ ایک تولہ۔ طوطیا دو تولہ۔ ان سب کو بھنگرہ کے پانی میں ایک پہر کھرل کرو۔ پھر دوات کی شکل کے ایک برتن میں ڈال کر منہ کو ڈھکنے سے ڈھک دیں۔ تاکہ کھل نہ سکے۔ پھر گل حکمت کر کے خشک کریں۔ اور پانچ سیر جنگلی سرکنڈے کی آگ دیں۔ صبح کو کھولیں۔ خدا کے حکم سے پارہ دہ بہ زنگ کی طرح خاک میں ملے گی۔ وہی اکسیر ہے۔ تانبہ پگھلا کر ذراسی راکھ ڈال دیں۔ سونا بن جائے گا۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّواب

مومن بھائیوں کے فائدے کے لئے اکسیر کے نسخے قلم بند کر دیئے ہیں۔ تاکہ وہ میری بخشش کے لئے دعا کریں۔ اور فاتحہ کا ثواب میری روح کو بخشیں۔

خَاتِمَۃُ الْکِتَاب

جو چند فالناموں پر مشتمل ہے

بندہ گنہگار جس کا نام سید محمد حسین ہے۔ اور کتاب ہذا سید غلام حسین مرحوم رہال کا فرزند ہے۔ عامل اور کامل حضرات کی خدمت میں ملتمس ہے۔ کہ یہ گنجینۂ عملیات والد مرحوم ومغفور کی تصنیف و تالیف ہے۔ چونکہ موتیوں کا یہ خزانہ آج تک ناواقفیت کے گوشہ میں چھپا ہوا تھا۔ اور مختلف اوراق کی صورت میں ادھر ادھر بکھرا ہوا پڑا تھا۔ بندہ نے ہر ورق اور نقش کو اکٹھا کیا۔ اور بہ فضل خالق ماہ ومشتری خود ہی اس کی ترتیب و تصیح کر کے اس نسخہ بے نظیر کو مکمل کیا۔ جس قدر کہ عاملان کامل کے لئے ضروری اور واجب تھا صرف فال دیکھنے کا طریقہ اس کتاب میں نظر نہ آیا۔ اس لئے ضروری خیال کیا۔ کہ اکثر لوگ فال کا شوق رکھتے ہیں۔ اور ہر شخص کو اس ضرورت پیش آتی ہے۔ کہ وہ فال معلوم کریں اس خیال سے کہ ناظرین کو فالنامہ نہ ہونے کے باعث پریشانی لاحق نہ ہو چند فالنامے بھی شامل کر دیئے ہیں۔ تاکہ عمل و علم کی کوئی باریکی اور نکتہ اس کتاب سے باہر نہ رہ جائے۔ فقط

نادر فالنامہ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کا۔

یہ فالنامہ اقدس تاب جناب شیخ عبدالقادر صاحب جیلانی رحمۃ اللہ سے ہے جو بہت ہی مجرب اور صحیح ہے۔ جب کوئی مشکل معاملہ کسی کو پیش آئے۔ اور اس کا انجام نہ سمجھ سکتا ہو۔ تو لازم ہے۔ کہ اول پاک وصاف ہو کر خلوص دل سے حضرت غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی روح پر فتوح کا ثواب بخشے اور اپنے کام کی نیت کرکے کسی نابالغ بچے کو کہے۔ کہ وہ ذیل کی جدول سے کسی خانہ پر ان کی شہادت رکھ کر اگر وہ راز بچے پر ظاہر کرنے کے قابل نہ ہو۔ تو خود ہی نیک نیتی کے ساتھ آنکھ بند کرکے مطلب کا دل میں خیال رکھ کر انگلی رکھے۔ جس خانہ میں انگلی پڑے۔ اس کا نمبر دیکھ کر اس نمبر کے مقابلہ میں جو کچھ لکھا ہے۔ پڑھ لے۔ انشاء اللہ اس کو اپنے سوال کا خاطر خواہ جواب ملے گا۔ جدول حسب ذیل ہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲
۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸
۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶
۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴
۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	۰	-

۱۔ کچھ صبر کر۔ خدا کے حکم سے دل کی مراد پوری ہوگی۔ ابتداء میں بہت فکر و تردد ہوگا۔ خدا کا بھروسہ رکھ۔

۲۔ فال نیک ہے۔ دل کی مراد حسب منشا پوری ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۳۔ اس کام سے جس کا تو ارادہ رکھتا ہے۔ باز آجا۔ ورنہ شرمندگی اٹھائے گا۔

۴۔ تیرے دل کی مراد حسبِ منشا بطفیل غوث پاک رضؓ پوری ہوگی۔ ہر طرح سے دل مضبوط رکھ۔

۵۔ مقصد تیری مرضی کے مطابق پورا ہوگا۔ خدا کا فضل شامل حال ہے۔ انشاء اللہ

۶۔ کام میں خلل واقع ہوگا چند دن صبر کر انجام انشاء اللہ اچھا ہوگا۔

۷۔ تمہاری دلی آرزو پوری ہوگی۔ مگر چند روز صبر کر۔ بیتابی کی ضرورت نہیں۔ انجام نیک ہے۔

۸۔ تمہاری نیت اچھی اور نیک ثابت ہوگی۔ فکر مت کرو۔ انشاء اللہ تعالٰے۔

۹۔ ہرگز اندیشہ نہ کر۔ دلی مراد حاصل ہوگی۔ انشاء اللہ تعالٰے

۱۰۔ تمہارا دلی مقصد جس کے متعلق تو پوچھتا ہے۔ خدا کے فضل سے پورا ہوگا۔

۱۱۔ کام اچھا ہے۔ تسلی رکھ۔ پورا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالٰے۔

۱۲۔ تمہاری مراد چند دنوں میں پوری ہوگی۔ کچھ صبر درکار ہے۔ انجام اچھا ہے۔

۱۳۔ تمہارے دل کا ارادہ اچھا نہیں ہے۔ اس سے باز رہو۔ ورنہ شرمندگی کا سامنا ہوگا۔

۱۴۔ مبارک اور عمدہ فال ہے۔ خدا کے فضل سے تمہارا کام پورا ہوگا۔

۱۵۔ تمہارے دل کا کام حسبِ مرضی پورا ہوگا۔ دشمن تباہ ہوگا۔ مگر صبر اختیار کرو

۱۶۔ تھوڑی سی محنت کرنے پر تمہارا کام خداوند کریم بہت اچھا کر دے گا۔

۱۷۔ تیرا مطلب جو کہ تو رکھتا ہے۔ خدا تعالٰے پورا کرے گا۔

۱۸۔ یہ کام ہرگز نہ ہوگا۔ اس سے پوری پرہیز کر۔

۱۹۔ یہ کام ہرگز نہ ہوگا۔ اور نہ ہی اس کا کرنا اچھا ہے۔ صبر ہر حال میں بہتر ہے۔

۲۰۔ اس کام سے پرہیز کر۔ چند دن تک اپنی کوشش کو چھوڑ دے۔

۲۱۔ بہر حال یہ کام ہو کر رہے گا۔ تسلی رکھو۔

۲۲۔ کسی کام کا اندیشہ نہ کر۔ وہ روزی اور رزق درگاہ الٰہی سے پائے گا۔ اچھا نصیب ہے۔

۲۳۔ کسی قسم کا اندیشہ دل میں نہ کر۔ جو کچھ طلب کرے گا پائے گا۔

۲۴۔ جو چیز کسی سے مانگے گا۔ خدا کے حکم سے تجھ کو ملے گی۔

۲۵۔ اس کام کو ہرگز نہ کرو۔ دل میں خیال تک بھی نہ لاؤ۔ ورنہ شرمندگی حاصل ہوگی
۲۶۔ کوشش کرو۔ اللہ تعالےٰ اپنے فضل وکرم سے تیرا کام اچھے طریق پر کرے گا۔
۲۷۔ تمہاری مراد کبھی پوری نہ ہوگی۔ محنت رائیگاں جائے گی۔
۲۸۔ تمہاری نیت حسب دلخواہ پوری ہوگی۔
۲۹۔ کچھ عرصہ صبر کر۔ تمہارا مقصود خاطرخواہ سرانجام ہوگا۔
۳۰۔ اگرچہ فال نیک ہے۔ مگر تمہارا خیال ٹھیک نہیں۔ صبر کرو۔
۳۱۔ دشمن اپنی گھات میں ہے۔ تمہاری راہ میں رکاوٹ ڈالے گا۔ اور کام ہرگز نہ ہوگا۔ اس ارادہ کو ترک کر۔
۳۲۔ جس قدر جی چاہے۔ جدوجہد سے کام لو۔ ہرگز کام پورا نہ ہوگا۔ پرہیز کر۔
۳۳۔ خدا پر بھروسہ کر۔ تیرا کام پورا کرے گا۔ انشاءاللہ تعالےٰ۔
۳۴۔ فال نیک ہے۔ خاطرخواہ تمہارا کام پورا ہوگا۔ انشاءاللہ تعالےٰ
۳۵۔ اس کام سے پرہیز کر۔ تندرستی اور راستی دونوں نہیں ہیں۔
۳۶۔ فال نیک ہے۔ خاطرخواہ تمہارا کام پورا ہوگا۔ انشاءاللہ تعالےٰ
۳۷۔ تمہارا کام چند آدمیوں سے تعلق رکھتا ہے۔ انشاءاللہ ہو جائے گا۔
۳۸۔ اپنے اعتقاد کو درست کر۔ اگرچہ فال نیک ہے۔
۳۹۔ خداوند تعالےٰ پر بھروسہ رکھ اور صبر سے کام لے۔
۴۰۔ تمہارا کام خاطرخواہ پورا ہوگا۔ کام پورا ہونے پر حضرت غوث پاکؒ کی روح کو فاتحہ کا ثواب بھیج۔
۴۱۔ دو تین دن صبر کر۔ تمہارا کام اچھا ہے۔ پورا ہوگا۔
۴۲۔ کام تو پورا ہو جائے گا۔ مگر آئندہ کبھی وسواس سے کام نہ لینا۔
۴۳۔ تمہارا مطلب یہ ہے۔ کارساز کام کرے گا۔ ہمت نہ چھوڑ۔ جدوجہد کیئے جا۔
۴۴۔ کام ہرگز نہ ہوگا۔ اس کام سے باز آ جائے تو اچھا ہے۔
۴۵۔ اپنے ارادے سے پرہیز کر۔ ورنہ شرمندگی اور ذلت کے واسطے تیار ہوجا۔
۴۶۔ تمہارے دل کی مراد انشاءاللہ پوری ہوگی۔
۴۷۔ خاطرجمع اور تسلی رکھ کام ہو جائے گا۔

۴۸۔ کچھ خرچ کرنے سے تمہارا کام بنے گا۔ یونہی نہیں۔

۴۹۔ تمہارے دل کی مراد پوری ہوگی۔ تسلی رکھ۔

۵۰۔ خداوند کریم کے فضل سے تمہارا کام پورا ہو جائے گا۔

۵۱۔ چند دن صبر سے کام لے۔ تمہارا کام التوا میں ہے۔

۵۲۔ تمہارا ارادہ ہرگز پورا نہیں ہو سکتا۔ اگر ہو بھی جائے۔ تو کوئی فائدہ نہیں ترک کرنا بہتر ہے۔

۵۳۔ کچھ دن صبر کر۔ فال بہت اچھا ہے۔ پریشانی کی کوئی ضرورت نہیں۔

۵۴۔ خدا تعالےٰ کارساز ہے۔ ارادہ تمہارا اچھا ہے۔ کام بن جائے گا۔

۵۵۔ فال منع کرتا ہے۔ کام ہرگز نہ ہوگا۔

۵۶۔ یہ کام ہونے والا نہیں۔ کوشش فضول جائے گی۔

۵۷۔ محنت و مشقت کی اسقدر ضرورت نہیں۔ کام بن جائے گا۔

۵۸۔ چند دن صبر کرنے سے کام حسب دلخواہ ہوگا۔

۵۹۔ فال نیک ہے۔ مقصد پورا ہوگا۔ اطمینان رکھ۔

۶۰۔ اپنے ارادے سے باز آجا کام ہرگز نہ ہوگا۔ ورنہ پریشانی اٹھائے گا۔

۶۱۔ اگرچہ تمہاری مراد ہوگی۔ مگر بموجب ہدایت فال کچھ دن صبر سے کام لے۔

۶۲۔ کام اچھا ہے۔ اس کے سرانجام ہونے میں کچھ وقفہ بھی ہے۔ خاطر خواہ تسلی ہوگی۔

۶۳۔ فال مبارک۔ کام نیک اور اچھا ہے۔ پورا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

۶۴۔ کام اچھا نہیں ہے۔ ہرگز مت کرو۔ کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

۶۵۔ تمہاری مراد پوری ہوگی۔ فال اچھا ہے۔

۶۶۔ تمہارا مقصد پورا ہوگا۔ یقین رکھ۔

۶۷۔ کام تو بن جائے گا۔ مگر ذرا صبر سے کام لینا پڑے گا۔ انجام اچھا ہے۔

۶۸۔ انجام اچھا ہے جو کچھ تو چاہتا ہے۔ حاصل ہوگا۔ فال مبارک ہے۔

۶۹۔ کسی قسم کا دل میں وسواس ہرگز نہ کر۔ مقصد پورا ہوگا۔ انشاءاللہ تعالےٰ

۷۰۔ اگرچہ تمہارا کام ہو جائے گا۔ لیکن اگر اس کام کو تو نہ کرے۔ تو تیرے حق

میں اچھا ہے۔ خداوند کریم اس کام کے نہ کرنے پر خوش ہے۔ اس کا ترک کردینا بہتر ہے۔

دوسرا فالنامہ رمل، خاکسار کا مستخرجہ اور معتبر و صحیح ہے

اول وضو کرو۔ اور قبلہ رو بیٹھ کر سورہ الحمد شریف کو صدق دل سے پڑھو اور جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدح پر فتوح کی فاتحہ دو اور ذیل کی آیت شریف پڑھ کر اپنی مراد کا دل میں خیال کرتے ہوئے۔ آنکھ کو بند کر کے ذیل کے دائرہ میں انگشت شہادت رکھو۔ آیت شریف یہ ہے۔

سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم

جس خانہ میں تمہاری انگلی پڑے۔ اس شکل کو احکامات کی تفصیل میں تلاش کر کے اس کے بالمقابل جو کچھ لکھا ہے۔ پڑھو۔ وہی تمہارے سوال کا جواب ہے۔

دائرہ رمل برائے انگشت

نمبر	شکل	نمبر	شکل	نمبر	شکل	نمبر	شکل
۱۔		۲۔		۳۔		۴	
۵۔		۶۔		۷		۸	
۹۔		۱۰		۱۱		۱۲	
۱۳۔		۱۴		۱۵		۱۶	

تفصیل احکامات

نمبر و شکل		احکام
۱		تمہارا فال نیک ہے۔ اگر ارادہ سفر ہے۔ تو مشرق کی طرف جاؤ۔ بہتری ہوگی۔ اگر کسی اور کام کا ارادہ ہے۔ تو بیشک کر

نمبر و شکل	احکام
۱۔	انجام اچھا ہوگا۔ اگر بیمار کے واسطے پوچھتا ہے۔ تو اس کو صفراوی تپ ہے۔ تندرست ہو جائے گا۔ اگر مال کی نسبت سوال ہے۔ تو مشکل سے ملے گا۔ اور جلدی خرچ ہو جائے گا۔
۲۔	فال اچھا ہے۔ اگر سفر کے متعلق سوال ہے۔ تو سفر پیش نہ آئے گا۔ مریض کے متعلق سوال ہے۔ تو اس کے پیٹ میں گرانی بوجہ فساد غذا سے ہے دیر کے بعد تندرست ہوگا۔ اگر مال سے متعلق پوچھتا ہے تو بہت جلد کسی جگہ تم کو مال ملے گا۔ اور فائدہ ہوگا۔ دیر میں مال ختم ہوگا۔ بہت سا رزق ملے گا۔ اگر کسی غائب کے متعلق سوال ہے۔ تو وہ سلامت ہے اور جلد واپس آ جائے گا۔
۳۔	اگر ارادہ سفر کا ہے۔ تو ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا پڑے گا۔ پریشانی ہوگی۔ مال کی بابت سوال ہے۔ تو مال ہرگز نہ ملے گا۔ عزیز واقارب کے متعلق اگر سوال ہے۔ تو وہ خیریت سے ہیں۔ مریض کی بابت اگر پوچھتا ہے۔ تو اس کو بخار آتا ہے۔ اور اسہال کی بیماری ہے تکلیف اٹھاکر تندرست ہوگا۔ فال اچھا نہیں ہے۔ پریشانی میں مبتلا رہے گا۔ اگر بڑے خواب نظر آتے ہیں۔ ناپاکی کی حالت میں عمر بسر ہوتی ہے۔ اور تو نحس رہتا ہے۔
۴۔	فال متناسب ہے۔ نہ اچھی نہ بری۔ ارادہ سفر کا ہے۔ تو دیر بعد پورا ہوگا۔ دوست کی ملاقات کی آرزو ہے۔ تو پوری ہوگی۔ کسی کی خیریت کا پتہ پوچھتا ہے۔ تو جلدی خیریت کا خط آئے گا۔ والدین اور رجا مداو کے متعلق خیریت ہے۔ فال ظاہر کرتی ہے۔ کہ تم طبیب ہو یا منجم یا شاعر اگر مریض کی بابت سوال ہے۔ تو اس تو آسیب کا عارضہ ہے۔ کسی نے اس پر جادو کر دیا ہے۔ اس کی تدبیر کرو۔ مریض کو

نمبر و شکل	احکام
	پیٹ کی بیماری ہے ۔
۵	فال اچھا ہے ۔ معشوق سے وصال ہوگا ۔ اگر سفر کرے گا ۔ تو بہتر ثابت ہوگا ۔ شمال یا مغرب کی طرف جاؤ ۔ اگر کسی طرف سے تحفہ کی امید ہے تو جلدی ملے گا ۔ عورت کے متعلق سوال ہے ۔ تو جان کہ حاملہ ہے تجھ کو شادی کا شوق ہے ۔ اچھے خواب نظر آتے ہیں ۔ کسی کے عشق میں بیقرار رہتا ہے ۔ اگر مریض کے متعلق سوال ہے ۔ تو جان کہ اس کو خفقان ہے ۔ امراض بادی کی شکایت ہے ۔ تندرست ہوگا ۔
۶ ۔	فال ہے جو کام کرے گا ۔ الٹا پڑے گا ۔ سفر کا ارادہ ہے تو سفر پیش ہوگا ۔ مگر سرگردانی رہے گی ۔ اگر مریض کے متعلق سوال ہے تو سمجھ لے پیٹ کی بیماری میں مبتلا ہے ۔ اور کسی نے اس پہ جادو بھی کیا ہے اگر حاملہ کی بابت پوچھتا ہے ۔ تو معلوم ہو ۔ کہ اس کا خون حیض لبستہ ہے ۔ یا پیٹ میں سختی ہے ۔ اگر غلام و لونڈی کا سوال ہے ۔ تو وہ اچھے ہیں ۔ غلام بداصل اور سیاہ فام ہے ۔ چیچک کے داغ اس کے چہرے پر ہیں ۔ اگر مریض کے بچے کے متعلق پوچھتا ہے ۔ تو واضح ہو ۔ کہ اس کے چیچک نکل آتی ہے ۔ راز کے متعلق پوچھے تو جان کہ ظاہر ہو جائے گا ۔ اکثر تو خواب دیکھتا ہے ۔ اور ڈرتا ہے ۔ تو تیرا دل غمگین ہوتا ہے ۔
۷ ۔	فال بری ہے ۔ سفر کا ارادہ مشکل سے پورا ہوگا ۔ اور کوئی فائدہ بھی نہ ہوگا ۔ قرض خواہ کا تقاضا بدستور رہے گا ۔ تمہارا دوست غائب ہو گیا ہے ۔ تمہارے مال کا چور سیاہ رنگ کا ہے ۔ اور عورت ہے ۔ مریض تندرست نہیں ہو سکتا ۔ اگر تندرست ہو بھی گیا ۔ تو سخت بیماری جھیل کر تندرست ہوگا ۔ علاوہ ازیں کسی نے جادو بھی کیا ہوا ہے ۔ اگر بیوی کے متعلق

سوال ہے۔ تو وہ بہت بری ہے۔ اور شریک حال دوست بھی دغاباز ہے۔ اگر شادی کا سوال ہے۔ تو شادی ہو جائے گی۔ اگر روزگار کا سوال ہے۔ تو ملے گا۔ سیاہ رنگ کی چیزوں کا صدقہ دے۔

۸ — فال برا ہے۔ سفر کا ارادہ پورا ہو گا۔ تو اکثر غم و غصہ کھاتا ہے۔ دل میں ڈر اور خوف ہے۔ بیوی کے مال سے تجھے کچھ ملیگا۔ وراثت کا مال بھی ہاتھ آئے گا۔ مریض کی بابت سوال ہے۔ تو اس کو اسہال کی بیماری ہے پیٹ سے خون گرتا ہے۔ یا اس میں پھوڑا ہے۔ اس کی موت کا اندیشہ ہے۔ کسی عضو میں درد ہے۔ برے خواب نظر آتے ہیں۔ خواب میں ڈر معلوم ہوتا ہے۔ سرخ رنگ کی چیزوں کا صدقہ دو۔ اور چیلوں کو گوشت کھلاؤ۔ سختی کے ۲۸ دن اور ہیں۔

۹ — فال اچھی ہے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے۔ تو سفر درپیش ہوگا۔ شمال کی طرف جانا بہتر ہے۔ ہر طرح کی بہتری و سلامتی شامل حال ہے۔ اگر علم حاصل کرنا ہے۔ تو علم حاصل ہو گا۔ اگر شادی کا سوال ہے۔ تو جلدی شادی ہو گی۔ اگر مال کا سوال ہے۔ تو مال مشکل سے ملے گا اور جلدی خرچ ہو جائے گا۔ اگر مریض کا سوال ہے۔ تو بیمار کی حالت نازک ہے۔ اس کو بلغمی مرض ہے۔ اگر حاملہ کا سوال ہے۔ تو اس کا خون حیض بندھا ہوا ہے۔ اور حاملہ نہیں ہے۔ مریض کے واسطے سفید چیزوں کا صدقہ کرنا ضروری ہے۔ مثلاً سفید کپڑا چاول کھیر وغیرہ دس دن سختی کے اور ہیں۔

۱۰ — فال نیک ہے۔ سفر کا ارادہ ہے۔ تو مشرق کی طرف جانا فائدہ مند ہوگا اگر بادشاہ یا حاکم کے پاس جانا ہے۔ تو جا۔ تمام کام اچھے ہوں گے والدین کا حال اچھا ہے۔ مریض تپ صفراوی میں مبتلا ہے۔ تندرست

		ہو جائے گا۔ اگر ورد وظائف کا خیال ہے۔ تو عمل کر۔ فائدہ حاصل ہو گا۔ اگر روزگار چاہتا ہے۔ تو جلدی ملے گا۔
۱۱۔	ببب	فال اچھی ہے۔ سفر نہیں ہو گا۔ دوست سے ملاقات کی تمنا بر آئے گی حاملہ کو حمل تو ہے۔ مگر لڑکا نہیں ہو گا۔ مریض امراض بلغمی اور ریاحی کا شکار ہے۔ پیٹ میں درد بھی ہے۔ دیر سے تندرست ہو گا۔ تمہارے دل میں چند امیدیں معلوم ہوتی ہیں۔ خدا پوری کرے گا۔ اگر مال اگر مال جمع کرنے کی خواہش ہے۔ تو مال جمع ہو گا۔ امید پوری ہو گی۔
۱۲	ث	نہایت بُری فال ہے۔ بے اختیارانہ مشرق کا سفر ہو گا۔ مگر کوئی فائدہ نہ ہو گا۔ کسی قیدی کی رہائی کا سوال ہے۔ تو رہا نہیں ہو سکتا۔ دشمن تاک میں ہے۔ دوستوں سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ اگر ہو گیا تو عارضی صحت ہو گی۔ پھر بیمار ہو جائے گا۔ منگل اور سنیچر کو کالی چیزوں کا صدقہ دے۔ کسی عورت سے جماع کا اتفاق ہو گا۔ تجھ کو بُرے بُرے خواب نظر آتے ہیں۔ ہر وقت ناپاک حالت میں رہتا ہے مفلسی کی شکایت ہے۔ اکیس دن بہت سخت ہیں۔ صدقہ دے۔
۱۳۔	[illegible]	فال بُری ہے۔ سفر کا ارادہ ہے۔ تو سفر درپیش آئے گا۔ مگر فائدہ مند نہ ہو گا۔ مریض کو اسہال کا عارضہ ہے۔ اور پھوڑا بھی ہے۔ جراح اس میں نشتر لگائے گا۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ تیرا دل مضطرب ہے۔ معشوق سے محبت بہت ہے۔ کسی کام میں محنت سخت کر رہا ہے۔ حالانکہ تیری ضعیفی کی عمر ہے۔ بلغمی اور فساد خون کے امراض میں تو مبتلا ہے۔ پندرہ دن تجھ پر سخت ہیں۔ سرخ رنگ کی چیزیں صدقہ کر مال جمع کرنے کا ارادہ ہے۔ تو مال جمع ہو گا۔ تمہارے مزاج میں غصہ بہت ہے۔ فوراً لڑنے مرنے پر تیار ہو جاتے ہو۔

نمبر	شکل	فال
		فوجی ملازمت کی کوشش کر مل جائے گی۔
۱۴	⁝	فال بہت نیک ہے۔ سفر ہرگز نہ پیش آئے گا۔ مریض کو پیٹ کی بیماری ہے۔ دیر میں تندرست ہوگا۔ حاملہ کو حمل ہوگا۔ مگر غالباً لڑکی پیدا ہوگی۔ معشوق کا وصال میسر ہوگا۔ مال بھی ملے گا۔ جمع بھی ہوگا۔ کسی خبر کے لئے بیقراری ہے۔ تو خبر بھی جلد ملے گی تمام آرزوئیں پوری ہوں گی۔
۱۵	⁝	فال تو اچھی ہے۔ سفر کا ارادہ ہے تو سفر پیش آئے گا۔ اور فائدہ بھی ہوگا۔ اگر محبوب کا سوال ہے۔ تو اس کا وصل میسر ہوگا۔ کسی کے خط کا انتظار ہے۔ تو جلد آئے گا۔ علم حاصل کرنے کا ارادہ ہے تو علم حاصل ہوگا۔ مریض کو آسیب ہے۔ یا کسی نے جادو کر دیا ہے۔ تو بہت مصیبت اٹھا کر تندرست ہوگا۔ بدھ کے دن مچھلیوں کو دریا میں چھوڑ کر صدقہ کر۔ اور سات قسم کے اناج محتاجوں میں تقسیم کر۔ روزگار کا سوال ہے۔ تو تیری درخواست منظور ہوگی۔ اور سب کام خاطر خواہ درست ہوں گے۔
۱۶	⁝	فال تو اچھی ہے۔ سفر کا ارادہ ہے۔ تو شمال کی طرف جاؤ فائدہ ہوگا۔ اگر مریض کی نسبت سوال ہے۔ تو اس کو مرض سردی کا ہے۔ اور بلغمی امراض ہیں دیر سے شفا پائے گا۔ سفید رنگ کی چیزیں صدقہ کر سب کام اچھے ہوں گے۔ آپ بازی یا قاصدی کا کام تیرے لئے مفید ہے۔ مال حاصل ہونے کیلئے اگر فال دیکھتا ہے۔ تو وقت پر مال ملے گا۔ مگر بہت جلد ختم ہو جائیگا۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہوگا۔ اگر وصال معشوق کی خواہش ہے۔ تو پوری ہوگی۔ اگر ذرا دیر سے اگر کوئی تمہارے پاس سے جانا چاہتا ہے۔ تو چلا جائے گا۔ "لا یعلم الغیب الا ھو"